March 2015 Rs.60/-

لوح حب تسخیر الثانی مثل لیلیٰ و مجنوں

جادو کا تعارف اور معانی

واپسی مال

حاضرات الروح

ھوالشافی

عملیات افضل

لکی نمبرز

از خود نویسی

خالد انسی ٹیوٹ آف اکلٹ سائنسز کے تحت بذریعہ ڈاک کورسز کو کتابی شکل میں شائع کرنے کا سلسلہ شروع کیا گیا ہے۔ اب تک عملیات' حاضرات اور انعامی نمبروں کے کورسز کو کتابی شکل دی جا چکی ہے۔ نجوم' اعداد' ٹیرٹ کارڈ اور دیگر علوم مخفی کے کتابی کورسز پر کام جاری ہے۔ مزید تفصیل کے لیے دیکھیں راہنمائے عملیات کا تازہ شمارہ۔

فہرست مضامین

سرپرست
خالد اسحاق راٹھور ایم اے ہسٹری

سینئر ایڈیٹر
عبدالباسط راٹھور

ایڈیٹر
عبدالحی راٹھور

قیمت
راہنمائے عملیات -/60 فی شمارہ
راہنمائے عملیات (12 شمارہ) -/700 زرسالانہ
راہنمائے عملیات (12 شمارہ) -/55 ڈالرز زرسالانہ (بیرون ملک)
خالد روحانی جنتری -/250
خالد ہندی جنتری -/250

جملہ حقوق

ویب سائٹ
علوم مخفی، علم اعداد، عملیات، لکی نمبرز اور دیگر
www.khalidrathore.com
کیلی گرافی اینڈ آرٹ ورک
www.easternartist.com

ای میل
kirathor@yahoo.com

فیس بک
Rehnuma-e-amliyat
Eastern Artist

دفتری اوقات کار
صبح 11:00 تا شام 06:00 تک
دوپہر 04:00 تا شام 06:00 تک
(خالد اسحاق راٹھور سے ملاقات)
تعطیل اتوار و دیگر حکومتی اعلانات کے مطابق

فون نمبرز
0300-8442060
0321-4753240
0300-4783518
042-36293245
042-36374864

ترسیل زر:
آن لائن بینک اکاؤنٹ
A/C # 05570017139203
Khalid Ishaq Rathore, Habib Bank Limited, Allama Iqbal Road, Lahore, Pakistan.

بیرون ملک
Western Union, Xpress money, Ria
Abdul Basit Rathore.
CNIC: 35202-1821876-9

منی آرڈر
خالد اسحاق راٹھور، راٹھور مینشن، مکان نمبر 2، گلی نمبر 11، محمد نگر، گڑھی شاہو لاہور، پاکستان۔

ایزی پیسہ
عبدالباسط راٹھور
Account# 034643876831
Phone# 03464387683
عبدالحی راٹھور
Account# 034643876823
Phone# 03464387682

ناشر۔ شائستہ خالد راٹھور
پرنٹر۔ الامین ٹریڈرز لاہور
جلد 18 شمارہ 1

قدیم کتب
قدیم کتب
خالد روحانی لائبریری
عملیات، جفر، اعداد، نجوم، ہندی، نجوم، سحر، بانڈ نمبر، نفس رمل، یوگا، جنتر منتر اور دیگر
موضوعات پر بہت سی پرانی و نایاب اُردو، فارسی، عربی اور انگریزی کتب دستیاب
ہیں۔ مکمل فہرست بمعہ کتب کی تفصیل ہماری ویب سائٹ پر موجود ہے۔
قرعہ رمل
دستیاب ہے
عطر و خوشبو
عملیاتی اور روحانی مقاصد کے لیے الکوحل و ایسی دیگر اشیاء
سے پاک درج ذیل عطر و خوشبویات دستیاب ہیں۔
عطر گلاب
عطر مشک
عطر عنبر
عطر مشک عنبر مکس
عطر چنبیلی
عطر صندل
عطر رات کی رانی
عطر موتیا
عطر خس
عطر صندل گل
عطر زعفران
عطر عود
www.khalidrathore.com
Far-zooq
شرف آثار
زائچہ جات
بچے کا نام، برج، ستارہ و صدقہ وغیرہ
خوش قسمتی کا پتھر
وقتی زائچہ
زحل مشتری اور آپ (پانچ سال)
23 اُموری رپورٹ
تقدیر پیدائشی زائچہ
سالانہ زائچہ
ماہنامہ
راہنمائے عملیات
لاہور
گھر بیٹھے ہر ماہ حاصل کریں
اگر آپ چاہتے ہیں کہ روحانی، عملیاتی، نجومی اور مذہبی معلومات پر مشتمل پاکستان
کا سب سے جامع اور بہترین ماہنامہ راہنمائے عملیات آپ کو ہر ماہ گھر
بیٹھے ملتا رہے تو 700 روپے بذریعہ منی آرڈر ارسال کر دیں یا دفتر میں آ کر یہ
رقم جمع کروا دیں۔ انشاء اللہ راہنمائے عملیات کے 12 پرچے آپ کو سال
بھر ملتے رہیں گے۔ آپ جس ماہ سے بھی خریداری شروع کریں گے آپ کا
سال اس ماہ سے ہی شروع ہو گا۔
کورسز
علم نجوم (بنیادی + پیدائشی احکام)
علم نجوم (ٹرانزٹ/حالات و واقعات)
علم نجوم سالانہ زائچہ
علم عملیات
علم حاضرات
علم اعداد
انعامی نمبرز
تازہ ترین معلومات کے لیے
دیکھیں ہماری ویب سائٹ
جواہرات
اصل پتھر موزوں قیمت پر دستیاب ہیں
لاجورد
مرجان
فیروزہ
مون سٹون
موئے نجف
اوپل
زمرد
یاقوت
سنیلا پکھراج
پکھراج
سنگ مریم
ایکوامرین
گاؤمیدک
پیری دوٹ
نیلم
لہسنیا
عقیق
ٹائیگر
گارنٹ
موتی
فونکس/جیڈ
زبرجد
دانہ فرہنگ
کوارڈز
ایمے تھسیٹ (کٹیلا)
سنگ ستارہ
تسبیحاں
تسبیح عقیق
تسبیح موئے نجف
انگوٹھیاں
لاجورد
یاقوت
زمرد
مرجان
نیلم
مون سٹون
موتی
سنیلا پکھراج
پکھراج
راہنمائے عملیات | ماہانہ | 60 روپے
خالد روحانی جنتری | سالانہ | 250 روپے
خالد ہندی جنتری | سالانہ | 250 روپے
Far-zoq | سہ ماہی | 50 روپے
جواب طلب امور کے لیے جوابی لفافہ جس پر
آپ کا پتہ صاف ستھرا تحریر ہو لازم ارسال کریں
مکمل اعتماد اور یقین کے ساتھ رابطہ کریں۔

محبانِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم

جناب حبیب رضی اللہ عنہ بن زید انصاری

ان صفحات کو ان محبانِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے مخصوص کیا گیا جن کی زندگی نبی اکرم ﷺ کی خدمت اور اسلام کی سربلندی کے لیے بسر ہوئی۔

جناب حبیب بن زیدؓ ایک ایسے خاندان کے چشم و چراغ تھے جس کے ایک ایک شخص سے ایمان کی خوشبو پھوٹتی تھی اور ان کی نشوونما ایک ایسے گھر میں ہوئی تھی جس کے ایک ایک فرد کی لوح جبین پر قربانی و فداکاری کی ان گنت داستانیں رقم تھیں۔ ان کے والد جناب زید بن عاصمؓ تھے جو یثرب میں مسلمانوں کے ہراول دستہ میں شامل تھے۔ وہ ان ستر سعادت مند لوگوں میں سے تھے جو لیلۃ العقبہ میں موجود تھے، جنہوں نے رسول اللہ ﷺ کے دست مبارک پر بیعت کی تھی۔ اس موقع پر ان کے ساتھ ان کی زوجہ محترمہ اور ان کے دونوں صاحب زادے بھی موجود تھے۔ ان کی والدہ تھیں ام عمارہ نسیبہ مازنیہؓ۔ وہ پہلی خاتون تھیں جنہوں نے اللہ کے دین کی حفاظت اور رسول اللہ ﷺ کے دفاع میں ہتھیار اُٹھایا تھا۔ ان کے بھائی تھے جناب عبداللہ بن زیدؓ جنہوں نے غزوہ احد کے موقع پر رسول اللہ ﷺ کی حفاظت میں اپنی جان کی بازی لگا دی تھی اور رسول اللہ ﷺ نے خوش ہو کر ان لوگوں کے متعلق فرمایا تھا ''تم گھر والوں پر اللہ اپنی برکت نازل فرمائے، تم گھر والوں پر اللہ اپنی رحمت نازل کرے''۔

اپنی کم سنی کے باعث جناب حبیبؓ بن زید معرکہ بدر میں شریک نہیں ہو سکے۔ اسی طرح وہ غزوہ احد میں شرکت کے شرف سے بھی محروم رہے کیونکہ اس موقع پر بھی ان کی عمر ہتھیار اٹھانے کی نہیں تھی۔ البتہ اس کے بعد سارے غزوات میں ان کو رسول اللہ ﷺ کی ہم رکابی کا شرف حاصل ہوتا رہا اور ان میں سے ہر ایک میں انہوں نے عزت و غلبہ، مجد و شرف اور فداکار و جاں سپاری کے لافانی نقوش اور ناقابل فراموش کارنامے انجام دیئے۔

لیکن یہ سارے کارنامے اپنی عظمت و دلکشی کے باوجود حقیقت میں اس عظیم الشان کارنامے کی زبردست تیاری کے مختلف مراحل تھے جس کا ذکر ہم آئندہ سطور میں کرنے والے ہیں، جو آپ کے ضمیر کو اس طرح جھنجھوڑ کر رکھ دے گا جس طرح وہ زمانہ نبوت ﷺ سے لے کر اب تک لاکھوں مسلمانوں کے ضمیر کو جھنجھوڑ چکا ہے اور جس کی کہانی مرور زمانہ کے باوجود آپ کو اسی طرح حیرت و استعجاب سے دوچار کر دے گی جس طرح ان کو کر چکی ہے۔ تو آیئے! ہم اس المناک کہانی کو اس کے آغاز سے سنتے ہیں۔

9 ہجری تک شجر السلام کا تنا کافی مضبوط و توانا ہو چکا تھا، اس کی شاخیں قوی ہو چکی تھیں اور اس کی جڑیں گہرائیوں میں اتر چکی تھیں۔ اس سال عرب کے اطراف و جوانب سے مختلف قبائل کے وفود کی آمد کا ایک لامتناہی سلسلہ شروع ہو چکا تھا۔ یہ وفود مدینہ منورہ میں پہنچ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوتے، ان کے سامنے اپنے قبول اسلام کا اعلان کرتے اور ان کے دست مبارک پر سمع و طاعت کی بیعت کرتے تھے۔ انہیں وفود میں بنی حنفیہ کا وہ وفد بھی تھا جو نجد کے بالائی حصے سے آیا تھا۔ اس وفد نے مدینۃ الرسول ﷺ کے کنارے پڑاؤ ڈالا اور مسیلمہ بن حبیب نامی ایک شخص کو سامان کی حفاظت کے لیے پیچھے چھوڑ کر دربار نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضری کے لیے روانہ ہو گیا۔ انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اپنی اور اپنے قبیلے کی طرف سے اسلام کا اعلان کیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بڑی گرم جوشی سے ان کا استقبال کیا، ان کی خاطر تواضع فرمائی اور پیچھے رہ جانے والے ساتھی سمیت اُن میں سے ہر ایک کے لیے عطیات کا حکم دیا۔

اس وفد کے واپس نجد پہنچنے کے ساتھ ہی مسیلمہ بن حبیب اسلام سے پھر گیا اور اس نے لوگوں کے مجمع میں کھڑے ہو کر اعلان کیا کہ اللہ تعالیٰ نے اس کو بنو حنیفہ کے لیے نبی بنا کر بھیجا ہے جیسا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم بن عبداللہ کو قریش کے لیے بھیجا ہے۔ اس اعلان کے ساتھ ہی بنو حنیفہ کے لوگ مختلف عوامل و داعیات کے تحت اس کے گرد جمع ہونے لگے۔ عوام میں زبردست عامل قبائل عصبیت کا جذبہ تھا۔ یہاں تک کہ اس کے سردار نے کہا ''میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) سچے اور مسیلمہ جھوٹا ہے لیکن مجھے بنو ربیعہ کا کذاب بنو مضر کے سچے سے زیادہ پسند ہے۔

جب مسیلمہ کے بازو مضبوط ہو گئے، اس کا معاملہ قوی ہو گیا اور اس کے متبعین کی تعداد کافی بڑھ گئی تو اس نے اپنے دو آدمیوں کے ہاتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک خط بھیجا جس میں اس نے لکھا تھا ''اللہ کے رسول مسیلمہ کی طرف سے۔ اللہ کے رسول محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو سلام علیک۔ اما بعد! نبوت کے اس منصب میں آپ کے ساتھ مجھے بھی شریک کیا گیا ہے۔ لیکن قریش زیادتی کرتے ہیں''۔

جب یہ خط رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پڑھ کر سنایا گیا تو آپ ﷺ نے ان دونوں قاصدوں سے پوچھا ''تم دونوں اس بارے میں کیا کہتے

ہو؟‘‘ ’’ہم بھی وہی کہتے ہیں جو اس خط میں لکھا ہوا ہے‘‘۔ ان دونوں نے جواب دیا۔ ’’اللہ کی قسم! اگر سفراء کا قتل جائز ہوتا تو میں دونوں کی گردنیں اڑا دیتا‘‘۔ آپ ﷺ نے فرمایا اور یہ خط لکھ کر انہی دونوں کے ہاتھ مسیلمہ کے یہاں بھیج دیا:۔

’’اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔ محمد رسول اللہ ﷺ کی طرف سے مسیلمہ کذاب کو۔ سلام اس پر جو ہدایت الٰہی کی پیروی کرے۔ امابعد! بلاشبہ زمین اللہ کی ہے۔ اسے جس کو چاہتا ہے، عطا فرماتا ہے اور آخرت کا بہترین انجام متقیوں کے لیے ہے‘‘(۱)۔

جب مسیلمہ کا شر حد سے تجاوز کرنے اور اس کا فساد ہر طرف پھیلنے لگا تو رسول اللہ ﷺ نے مناسب سمجھا کہ اس کی گمراہی پر زجر و توبیخ کرتے ہوئے اس کو ایک خط بھیجیں۔ چنانچہ اس خدمت کے لیے آپ ﷺ نے ہماری اس کہانی کے ہیرو جناب حبیب بن زید رضی اللہ عنہ کو طلب فرمایا جو اس وقت ایک خوبصورت اور بھرپور جوانی کے مالک اور سرتاپا ایمان کی ایک مکمل تصویر تھے۔ جناب حبیب بن زید رضی اللہ عنہ کسی سستی اور تاخیر کے بغیر رسول اکرم ﷺ کے حکم کی تعمیل کے لیے روانہ ہوگئے۔ وہ راستے کے نشیب و فراز کو طے کرتے ہوئے نجد کے بالائی حصے میں واقع بنوحنیفہ کے دیار میں پہنچے اور انہوں نے رسول اللہ ﷺ کا نامہ مبارک مسیلمہ کے حوالے کردیا۔

خط کے مندرجات سے آگاہ ہوتے ہی مسیلمہ کا سینہ نفرت اور کینہ سے پھول گیا اور اس کے زرد اور قبیح چہرے پر شرارت اور غداری کے آثار نمایاں ہوگئے۔ اس نے جناب حبیب بن زید رضی اللہ عنہ کے بارے میں حکم دیا کہ ان کو پابہ زنجیر کردیا جائے اور اگلے روز چاشت کے وقت میرے سامنے پیش کیا جائے۔

اگلے روز مسیلمہ نے اپنی مجلس منعقد کی، کرسی صدارت پر متمکن ہوا، دائیں بائیں اپنے متبعین کے سرغنوں کو بٹھایا اور عوام کو مجلس میں آنے کا حکم دیا۔ پھر اس نے جناب حبیب بن زید رضی اللہ عنہ کو پیش کرنے کا اشارہ کیا۔ چنانچہ وہ بوجھل بیڑیوں میں آہستہ آہستہ قدم اٹھاتے ہوئے اس کے سامنے پہنچے اور اس کینہ پرور مجمع میں اپنے لمبے قد، بلند سر اور اونچی ناک کے ساتھ اس طرح تن کر کھڑے ہوگئے جیسے کوئی مضبوط نیزہ زمین میں سیدھا گاڑ دیا گیا ہو۔

مسیلمہ نے ان کی طرف متوجہ ہوتے ہوئے کہا ’’کیا تم گواہی دیتے ہو کہ محمد (ﷺ) اللہ کے رسول ہیں؟‘‘۔ ’’ہاں‘‘ انہوں نے فوراً جواب دیا ’’میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں‘‘۔ یہ جواب سن کر وہ غصے سے پھٹ پڑا۔ اس نے پھر پوچھا ’’اور کیا تم یہ بھی گواہی دیتے ہو کہ میں اللہ کا رسول ہوں؟‘‘۔ ’’میرے کان تمہاری یہ بات سننے کے لیے بہرے ہیں‘‘۔ انہوں نے تمسخر آمیز لہجے میں کہا۔ یہ سن کر مسیلمہ کے چہرے کا رنگ بدل گیا۔ غصے میں اس کے ہونٹ کانپنے لگے اور اس نے اپنے جلاد کو حکم دیا کہ اس کے بدن کا ایک عضو کاٹ دو۔

جلاد نے تلوار کا ایک بھرپور وار کیا اور ان کے جسم کا ایک حصہ کٹ کر زمین پر تڑپنے لگا۔ اس نے پھر وہی سوال دوہرایا۔ ’’کیا تم گواہی دیتے ہو کہ محمد (ﷺ) اللہ کے رسول ہیں؟‘‘ ’’ہاں، میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں‘‘۔ انہوں نے پھر وہی جواب دیا۔ ’’اور تم یہ بھی گواہی دیتے ہو کہ میں اللہ کا رسول ہوں؟‘‘ اس نے دوبارہ وہی سوال کیا۔ ’’میں کہہ چکا ہوں کہ میرے کان تمہاری یہ بات سننے سے معذور ہیں‘‘۔ انہوں نے جواب دیا۔

اس نے جلاد کو ان کے جسم کا ایک اور عضو کاٹنے کا حکم دیا، جو کاٹ دیا گیا اور لڑھکتا ہوا پہلے عضو کے پاس جا کر ٹھہر گیا۔ لوگ پوری عرصے میں نگاہیں اٹھائے بڑی حیرت و استعجاب کے ساتھ ان کی ثابت قدمی اور ضد کو دیکھتے رہے۔

مسیلمہ سوال کرتا رہا، جلاد ایک ایک عضو کاٹتا رہا اور جناب حبیب بن زیدؓ کہتے رہے ’’میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں‘‘۔ یہاں تک کہ ان کا آدھا جسم کٹے ہوئے ٹکڑوں کی شکل میں زمین پر بکھر گیا اور آدھا گوشت کے لوتھڑے کی صورت میں بولتا رہا۔ پھر ان کی روح قفس عنصری سے پرواز کرگئی۔ اس وقت ان کے پاکیزہ ہونٹوں پر انہی رسول پاک ﷺ کا نام تھا۔ محمد رسول اللہ ﷺ کا نام جن کے دست مبارک پر انہوں نے عقبہ کی رات میں بیعت کی تھی۔

جب ان کی ماں، نسیبہ مازنیہؓ کو ان کی شہادت کی خبر دی گئی تو انہوں نے صرف اتنا کہا ’’میں نے ایسے ہی مواقع کے لیے اس کو تیار کیا تھا۔ اور اس کے بدلہ میں اللہ سے بہترین اجر کی توقع کی تھی۔ اس نے بچپن میں رسول اللہ ﷺ سے عقبہ کی بیعت کی اور جوان ہو کر ان سے وفاداری کا حق ادا کردیا۔ اگر اللہ نے مجھے مسیلمہ پر قابو بخشا تو میں اس کی لڑکیوں کو اس پر نوحہ کرنے کے لیے مجبور کردوں گی‘‘۔ اور نسیبہؓ کو جس دن کی تمنا تھی، اس کے آنے میں زیادہ دن نہیں لگے۔

ایک روز خلیفہ رسول اللہؐ جناب ابوبکر صدیقؓ کا یہ اعلان ان کے منادی کی زبان مدینہ منورہ کے تمام گلی کوچوں میں سنائی دے رہا تھا۔ ’’جھوٹے مدعی نبوت مسیلمہ کذاب..... سے جنگ کے لیے چلو‘‘۔

اور مسلمان تیزی سے قدم اٹھاتے ہوئے اس سے مقابلے کے لیے روانہ ہوگئے۔ اس فوج میں نسیبہ مازنیہؓ اور ان کے صاحب زادے جناب عبداللہ بن زیدؓ بھی شامل تھے۔ جنگ کے دوران میں یہ دیکھا گیا کہ نسیبہؓ ایک بھری ہوئی شیرنی کی طرح دشمن کی صفوں کو چیرتی ہوئی پکارتی پھر رہی تھیں ’’کہاں ہے اللہ کا دشمن..... بتاؤ مجھے، کہاں ہے وہ اللہ کا دشمن؟‘‘ اور جب اس کے پاس پہنچیں تو دیکھا کہ وہ زمین پر گرا ہوا ہے اور مسلمانوں کی پیاسی تلواریں اس کے خون سے سیراب ہو رہی ہیں۔ یہ دیکھ کر ان کا جی خوش ہوگیا اور ان کی آنکھیں ٹھنڈی ہوگئیں۔ اور کیوں نہ ہوتیں! کیا اللہ تعالیٰ نے ان کے نیک اور متقی فرزند کا انتقام ان کے ظالم اور بدبخت قاتل سے نہیں لے لیا؟ کیوں نہیں، یقیناً اللہ تعالیٰ نے ان کا انتقام لے لیا اور وہ دونوں فریق اپنے رب کی طرف گئے۔ مگر ایک فریق جنت میں ہے اور دوسرا جہنم میں۔

حوالہ جات: سیرت النبی ﷺ/امام ابن کثیر۲:۵۵۹،۵۶۰۔

از: عبدالباسط راٹھور

دنیا ستاروں کی روشنی میں

ملکی اور بین الاقوامی حالات ■ سٹاک مارکیٹ کا جائزہ

پاکستان

اس ماہ میں لوگوں کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ ملک میں صحت کے مسائل پر قابو پانے کے لیے ضروری طبی وسائل کی فراہمی اور بہتر انتظامات پر کام کیا جائے گا۔ اشیاء خوردونوش کی قیمتوں میں بھی کمی کی کوششیں بھی ہوں گی۔ مگر غریب عوام کو کوئی خاص فائدہ ملتا نظر نہیں آتا۔

ماہ مارچ میں حکومت اور حکومتی اعلیٰ افسران وعہدیداروں پر انگلیاں اٹھتی نظر آ رہی ہیں۔ نیز اپوزیشن جماعتوں کے ساتھ بھی معاملات کافی بگڑتے اور خراب ہوتے ہوئے دکھائی دے رہے ہیں۔ اسمبلیوں میں ہنگامہ آرائی بڑھے گی۔ اس عرصے میں اہم شخصیات کے سکینڈل اٹھتے اور راز افشاں ہوتے دکھائی دیتے ہیں۔

دوسرے ممالک کے ساتھ تعلقات پر خاصی توجہ دی جائے گی۔ مگر کسی کے ساتھ فی الوقت کوئی بڑا معاہدہ طے پاتا نظر نہیں آتا۔ نیز امریکہ کی طرف سے بھی جن باتوں کی یقین دہانی کروائی گئی تھی اور جو وعدے کیے گئے تھے وہ انہیں اس طرح پورے نہ کریں گے۔ یا اس میں طوالت کا عنصر شامل ہو جائے۔ انڈیا کے ساتھ بھی اس ماہ کے پہلے دو عشروں میں تعلقات قدرے ناساز گار رہیں گے۔ البتہ آخری عشرے میں تعلقات میں قدرے بہتری پر توجہ دی جائے گی۔ دوست ممالک کے ساتھ اس ماہ تعلقات میں مزید بہتری آئے گی۔ نیز اہم اور نئے معاہدے طے پائیں گے۔

دہشتگردی اور جرائم کے واقعات ایک دفعہ پھر بڑھتے ہوئے دکھائی دے رہے ہیں۔ فوجی عدالتیں زیادہ متحرک ہوں گی۔ نیز فوجی کارروائیوں میں بھی تیزی آئے گی۔

نواز شریف صاحب کے لیے یہ وقت محتاط رہنے کی طرف اشارہ کر رہا ہے۔ ان کے اوپر اٹھنے والی انگلیوں میں اضافہ ہوگا۔ نیز انہیں چاہیے کہ مشاورت سے فیصلہ کرنے کی بجائے خود فیصلہ لیں ورنہ مشاورت سے لیے گئے فیصلوں میں کچھ عرصے بعد تبدیلی یا ردوبدل کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

آصف علی زرداری صاحب سیاسی میدان میں کوئی خاص ہلچل مچاتے نظر نہیں آ رہے۔ ان کی پارٹی کی ساخت مزید کمزور ہوتی ہوئی معلوم ہوتی ہے۔

عمران خان صاحب کے لیے ماہ کی 12 تاریخ تک کا وقت کافی بہتر ہے اور قدرے مثبت انداز میں معاملات طے کرنے کی کوشش کریں گے۔ 13 تاریخ سے شروع ہونے والا وقت قدرے اتنا اچھا تو نہیں البتہ اس عرصے میں وہ اپنی باتوں کو منوانے کے لیے منفی طریقہ کار بھی اختیار کر سکتے ہیں۔ نیز 13 تاریخ سے شروع ہونے والا وقت ان کو قانونی کاروائیوں کے گھیرے میں بھی داخل کرتا نظر آ رہا ہے۔

زائچہ پاکستان

سٹاک مارکیٹ

یکم تا 18 تاریخ کے عرصے میں مجموعی طور پر اونچ نیچ کے ساتھ مندی آئے گی۔ خصوصاً ماہ کے دوسرے عشرے میں مندی کا رجحان تو رہے واضح رہے گا۔

آئل اینڈ گیس سیکٹر:

پہلا عشرہ قدرے بہتری کو ظاہر کر رہا ہے۔ آخری دو عشروں میں اونچ نیچ کے ساتھ مندی کا رجحان رہے گا۔

مالیاتی ادارے:

پہلے عشرے میں قدرے ملے جلے رجحان کے ساتھ تھوڑی مندی دیکھنے کو ملے گی۔ البتہ دوسرا عشرہ مندی کو ظاہر کر رہا ہے۔ آخری عشرے میں ملے جلے رجحان کے ساتھ قدرے بہتری آئے گی۔

سیمنٹ سیکٹر:

سیمنٹ سیکٹر میں مجموعی طور پر ملا جلا رجحان رہے گا۔ البتہ 12 تا 20 تاریخ کا عرصہ بہتری کو ظاہر کر رہا ہے۔

ٹیلی کام سیکٹر:

مارچ کے پہلے عشرے میں قدرے تیزی دیکھنے کو ملے گی۔ 18 تا 31 مارچ کا عرصہ مندی کو ظاہر کر رہا ہے۔

انرجی سیکٹر:

انرجی سیکٹر میں ماہ مارچ کے آخری عشرے میں قدرے تیزی کا رجحان دیکھنے کو ملے گا۔

بین الاقوامی حالات

امریکہ:

امریکہ کی دوسرے ممالک میں مداخلت اور جنگی کاروائیوں میں اضافہ ہوگا۔ فصلوں کی پیداوار متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ قدرتی آفات کی وجہ سے نقصانات ہوں گے۔ 15 تاریخ سے شروع ہونے والا وقت معاشی لحاظ سے تھوڑا کمزور دکھائی دے رہا ہے۔ سٹاک مارکیٹ میں بھی مندی کا رجحان بڑھے گا۔ بے روزگاری کی شرح میں اضافہ ہوگا۔ عوام حکومت سے غیر مطمئن نظر آئے گی اور حکومت کے خلاف بڑھتے ہوئے نظریات میں اضافہ ہوگا۔

برطانیہ:

برطانیہ کی سٹاک مارکیٹوں میں اونچ نیچ کا رجحان رہے گا۔ ایک دم تیزی اور مندی دیکھنے کو ملے گی۔ قانون ساز ادارے کافی متحرک نظر آئیں گے اور بہتر طریقے سے کام کیا جائے گا۔ دوست ممالک کے علاوہ دوسرے ممالک کے ساتھ تجارتی سرگرمیاں قدرے سست روی کا شکار رہیں گی۔ ہتھیار اور جدید اسلحہ کی دوڑ میں جلد ہی کوئی اہم کامیابی ملتی نظر آ رہی ہے۔ ملک میں صحت کے مسائل بڑھتے ہوئے نظر آ رہے ہیں۔

چین:

چین کا جاری وقت معاشی لحاظ سے کچھ زیادہ بہتر نہیں خصوصاً 15 مارچ کے بعد والا عرصہ مجموعی طور پر مندی کے رجحان کو ظاہر کر رہا ہے۔ بعض ممالک کے ساتھ تنازعات دوبارہ شدت اختیار کر سکتے ہیں۔ فصلوں کی بہتر پیداوار کے حوالے سے کام کیا جائے گا۔ دوست ممالک کے ساتھ تجارتی تعلقات بہتر بنائے جائیں گے۔ ملک میں مذہبی انتہا پسندی کے واقعات میں اضافہ ہوگا۔

انڈیا:

حکومت کے لیے اچھا وقت نہیں۔ ملک میں جرائم وفسادات کے واقعات میں اضافہ ہوگا نیز مذہب کے نام پر بھی لڑائی جھگڑے بڑھیں گے۔ لوگوں کا حکومت کے متعلق رویہ تبدیل ہوتا دکھائی دے گا۔ عورتوں کے حقوق کا خیال نہ رکھا جائے گا اور ان کے ساتھ تشدد اور جنسی بے راہ روی کے واقعات میں بھی اضافہ دیکھنے کو ملے گا۔ معدنی ذخائر کی تلاش اور آمدن کے حوالے سے خاصا کام کیا جائے گا۔

تحریر: عبدالباسط راٹھور

نظرات کواکب پر مضامین کا ایک نیا سلسلہ

ملازمت میں خلل ڈالنا

عطارد مقابلہ مشتری

اختتام نظر	تکمیل نظر	ابتداء نظر	
02-03-15	02-03-15	01-03-15	تاریخ
20:27	02:16	07:45	وقت

اگر آپ کے ساتھ کام کرنے والا کوئی شخص آپ کو تنگ کرتا ہو اور آپ کے لیے نوکری کرنا مشکل بن گیا ہو۔ آپ کے معاملات میں کوئی ٹانگ اڑاتا ہو یا آپ کو نیچا دکھانے کی کوشش کرتا ہو تو اس کے لیے درج ذیل عمل پیش کیا جا رہا ہے۔ اس عمل سے آپ کا دشمن اپنے مسائل میں اس طرح گرفتار ہوگا کہ اس کا ذہنی سکون چھن جائے گا اور آپ کو پریشان کرنے کا وقت بھی نہ ملے گا۔

یہ عمل ان لوگوں کے لیے بھی کیا جا سکتا ہے جن کے ساتھ کام کرنے والے اپنے افسران کی چاپلوسی اور خوشامد کرکے آپ کا حق مار کر آگے آنے کی کوشش کر رہے ہوں۔

الاسماء الحسنیٰ = یا اللہ یا موخر یا خافض

اعداد: 2393

خاکی چال

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

خاکی نقش

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا اللہ یا موخر یا خافض

۵۹۰	۶۰۴	۶۰۱	۵۹۸
۶۰۲	۵۹۷	۵۹۱	۶۰۳
۵۹۶	۵۹۹	۶۰۶	۵۹۲
۶۰۵	۵۹۳	۵۹۵	۶۰۰

یا اللہ یا موخر یا خافض

دو عدد نقش خاکی چال سے تیار کریں۔ ایک نقش کو مٹی کھود کر دفن کر دیں اور دوسرے نقش کو فریج کے کمپریسر کے ساتھ لگا دیں۔ جہاں سے اسے حرارت ملتی رہے۔ نیز نیچے دی گئی تکسیر کے فلیتے بنا کر آگ سے جلائیں۔

تکسیر:

یا اللہ یاموخر یا خافض

ال ل ہ م وخ رخ اف ض

اض ل ف ل اہ خ م روخ

اخ ض ول رف م ل خ اہ

اہ خ اض خ ول ل م رف

اف ہ رخ م ال ض ل خ و

اوف خ ہ ل رض خ ل م ا

اادم ف ل خ خ ہ ض ل ر
ارال وض م ہ ف خ ل خ
اخ رل اخ ل ف وہ ض م
ام خ ض رہ ل واف خ ل
ال م خ خ ف ض اروہ ل
ال ل ہ م وخ رخ اف ض

نوٹ:

نقش لکھنے کے بعد اس پر 4400 دفعہ اسماء عمل پڑھیں اور اس سارے عمل کے دوران ''بغض اگر بتی'' سلگائیں۔ جو آپ کو ادارے سے با آسانی مل جائے گی۔

بچوں کی حفاظت و نظر بد سے بچاؤ

شمس تثلیث زحل

	ابتداء نظر	تکمیل نظر	اختتام نظر
تاریخ	25-03-15	26-03-15	27-03-15
وقت	00:39	00:25	00:11

جہاں چھوٹے بچے اکثر جلد نظر بد کا شکار ہو جاتے ہیں۔ وہاں بعض اوقات آپ کے کسی دشمن کی خطرناک چالوں کا بھی شکار ہو جاتے ہیں۔ بچوں پر جادو وغیرہ کے اثرات بہت جلد اثر کرتے ہیں۔ اسی لیے بعض لوگ اپنے دشمنوں کے بچوں پر کالے علم کے ذریعے وار کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ جس کی وجہ سے بچے اکثر بیمار، جلد تھکاوٹ کا شکار، پڑھائی میں دل نہ لگنا اور چڑچڑا پن جیسے امراض کا شکار ہو جاتے ہیں۔ لہٰذا بچوں کی حفاظت کے لیے ایک آسان اور نادر عمل پیش کیا جا رہا ہے۔

روز 99 مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر شہد پر پھونک کر بچوں کو کھلائیں۔ نیز اگر جیب اجازت دے تو اوپر دیئے گئے اوقات میں سورۃ فاتحہ کی لوح زعفران سے تیار کر کے بچے کو پہنا دیں۔ اور شیرینی پکا کر گھر کے باہر بچوں کو بانٹ دیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۲۳۶۵	۲۳۶۸	۲۳۷۱	۲۳۵۷
۲۳۷۰	۲۳۵۸	۲۳۶۴	۲۳۶۹
۲۳۵۹	۲۳۷۵	۲۳۶۶	۲۳۶۳
۲۳۶۷	۲۳۶۲	۲۳۶۰	۲۳۷۲

اس کے ساتھ وہ بچے یا بڑے جو جلد کسی کی نظر کا شکار ہو جاتے ہوں انہیں لہسنیا کیا پتھر انگوٹھی یا لاکٹ کی صورت میں پہننا چاہیے۔

دوبارہ ترقی کا حصول

مریخ تثلیث مشتری

	ابتداء نظر	تکمیل نظر	اختتام نظر
تاریخ	09-03-15	10-03-15	11-03-15
وقت	06:46	11:05	15:31

اکثر دیکھنے میں آیا ہے کہ بعض لوگ جب بلندی سے نیچے کی طرف گرتے ہیں تو بڑے دکھ و درد کا شکار ہوتے ہیں۔ حسکہ اللہ تعالیٰ سے گلہ کرتے دکھائی دیتے ہیں اور بجائے اس کے کہ اللہ نے انہیں آزمائش میں ڈالا ہے تو انہیں مزید اس کی عبادت کرنی چاہیے۔ وہ اللہ تعالیٰ سے اور دوری اختیار کر لیتے ہیں۔ جبکہ بحیثیت مسلمان اسے صبر و شکر کا دامن تھامے رکھنا چاہیے۔ اور اللہ پر مکمل توکل رکھتے ہوئے اپنے ایمان کو کمزور نہیں ہونے دینا چاہیے۔ اس دفعہ ایسے لوگوں کے لیے ایک عمل پیش کیا جا رہا ہے۔ جو ترقی اور اونچائی پر پہنچنے کے بعد نیچے گرے ہوں۔ اور دوبارہ بلندی اور مرتبے کے حصول کے لیے کوشاں ہوں تو یہ عمل کریں۔ مگر اس کے لیے صبر و شکر کا دامن پکڑے رکھنا شرط ہے۔

آیت عمل:

ثم بعثنا کم من بعد موتکم لعلکم تشکرون (سورۃ البقرہ 56)

اعداد: 3061

خاکی چال

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

خاکی نقش

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ثم بعثنا کم من بعد موتکم لعلکم تشکرون

۷۶۵	۷۶۸	۷۷۱	۷۵۷

۷۶۹	۷۶۴	۷۵۸	۷۷۰
۷۶۳	۷۶۶	۷۷۳	۷۵۹
۷۷۲	۷۶۰	۷۶۲	۷۶۷

ثم بعثنا کم من بعد موتکم لعلکم تشکرون

مندرجہ بالا آیت کا نقش اوپر دیئے گئے اوقات میں زعفران سے تیار کر کے پہن لیں اور اگر ہو سکے تو زعفران کے ساتھ مشک بھی ڈال لیں۔ جس دن نقش تیار کریں۔ اس دن آیت عمل کا 2200 دفعہ ورد کریں اور اس سارے عمل کے دوران عمل سعد کے لیے ادارے کی خصوصی تیار کردہ اگربتی سلگائیں جو خاص انہی مقاصد کے لیے تیار کی گئی ہے۔

اگلے دن لوح کو پہلی دفعہ استعمال کریں اور روز ایک وقت مقررہ پر 1100 دفعہ آیت عمل کا ورد کریں۔ یہ عمل 40 دن کرنا ہے اور اس دوران کسی بھی قسم کا کوئی دوسرا عمل پڑھائی یا چلہ نہ کریں۔ پڑھائی کے وقت روز اگربتی سلگائیں۔ پڑھائی کے لیے غروب آفتاب سے پہلے کا کوئی وقت منتخب کریں۔ اگر طلوع آفتاب کا وقت مقرر کریں گے تو زیادہ جلدی اور بہتر نتائج آئیں گے۔

صدقہ:

جس دن لوح کو پہلی دفعہ استعمال کریں اس دن حسب توفیق گوشت کا سالن پکا کر غریب بچوں کو کھلائیں یا مدرسے کے بچوں کو دے دیں۔

پرہیز:

عمل کے پہلے گیارہ دن آپ نے کسی بھی قسم کا گوشت اور تیز مرچوں والا کھانا ہرگز نہیں کھانا۔ گیارہ دن کے بعد گوشت کھا سکتے ہیں۔ مگر تھوڑی مقدار میں۔

گمشدہ چیز کی تلاش

زہرہ تثلیث پلوٹو

اختتام نظر	تکمیل نظر	ابتداء نظر	
31-03-15	30-03-15	29-03-15	تاریخ
09:04	12:44	16:25	وقت

اگر کسی کی کوئی چیز گم ہوگئی ہو اور بہت ڈھونڈنے کے باوجود بھی مل نہ رہی ہو تو درج ذیل عمل کریں۔ نیز اگر کبھی گمشدہ انسان کے بارے میں بھی خبر لینی ہو تو درج ذیل عمل کریں۔

آیت عمل:

رب اشرح لی صدری ویسرا مری (سورۃ طٰہٰ 26-25)

اعداد: 1582

خاکی چال

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

خاکی نقش

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

رب اشرح لی صدری ویسرا مری

۳۸۸	۴۰۱	۳۹۸	۳۹۵
۳۹۹	۳۹۴	۳۸۹	۴۰۰
۳۹۳	۳۹۶	۴۰۳	۳۹۰
۴۰۲	۳۹۱	۳۹۲	۳۹۷

رب اشرح لی صدری ویسرا مری

عمل کے لیے ایک الگ کمرے کا انتخاب کریں۔ اوپر دیا گیا نقش زعفران سے تیار کر کے اپنے تکیے میں رکھ لیں۔ اور کمرے میں مختلف جگہوں پر مشک اور صندل کی اگربتی سلگائیں۔ رات کو عشاء کی نماز کے بعد دو رکعت نفل قضائے حاجت ادا کر کے سو جائیں اور اس دوران آپ کی زبان پر صرف آیت عمل کے کلمات ہونے چاہیے۔

صدقہ:

حسب توفیق شکر لے کر گھنے درختوں کی جڑوں میں ڈال دیں۔ اور کم از کم پانچ لیٹر دودھ لے کر کسی ضرورت مند کو دے دیں۔

اس مضمون کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ نقوش وعملیات تیار کرنے والے عامل یا عام لوگ جن کو نجوم وعملیات کی معمولی سمجھ ہے یا بالکل نہیں ہے اس مضمون کی مدد سے صرف ایسے وقت میں نقش یا اعمال تیار کریں جو موثر ثابت ہوں اوران کا وقت، رقم اور محنت ضائع نہ ہو۔ بہت سے لوگ بلا علم ہر نظر کی سعادت ونحوست پر اعمال تحریر کردیتے ہیں جو کہ فائدہ مند ثابت نہیں ہوتے۔ سو راھنمائے عملیات کے قارئین کی خصوصی راھنمائی کے لیے ہر ماہ یہ مضمون تحریر کیا جاتا ہے۔ تاکہ کوئی بھی کواکبی نظر ہو آپ اس مضمون سے زیادہ سے زیادہ بہتر اور قوت اور طریق سے عمل تیار کرسکیں۔ اللہ آپ کو کامیابی عطا فرمائے۔

کواکبی نظر	ابتداء نظر	تکمیل نظر	اختتام نظر	احکام نظر......یعنی نقش، تعویذ وعمل تیار کریں یا نہ؟
عطارد مقابلہ مشتری	01-03-15 07:45	02-03-15 02:16	02-03-15 20:27	نظر گو نحس ہے اور اعمال نحس کے لیے مجرب خیال کی جاتی ہے۔ لیکن جاری زائچہ کے مطابق اعمال نحس میں کامیابی کا تناسب 60 فی صد سے زیادہ نہ ہوگا۔
زہرہ تثلیث مشتری	04-03-15 02:07	04-03-15 20:15	05-03-15 14:25	بلحاظ نظر سعد وقت ہے۔ تاہم اعمال سعد میں محنت اور خرچ کے علاوہ کچھ حاصل نہ ہوگا۔ وقتی لحاظ سے کمزور اور بے فائدہ عمل ثابت ہوگا۔
مریخ تثلیث مشتری	09-03-15 06:46	10-03-15 11:05	11-03-15 15:31	یہ نظر سعد اعمال ونقوش اور الواح کے لیے موثر خیال کی جاتی ہے۔ اس وقت تیار کردہ اعمال 40 فی صد تک کام کریں گے۔
عطارد تربیع زحل	15-03-15 23:12	16-03-15 14:41	17-03-15 06:02	نحس اعمال کا اثر مکمل طور پر واقع نہ ہوگا۔ تاہم 40 تا 50 فی صد تک ناقص اُمور کے اعمال کامیاب رہیں گے۔
شمس تثلیث زحل	25-03-15 00:39	26-03-15 00:25	27-03-15 00:11	نحس نظر ہے اور اس وقت تیار کردہ اعمال نحس ونقوش نحس 65/60 فی صد سے زیادہ نتائج نہ لائیں گے۔ اثرات وقتی ہوں گے۔
زہرہ تربیع مشتری	27-03-15 11:42	28-03-15 07:11	29-03-15 02:44	سعد اعمال کے لیے بظاہر اچھا وقت ہے تاہم حقیقت میں ایسا نہیں۔ کوئی بھی مثبت سعد عمل اس وقت نہ کریں۔

خالد روحانی جنتری...... مارچ 2015 / جمادی الاول 1436 / چیت 2071

ماہانہ تقویم							لاہور		کراچی		پشاور		کوئٹہ		راولپنڈی		ملتان	
دن	مارچ	جمادی الاول	پھاگن	حوت	[illegible]	[illegible]	طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب
اتوار	1	10	18	11	ن	6	06:30	18:01	06:55	18:33	06:43	18:10	06:59	18:31	06:37	18:04	06:42	18:13
پیر	2	11	19	12	ن	7	06:29	18:01	06:54	18:34	06:42	18:11	06:58	18:32	06:36	18:05	06:41	18:14
منگل	3	12	20	13	س	8	06:28	18:02	06:54	18:35	06:40	18:12	06:56	18:32	06:35	18:06	06:40	18:15
بدھ	4	13	21	14	ن	9	06:27	18:03	06:53	18:35	06:39	18:12	06:55	18:33	06:33	18:07	06:38	18:15
جمعرات	5	14	22	15	س	1	06:25	18:04	06:52	18:36	06:38	18:13	06:54	18:34	06:32	18:07	06:37	18:16
جمعہ	6	15	23	16	س	2	06:24	18:04	06:51	18:36	06:37	18:14	06:53	18:35	06:31	18:08	06:36	18:17
ہفتہ	7	16	24	17	ن	3	06:23	18:05	06:50	18:37	06:35	18:15	06:52	18:35	06:30	18:09	06:35	18:18
اتوار	8	17	25	18	م	4	06:22	18:06	06:49	18:37	06:34	18:16	06:51	18:36	06:28	18:10	06:34	18:18
پیر	9	18	26	19	س	5	06:21	18:06	06:48	18:38	06:33	18:17	06:50	18:37	06:27	18:11	06:33	18:19
منگل	10	19	27	20	س	6	06:19	18:07	06:47	18:38	06:31	18:17	06:48	18:37	06:26	18:11	06:32	18:20
بدھ	11	20	28	21	م	7	06:18	18:08	06:46	18:39	06:30	18:18	06:47	18:38	06:24	18:12	06:30	18:20
جمعرات	12	21	29	22	ن	8	06:17	18:09	06:45	18:39	06:29	18:19	06:46	18:38	06:23	18:13	06:29	18:21
جمعہ	13	22	30	23	س	9	06:16	18:09	06:44	18:40	06:27	18:20	06:45	18:39	06:22	18:14	06:28	18:21
ہفتہ	14	23	چیت	24	س	1	06:14	18:10	06:42	18:40	06:26	18:21	06:44	18:40	06:21	18:14	06:27	18:22
اتوار	15	24	2	25	ن	2	06:13	18:11	06:41	18:41	06:25	18:21	06:43	18:40	06:19	18:15	06:26	18:23
پیر	16	25	3	26	ن	3	06:12	18:11	06:40	18:41	06:23	18:22	06:41	18:41	06:18	18:16	06:24	18:23
منگل	17	26	4	27	س	4	06:11	18:12	06:39	18:42	06:22	18:23	06:40	18:42	06:17	18:17	06:23	18:24
بدھ	18	27	5	28	س	5	06:09	18:13	06:38	18:42	06:21	18:24	06:39	18:42	06:15	18:17	06:22	18;25
جمعرات	19	28	6	29	ن	6	06:08	18:13	06:37	18:43	06:19	18:24	06:38	18:43	06:14	18:18	06:21	18:25
جمعہ	20	29	7	30	س	7	06:07	18:14	06:36	18:43	06:18	18:25	06:36	18:44	06:13	18:19	06:20	18:26
ہفتہ	21	30	8	حمل	س	8	06:06	18:15	06:35	18:43	06:17	18:26	06:35	18:44	06:11	18:20	06:18	18:27
اتوار	22	جمادی الثانی	9	2	ن	9	06:04	18:15	06:34	18:44	06:15	18:27	06:34	18:45	06:10	18:20	06:17	18:27
پیر	23	2	10	3	س	1	06:03	18:16	06:33	18:44	06:14	18:28	06:33	18:45	06:09	18:21	06:16	18:28
منگل	24	3	11	4	ن	2	06:02	18:17	06:32	18:45	06:12	18:28	06:32	18:46	06:07	18:22	06:15	18:28
بدھ	25	4	12	5	س	3	06;01	18:17	06:31	18:45	06:11	18:29	06:30	18:47	06:06	18:23	06:14	18:29
جمعرات	26	5	13	6	ن	4	05:59	18:18	06:30	18:46	06:10	18:30	06:29	18:47	06:05	18:23	06:12	18:30
جمعہ	27	6	14	7	س	5	05:58	18:19	06:29	18:46	06:08	18:31	06:28	18:48	06;03	18:24	06:11	18:30
ہفتہ	28	7	15	8	س	6	05:57	18:19	06:28	18:47	06:07	18:31	06:27	18:49	06:02	18:25	06:10	18:31
اتوار	29	8	16	9	س	7	05:55	18:20	06:27	18:47	06:06	18:32	06:25	18:49	06:01	18:26	06:09	18:31
پیر	30	9	17	10	س	8	05:54	18:21	06:25	18:48	06:04	18:33	06:24	18:50	05:59	18:26	06:07	18:32
منگل	31	10	18	11	س	9	05:53	18:21	06:24	18:48	06:03	18:34	06:23	18:50	05:58	18:27	06:06	18:33

محبت اور کشش کے لیے

وہ جو محسوس کرتے ہیں کہ جنس مخالف اِن میں دلچسپی نہیں لیتی یا توجہ کی کمی ہے یا اِن میں کشش یا دل کشی کے حوالے سے کمی پائی جاتی ہے تو اس مسئلہ کے حل کے لیے مون سٹون کا استعمال کریں۔ مرد ہو یا عورت مون سٹون خاص قسم کی کشش اور جذبی کیفیت پیدا کرتا ہے۔ تین مون سٹون لاکٹ یا انگوٹھی میں جڑوا لیں تو زیادہ بہتر ہے۔ ایک بھی ٹھیک ہے۔ اصل جواہرات ادارے سے طلب کر سکتے ہیں۔

تحریر: فضل محمود نقاش، ترنڈہ محمد پناہ

عمل کسوف الشمس درزمانہ اعتدال ربیع

پیارے قارئین کرام آپ کی خدمت میں عمل حب وبندش بحالت کسوف الشمس درزمانہ اعتدال ربیع پیش کر رہا ہوں۔ زمانہ قدیم میں یونان اور ایران کے لوگ عالم ارضی کی تقویم برج حمل کے ۰۰ درجہ ۰۰ دقیقہ سے شروع کرتے تھے۔ چنانچہ جب سورج دائرہ بروج میں حرکت کرتا ہوا برج حمل کے ۰۰ ثانیہ ۰۰ دقیقہ ۰۰ درجہ پہنچتا ہے تو مجوس قوم اس وقت کو بڑا متبرک مانتے ہیں۔ ایرانی مجوس ۵۵۹ یا ۵۰۰ سال قبل مسیح سے باقائدہ اس متبرک دن کی شان میں اور حصول برکت کے لیے اور خوشی میں ایک جشن مناتے ہیں۔ جسے وہ جشن نوروز کہتے ہیں۔ جو برج حمل کی پہلی منزل شرطین کے یام شمسی کے مطابق ۱۳ روز تک جشن مناتے ہیں۔ ویسے آج کل ایران کا ایک قومی تہوار بن گیا ہے۔ اس میں ایران کے مسلمان موسم بہار کی آمد کی خوشی میں اسی جشن نوروز میں شریک ہوتے ہیں۔ اور خوش ہوتے ہیں کہ موسم بہار آیا ہے۔

کسوف الشمس اور شمس درحمل میں عملیات محبت

پیارے قارئین کرام تحویل شمس در برج حمل کے اوقات یونان تا ہندوستان مختلف ہوتے ہیں۔ جو بلحاظ طول بلد اور عرض بلد اختلاف ہوتا ہے۔ اس اختلاف کو ہر ملک کے منجم حضرات اپنی اپنی جنتریوں میں درج کرتے ہیں۔ پاکستان کا قومی معیاری وقت پنجاب کے ضلع نارووال کی تحصیل شکر گڑھ کے قریب گزرنے والے ۷۵ درجہ ۰۰ دقیقہ طول بلد کے مطابق مقرر ہے۔ جو گرین وچ برطانیہ کے ۰۰ درجہ ۰۰ دقیقہ خط سے مشرق کی طرف ہے۔ ۴ منٹ فی درجہ کے اعتبار سے ۵ گھنٹے زائد کے فاصلے پر ہے۔ یعنی جب گرین وچ میں دن کے ۱۲ بجتے ہیں تو پاکستان میں شام کے ۵ بجے ہوتے ہیں۔ اسی وقت عالمی کے مطابق پاکستان میں تحویل شمس درحمل مورخہ ۲۱ مارچ ۲۰۱۵ء بروز ہفتہ بوقت ۰۳ بجکر ۴۶ منٹ پر ہو رہا ہے۔ لیکن شمس درحمل برج میں تحویل ہونے سے قبل برج حوت کے ۲۹ درجہ ۲۷ دقیقہ پر حالت کسوف میں آرہا ہے۔ اسوقت پاکستان میں ۲۰ مارچ ۲۰۱۵ء بروز جمعہ کا ۱۲ بجکر ۵۴ منٹ ہوگا۔ جب یہ کسوف شروع ہوگا۔ ۱۴ بجکر ۳۶ منٹ پر مکمل ہوگا۔ ۱۵ بجکر ۱۶ منٹ پر کسوف کا عمل مکمل ہو کر ختم ہو جائے گا۔ جب کہ برطانیہ اور یورپ میں تحویل درحمل اور کسوف الشمس ۲۰ مارچ ۲۰۱۵ء بروز جمعۃ المبارک کو ہو گا۔ اہل مغرب کے نزدیک کسوف الشمس اور اعتدال ربیع اسی تاریخ کو ہوگا۔ جب شمس وقمر کا اجتماع برج حوت کے ۳۰ درجہ پر ہو رہا ہوگا تو برج حوت میں نپچون ۹ درجہ پر اور عطارد ۱۰ درجہ سے اپنا سفر آگے طے کر چکا ہوگا۔ جب کہ برج حمل میں ذنب ۱۰ درجہ سے پیچھے حوت کی طرف بڑھ رہا ہوگا۔ جہاں عمل کسوف ہو رہا ہوگا۔ جب کہ برج حمل میں یورانس ۱۶ درجہ پر اور مریخ ۲۲ درجہ ہوگا۔ اگلے برج ثور میں زہرہ بحیثیت حاکم ۴ درجہ پر طلوع ہوگا۔ جب کہ مشتری برج اسد میں ۱۴ درجہ پر راجع ہوگا۔ اور مشتری قوس کے ۵ درجہ پر زحل راجع ہوگا۔ عین سر برج جدی کے ۱۶ درجہ پر پلوٹو سیر کناں ہوگا۔ سیارگان کی اس صورت حال میں برج حمل کا یورانس اور برج جدی کا پلوٹو تربیع کی حالت میں ہوں گے۔ یورانس سے مشتری تقریباً تثلیث کے فاصلے پر ہے۔ قوس کا زحل اور زہرہ ثور سے یا جدی کا پلوٹو اور مشتری اسد سے ایک دوسرے سے چھٹے یا آٹھویں خانہ میں پڑے ہیں۔ زحل اور نپچون کو بھی تربیع میں شمار کر سکتے ہیں۔ چونکہ کسوف آبی برج اور مشتری کے برج میں ہو رہا ہے۔ جس میں نپچون اور عطارد کا قران بھی ہے۔ گویا عملیات نحس اور بندش کے عملیات کے لیے موزوں ترین وقت ہے۔ برج حوت کا یہ کسوف اپنے نہ بہرہ میں ہے۔ اور منزل دشا میں لگ رہا ہے۔ عالمی اطلس کے مطابق ۸۹ درجہ ۴۲ دقیقہ عرض بلد شمالی اور ۹۴ درجہ ۱۹ دقیقہ مشرقی طول بلد سے لے کر ۵۳ درجہ ۱۰ دقیقہ شمالی عرض بلد تا ۴۴ درجہ ۴۲ دقیقہ مغربی طول بلد کے درمیان کسوف لگے گا۔ یہ کسوف روس کے سمندر سے لے کر کینیڈا کے سمندر تک لگے گا۔ اعتدال ربیع کے مطابق دیکھا جائے تو پاکستان میں اعتدال ربیع کے وقت میں چند گھنٹوں کا وقت ابھی باقی ہے۔ اس طرح کسوف برج حمل سے ساقط خانے حوت میں لگ رہا ہے۔ اور حوت کے آخری درجات میں سے آخری درجہ (۳۰) پر لگ رہا ہے۔ اس سنبلہ کا عطارد ہے۔ جو وبال اور ہبوط کی حالت میں نحس اکبر حالت میں ہے۔ چونکہ عطارد روز وجدین حالت کا سیارہ ہے۔ اسے برج حوت میں نحوستین ہے۔ وبالی اور ہبوطی حالت میں ہے۔ اس سیارہ کے تحت عقل بندی اور زبان بندی کر کے دشمن کی سوچ وفکر یاد گوئی اور بدزبانی کو باندھا جاتا ہے۔ حوت کا مشتری اسد میں رجعت کی حالت میں کمزور ہے۔ حوت سے ساقط خانے میں بحالت طرح موجود ہے زہرہ سیارہ اگرچہ اپنے گھر میں حاکم ہے۔ مگر اس پر زحل اور مشتری کی نظر بھی نحس ہے۔ زہرہ ثور کے ۴ درجہ پر ہے۔ یہ درجہ عملیات بندش کے لیے بڑا موثر ہوتا ہے۔ گرہن شمسی اس درجہ پر لگ رہا ہے۔ جہاں مریخ بحالت رجعت ۳۰ درجہ حوت پر ہو تو عمل جنگ وجلال وقتال کریں تو لوگ ایک دوسرے کی جب تک جان نہ لیں تب تک آرام وسکون نہ پائیں۔ گویا خون کے پیاسے ہو جائیں۔ پاکستان میں یہ گرہن شمسی طالع سرطان میں واقع ہو رہا ہے۔ اور ساعت ہفتم کے آخر سے اور ہشتم میں (شمس وزہرہ) جو کہ جاہ وجلال اور محبت کے عملیات

کا مخصوص وقت ہے۔ عطارد مشتری اور زحل کے اشتراک سے دشمن کی املاک وجائیداد کو تباہ وبرباد کرنے اور زہرہ زحل کے اشتراک سے مکان یا گھر یا پھر کسی محلہ وبستی کے افراد (مردوزن) کے درمیان فتنہ وفساد برپا کرنا ہو تو یہ وقت مؤثر آیا ہے۔ چونکہ کسوف الشمس طالع سرطان میں ہو رہا ہے۔ اس لیے مثلث برج عقرب اور برج حوت پر بڑا موثر ہوگا۔ کیونکہ سرطان منقلب ہے۔ اس کا حاکم وجہ کسوف اور محاق ہے چونکہ عقرب سے آگے زحل ہے۔ عقرب، قوس اور جدی والے قمری یا شمسی لحاظ سے ساڑھ ستی میں مبتلا ہیں۔ عمل تباہی و بربادی ان کے لیے بالخصوص اور جوزا والوں کی تفریق و فراق کے لیے۔ سنبلہ وحوت والوں کے بالعموم پر ایسے مؤثر عملیات ہوں گے کہ شاید ایسے بداثرات زندگی میں کبھی نہ ہوئے ہوں گے۔ زحل جب اس سال بحالت (۱۵/۱۴ مارچ سے برج قوس میں اور بحالت رجعت ۱۵ جون سے برج عقرب میں) اور بحالت استقامت اس سال (۲ اگست سے اور دوبارہ قوس میں ۱۸ ستمبر سے) ان درجات سے گزرے گا۔ جس کسی آدمی کے پیدائشی درجات طالع یا دیگر کواکب کے لیے نحس ہوگا۔ (یہ درجات منجم زائچہ پیدائش دیکھ کر بنا سکتا ہے) تو ہلاکت، تباہی و بربادی اور بندش کے عملیات میں اور اس کسوف کے عمل میں بڑا شدید اثر ظاہر ے گا۔ بندش کے عملیات میں زبان بندی، عقل بندی اور نظری بندی خاص طور پر ہوں گے۔ قدم بندی کے عملیات میں ایسے عملیات ہو سکیں گے کہ مرد یا زن گھر، محلہ، گاؤں یا شہر سے باہر جانہ سکیں گے۔ یا پھر آنہ سکیں گے۔ بہرحال یہ فن و ہنر کی بات ہے۔ منجم جفار اس نقطہ تک پہنچ سکتا ہے۔ اور اس نکتہ کو جان سکتا ہے۔ سو باندھنا (رحم بندی یا اولاد بندی) یا مرد کو عورت پر باندھنا یا عورت کو مرد سے باندھنا آبی اور آتشی عملیات کے امتزاج سے ممکن ہوگا۔ منجم جفار مزید صورت سائل کے سوال اور وقت سوال یا سوال علیہ / سوال علیہا کے مطابق استخراج کر سکتا ہے۔ یہ مضمون اس کے سمجھانے کے لیے نہ ہے۔ یہ محض ان حضرات کے لیے ہے جو ایسی رموز کی باتیں نہیں جانتے۔

اعتدال ربیع کا قدیم ترین نادر عمل الحب

پیارے قارئین کرام میرے ایک پیارے اور خیر خواہ دوست جناب میاں امتیاز علی صاحب نے توجہ دلائی ہے کہ اس کسوف الشمس میں بندش وعقود کے ایسے عملیات قارئین کرام کے لیے تحریر کریں۔ جو فی الوقت انہیں ضرورت ہو۔ اور مفید ہوں۔ تو جاننا چاہیے کہ کسوف الشمس برج حوت کے ۳۰ درجہ پر ہو رہا ہے۔ ساتھ ہی اس کا اثر برج حمل پر بھی ہو رہا ہے۔ گویا کہ شمس کسوف زدہ (روسیاہ) ہو کر برج حمل میں داخل ہو رہا ہے۔ اس کسوف کے اثرات بد حمل برج کے پہلے دقیقہ و درجہ پر بھی پڑ رہے ہیں۔ کیونکہ شمس سے احتراق کے درجات یا حد اتصال کے درجات میں برج حمل کا پہلا درجہ و دقیقہ شامل ہے۔ بلکہ پوری منزل شرطین شامل ہے۔ اور منزل دشا بھی خالی از بداثرات نہیں رہی۔ دشا اور شرطین میں ایسے عملیات ہو سکتے ہیں۔ جو بلحاظ عناصر آتشی، آبی یا خاکی ہوں۔ جو بالخصوص عقود اور بندش کے لیے کارآمد اور مفید ہوں۔ ان میں اہل ایران کا وہ مشہور ومعروف نقش بست در بست (۲۰) ہے۔ جسے علماء جفار نوروز شمسی میں لکھا کرتے تھے۔ ایران کے مجوسی عدد بیس (۲۰) کو بڑا متبرک مانتے تھے۔ اس عدد کو سورج کا عدد یا سورج سے منسوب کرتے تھے۔ عدد (۲۰) کا نقش علماء مجوس (زرتشتی / زرطشتی) بمطابق تعلیمات اوستا اور ژند تحویل شمس در برج حمل میں لکھا کرتے تھے۔ آج کل پاکستان کی ہر جنتری میں تحویل شمس کو بڑا مبارک اور متبرک لکھا جاتا ہے۔ جو اوستا اور ژند کی مجوسی تعلیمات کا حصہ ہے۔ اس تبرک کا اسلام میں اور اسلامی کتب میں کوئی ذکر نہ ہے۔ اگرچہ ان مجوسیوں کی تقویم ۳۶۰ دنوں کی ہوتی تھی۔ مگر ۵ دن مسروقہ کا الگ حساب رکھتے تھے۔ اسی حساب سے نوروز شمسی کا حساب بھی رکھتے تھے اور ۱۴۴۰ سالہ تقویم سے ادوار سیارگان کا حساب بھی رکھتے تھے۔ نقش نوروز تسخیر خلائق کے لیے خاص طور پر لکھتے تھے۔ یا اپنی محبت میں باندھنے کے لیے لکھتے تھے۔ دشمنوں اور حاسدوں کی زبان بندی، عقل بندی اور نظر بندی بحق اپنے لئے اور برخلاف جملہ دشمنان و اعداد کے لیے لکھتے تھے۔ فراخی رزق وکثرت مال وزر کے لیے اسی بست در بست نقش کو لکھا کرتے تھے۔ ان نقوش کو مسلمانوں نے بھی قبول کیا۔ اور خود مسلمان بھی لکھتے رہے اور اب بھی لکھتے ہیں۔ مگر مسلمانوں مجوسیوں جیسا عقیدہ نہیں رکھتے۔ چنانچہ جو مسلمان نجوم کو مقدم مانتے اور جانتے ہیں۔ وہ نقوش کی تیاری میں سیارگان کی چال اور ان کی سعادت ونحوست کا خیال رکھتے ہیں۔ اسی طرح وہ نوروز شمسی کو بھی شامل کر کے قبول کرتے ہیں۔ اور جو مسلمان جفر کو مقدم جانتے اور مانتے ہیں۔ وہ نجوم کے قواعد وضوابط کی پابندی نہیں کرتے۔ جب چاہیں یا جب کوئی سائل سوال کرے تو حسب سوال نقش تحریر کر کے حوالے سائل کر دیتے ہیں۔ درج بالا مربع نما خالی البطن مثلث ذیل کے بلکل چاروں درست بست در بست نقوش ہیں۔ جو افقی، عمودی اور وتری طور پر معتدل ہیں۔

نقش آتشی

۵	۱۴	۱
۱۱	۲ ۷ ۸ ۳	۹
۴	۶	۱۰

نقش خاکی

۱	۱۴	۵
۹	۷ ۲ ۳ ۸	۱۱
۱۰	۶	۴

نقش آبی

۴	۶	۱۰
۱۱	۸ ۳ ۲ ۷	۹
۵	۱۴	۱

نقش بادی

۱۰	۶	۴
۱۱	۸ ۳ ۷ ۲	۹
۱	۱۴	۵

اور یہ درج ذیل آٹھ مثلثیں نقش مثلث منسوب اور نقش مثلث مقلوب کے مطابق ہیں۔ ان دونوں اقسام کی مثلثوں میں فرق یہ ہے کہ پہلی قسم میں اعداد (۱۲، ۱۳) نہیں ہیں۔ دوسری قسم میں صرف عدد

(۶) نہیں ہے۔ پہلی قسم عکس معکوس سے اربعہ عناصری ہے۔ دوسری قسم کو گردش دینے سے یہ خاصیت پیدا ہو جاتی ہے۔

نقش آتشی

نقش آتشی

نقش خاکی

نقش خاکی

نقش بادی

نقش بادی

نقش آبی

نقش آبی

اگر دوسری قسم کے نقوش کو بیرونی اعداد (۱،۲،۴،۵) کا اور وسط عدد (۳) شامل کرلیں۔ اور عدد ایک کو چھے سے تبدیل کرلیں تو اس سے نقش کی ایک اور دوسری شکل تیار ہوسکتی ہے۔ چنانچہ اگر آپ دوسری قسم کی مثلث کو اگر اس شکل اور وضع میں تیار کرنا چاہیں تو اس طرح تیار ہو سکتی ہیں۔ ان نقوش کی چال بمطابق ترتیب اعداد ہے۔

آپ ان نقوش کو عمودی شکل سے افقی شکل میں لکھنا چاہیں۔ تو لکھا جاسکتا ہے۔ اور وہ بھی بالکل درست ہوگا۔ چونکہ نقش مثلث میں (۲۰) عدد مفتاح (۲) ہے۔ اور عدد دفق (۲۰) ہے۔ اس لیے خانہ کسر (۴) ہے۔ جس سے عدد ایک کو عدد چھے سے تبدیل کرنا پڑتا ہے۔

ان نقوش اربعہ عناصری تقسیم ہیں

(آتش=۹)، (باد=۱۰)، (آب=۷) اور (خاک =۸) ہے۔ جب کہ عدد (۵) آتش سے ہے اور عدد (۶) باد سے ہے۔ اور وسطی عدد (۳) آبی ہے۔ اگرچہ یہ نقوش مثلث کے انداز کے ہیں۔ لیکن یہ عدد (۱) سے شروع نہیں ہوتے۔ اسی لیے اکثر لوگ اس کی چال سے ناواقف ہو کر پریشان ہوتے ہیں۔ چال بتادی گئی ہے۔ مثلث کے انداز میں درج ذیل نقوش بھی نقش مثلث کی اقسام ہیں۔ جن کو اکثر عامل حضرات بالکل نہیں جانتے۔

		۱۱	۷	۲
	۶	۴	۱۰	
۳	۹	۸		

		۸	۱۰	۲
	۹	۴	۷	
۳	۶	۱۱		

		۱۱	۲	۷
	۶	۱۰	۴	
۳	۸	۹		

۳	۹	۸		
	۶	۴	۱۰	
		۱۱	۷	۲

۱۱	۶	۳		
	۷	۴	۹	
		۲	۱۰	۸

۲	۱۰	۸		
	۷	۴	۹	
		۱۱	۶	۳

۲	۷	۱۱

۱۰	۴	۶	
	۸	۹	۳

۱۱	۸	۴		
	۲	۹	۶	
		۷	۳	۱۰

۷	۴	۹		
	۲	۱۰	۸	
		۱۱	۶	۳

		۸	۹	۳
	۱۰	۴	۶	
۲	۷	۱۱		

		۱۰	۴	۶
	۲	۷	۱۱	
۸	۹	۳		

		۶	۴	۱۰
	۱۱	۷	۲	
۳	۹	۸		

		۸	۴	۱۱
	۳	۱۰	۷	
۹	۶	۲		

ان نقوش عدد (۲) سے شروع ہونے والے چار نقوش عکس معکوس ہیں۔ باقی نو نقوش پہلے نقش کی اقسام ہیں۔ اس سے بھی عکس معکوس نقوش وضع ہوتے ہیں۔ یہ صرف مثال کے طور پر ہیں۔ ان میں صرف تین نقوش بالکل معتدل اور درست ہیں۔ جفری قاعدہ نقوش میں کسی حرف یا اسم یا آیت یا کے اعدد کو نقش میں تحویل کرنا ہوں تو اس عدد سے نقش بنانے سے قبل نقش کی قسم کا تعین کیا جاتا ہے۔ اگر نقش ناقص وضع ہو رہا ہو یعنی کسری بن رہا ہو تو دوسری قسم سے تیار کیا جاتا ہے۔ بشرطیکہ عدد دوسری قسم کے نقش کے شرائط کے مطابق ہو۔ چنانچہ عدد (۲۰) کا نقش جفری مثلث بن سکتا ہے۔ اس سے اوپر کوئی نقش وضع نہیں ہوسکتا۔ جبکہ نقش جس قدر چھوٹی قسم کا بنائیں۔ عدد خانہ اول اسی قدر زیادہ ہوگا۔ اور اگر نقش بڑی قسم کا بنائیں گے تو عدد خانہ اول (مفتاح) اسی قدر چھوٹا ہوگا۔ عدد (۲۰) کے اربعہ عنصری چار نقوش ملاحظہ کریں اسی تناظر میں سابقہ نقوش میں درست اور غلط نقوش کی جانچ پڑتال ہو جائے گی۔

نقش آتشی منسوب

۱۰	۲	۸
۴	۷	۹
۶	۱۴	۳

نقش خاکی منسوب

۳	۱۱	۶
۹	۷	۴
۸	۲	۱۰

نقش بادی منسوب

۶	۴	۱۰
۱۱	۷	۲
۳	۹	۸

نقش آبی منسوب

۸	۹	۳
۲	۷	۱۱
۱۰	۴	۶

نقش آتشی معکوس

۸	۲	۱۰
۹	۷	۴
۳	۱۱	۶

نقش خاکی معکوس

۶	۱۱	۳
۴	۷	۹
۱۰	۲	۸

نقش بادی معکوس

۳	۹	۸
۱۱	۷	۲
۶	۴	۱۰

نقش آبی معکوس

۸	۹	۳
۲	۷	۱۱
۱۰	۴	۶

پیارے قارئین کرام کچھ عامل حضرات اس نقش کو ہشت پہلو بنا کر لکھتے ہیں۔ کیونکہ عدد آٹھ زحل سے منسوب ہے۔ بندش اور عقود کے جلد کام زحل کی نحوست، زحل سے سیارگان کی بدنظر اور زحل کی ساعت میں یا زحل کے روز یا زحل کی شب میں یا قمری لحاظ سے ماہ قمری کے آخری روز ہفتہ میں جب قمر غروب ہوتا ہے۔ یعنی اماوس کے ایام میں لکھا جاتا ہے۔ کچھ حضرات کے نزدیک زحل مثلث سے منسوب ہے۔ اور کچھ حضرات قمر کو مثلث سے منسوب کرتے ہیں۔ میرا مسلک بھی یہی ہے۔ قمر سریع السیر ہے۔ اور مثلث سریع الاثر ہے۔ اس لیے غروب قمر میں بندش کے عملیات مؤثر ہوتے ہیں۔

ان نقوش میں دو مربع یا چوکور ایک دوسرے کے اوپر رکھ کر آٹھ کونوں والی شکل بنالی جاتی ہے۔

چنانچہ یہ بطن کے ساتھ نو خانوں والی مثلث بن جاتی ہے۔ اس مثلث کے باوے میں دو گروہ بن جاتے ہیں۔ ایک گروہ اربعہ عناصری نقوش کے لیے اوپر والے چار نقوش کو مقدم مانتے ہیں۔ یعنی دایاں کونا اول ہے۔ دوسرا گروہ نیچے والے چار نقوش کو مقدم جانتے ہیں۔ یعنی مثلث معروف کی طرح اوپر والے کونہ سے لکھنا اربعہ عنصری نقوش کی ترتیب مانتے ہیں۔ حالانکہ بات یوں ہے کہ اوپر الا قاعدہ مربع چال پر ہے اور نچلا مثلث چال پر ہے۔ نقش مربع کو ایک کونے سے لکھتے ہیں۔ جبکہ مثلث کو وسط نقش کے خانہ سے لکھتے ہیں۔ تو اربعہ عنصری پوری ہوتی ہے۔ نقش مربع کے چاروں کو بمطابق اربعہ عناصر ہیں۔ اور نقش مثلث کے خانہ ہائے اوسط چاروں اطراف کے اربعہ عناصر کے مطابق ہیں۔ چند اقسام کے نقوش کی مثالیں درج ذیل ہیں۔ جو کہ سب آتشی چالوں کی مثالیں ہیں۔ ان چھ نقوش میں ہر نقش سے الگ بادی، آبی اور خاکی نقوش وضع ہوں گے۔ ان کی ساخت الگ نہ ہوگی۔ بلکہ خانہ اول کی سمت تبدیل کرنے سے عنصر نقش تبدیل ہو جائے گا۔ ان نقوش کے اندرونہ میں آپ خالی جگہوں پر موکلات کے نام درج کر سکتے ہیں۔

آپ نے درج بالا نقوش پر غور فرمایا ہے۔ یہ نقوش شاید اکثر کتابوں میں یکجا موجود نہیں ہیں۔ ہر نقش کا صرف ایک ایک نقش لکھا گیا ہے۔ اس کی باقی اقسام حذف کردی گئی ہیں۔ چونکہ یہ نقش مثلث کے معیار پر ناقص ہیں۔ آپ ان نقوش کو درج ذیل وضع وشکل میں بھی لکھ سکتے ہیں۔ آپ ان ذیل کے نقوش پر غور کریں تو معلوم ہوگا کہ یہ نقش مثلث کی ترمیم یافتہ اشکال ہیں۔ جو کہ تقریباً درست ہیں۔

٩

آپ ان نقوش کو ہشت پہلو کے انداز میں یا ہشت کونہ کے انداز میں لکھنے کی بجائے بالکل دائرہ میں لکھ سکتے ہیں۔ جو مشرق، مغرب، شمال، جنوب کہ ہشت پہلو نقش کرتا ہے۔ چونکہ نقش دو دو اعداد کے مجمع القابل

سے وجود میں آتا ہے۔ اس لیے نقش کے وسط میں دو مرتبہ عدد پانچ مل کر عدد دس بن جاتا ہے۔

چونکہ یہ نقوش نصف چال سے وجود میں آتے ہیں۔ اس آپ ان مدور نقوش کو کہیں سے دو برابر حصوں میں تقسیم کر سکتے ہیں۔ ہر نصف نقش کے اوسط یا اندرونی دائرہ میں ایک پانچ کا ہندسہ آتا ہے۔ دو نصف

نقش آتشی

نقش خاکی

نقش بادی

نقش آبی

یا مکمل نقش کے لیے اندرونی خانہ / دائرہ میں دو پانچ کے ہندسے آئیں گے۔ ان کو باہم ملا کر عدد دس بنانا ضروری ہے۔ ورنہ عدد (۵۵) نظر آئے گا۔

نقش آتشی

نقش خاکی

نقش بادی

نقش آبی

ان نقوش سے سیدھی چال (منسوب) میں اور الٹی چال (مقلوب) سے چار چار نقش لکھے ہیں۔ اطراف کے لیے منسوب چال اور اکناف کے لیے مقلوب چال سے نقش لکھتے ہیں۔ آپ ان دونوں چالوں کو ملا کر اطراف کے لیے آٹھ نقوش اور اکناف کے لیے آٹھ نقوش لکھ سکتے ہیں۔ فرق یہ ہوگا۔ اعمال خیر کے لیے منسوب چال استعمال کریں اور اعمال شر کے لیے مقلوب چال استعمال کریں۔ اطراف یا اکناف کے نقوش استعمال کرتے وقت یا سائل کے آنے کی سمت کو مد نظر رکھ کر نقش لکھیں یا سوال علیہ / سوال علیہا کی سمت کو مد نظر رکھ کر نقش لکھیں۔ نقش کا لکھنا سائل ذات پر یا دوسرے کی ذات پر منحصر ہے۔

جفر فرماتے ہیں کہ یہ نقوش حروف ابجدی قمری کے پہلے دس حروف پر وضع ہوتا ہے۔ یعنی طاق حروف چھوڑ کر جفت حروف پر تیار ہوتا ہے۔ ابجدی قمری کے پہلے دس حروف (ا، ب، ج، د، ھ، و، ز، ح، ط، ی) ہیں۔ ان میں پانچ طاق حروف (ا، ج، ز، ط) ہیں اور پانچ جفت حروف (ب، د، و، ح، ی) ہیں۔ طاق حروف سے حرف (ھ) خارج کیا ہے۔ اور جفت حروف میں سے حرف (ی) داخل کیا ہے۔ اس طرح باقی طاق و جفت حروف کو ملا کر نقوش بست در بست (۲۰) وضع کیے گئے ہیں۔ چنانچہ علماء جفر نے طاق فرد حروف کو خارج کر کے صرف جفت از وج حروف سے اس طرح کام لیا ہے کہ نقش آسان اور مختصر ہو گیا ہے۔ درج نقوش کو حروف ابجدی قمری اور ان کے اعداد کے ساتھ وضع کیا گیا ہے تا کہ سمجھ میں آئے۔ چونکہ آج کل عملیات ابجدی قمری سے وضع ہو رہے ہیں۔ اس لیے پہلے احاد حروف ابجدی قمری میں سے مزوجات حروف (بدوح) بنتے ہیں۔ ان کے نقوش وضع کیئے جاتے ہیں۔ اور اگر ان نقوش کو شمس ترتیب (ابتث) سے وضع کریں تو ان سے حروف مزوجات (ب ث ح در) بنتے ہیں گویا بدوح = بثخد بنے گا۔ اس کو ان کے موکلات بھی تبدیل ہو جائیں گے۔

	ب ٢	
و ٦	ی ١٠	د ٤
	ح ٨	

نقش آتشی مشرقی

	و ٦	
ح ٨	ی ١٠	ب ٢
	د ٤	

نقش بادی مغربی

ح ٨

و ٦	ی	د ۴
	١٠	
	ب	
	٢	

نقش خاکی جنوبی

	د	
	۴	
ح ٨	ی	ب ٢
	١٠	
	و	
	٦	

نقش آبی شمالی

اگر نقش حروفی لکھنا افضل سمجھیں تو ان حروف کے ساتھ حروف کے مؤکل بھی لکھ سکتے ہیں۔ یہ مؤکل حروف کے دائیں یا بائیں لکھیں یا اوپر یا نیچے لکھیں۔ چونکہ موکل حروف پر ہیں۔ جیسے سیارگان بروج پر ہیں۔ اس لیے حروف مقدم ہوں گے اور مؤکلات مؤخر ہوں گے۔ حرف (ب) کا مؤکل جبرائیل ہے۔ حرف (د) کا مؤکل دردائیل ہے۔ حرف (و) کا مؤکل رفتمائیل ہے۔ حرف (ح) کا مؤکل فنکفیل ہے۔ اور حرف (ی) کا مؤکل سراکتیائیل ہے۔ ان مؤکلات کی دعوت اس طرح ہوگی کہ جیسے اجب یا جبرائیل بحق باء۔ اجب یا دردائیل بحق لال۔ اجب یا رفتمائیل بحق واؤ۔ اجب یا فنکفیل بحق حاء۔ اجب یا سراکتیائیل بحق یاء۔ ان نقوش کو ذوالکتابت کے انداز میں لکھنے کی بجائے الگ الگ انداز میں بھی لکھا جاسکتا ہے۔ حروفی یا عددی نقوش الگ الگ لکھ کر ان کے اندر یا باہر موکلات لکھ سکتے ہیں۔ یا لکھا کریں۔ بمطابق ذیل دیکھیں۔

	ب	
د	ی	و
	ح	

	٢	
۴	١٠	٦
	٨	

یا جبرائیل		یا رفتمائیل
	یا سراکتیائیل	

یا دردائیل	یا فنکفیل

یا دردائیل		یا جبرائیل
	یا سراکتیائیل	
یا فنکفیل		یا رفتمائیل

ان نقوش کے ساتھ عامل حضرات عام طور پر یا جبرائیل، یا رفتمائیل، یا فنکفیل اور یا دردائیل وغیرہ لکھتے ہیں۔ یا سراکتیائیل اکثر نہیں لکھتے۔ چونکہ یہ موکل نقش کے بطن کا ہے۔ اس کی گنجائش نہ ہونے پر لکھتے ہیں۔ مگر جو حضرات نہیں لکھتے وہ اس غلطی پر نہیں لکھتے کہ (بدوح) کے نقش بست در بست میں یہ نام موکل نہیں لکھتے وہ غلطی کرتے یا غلطی پر ہیں۔ اور جو عامل حضرات اس نقش بست در بست پر یا نقش بدوح پر یا جبرائیل یا دردائیل، یا رفتمائیل اور فنکفیل کی بجائے یا جبرائیل یا عزرائیل میکائیل اور یا اسرافیل اسی ترتیب سے یا ترتیب سے یا ترتیب بدل کر لکھتے۔ وہ دونوں طرح غلطی کرتے ہیں۔ کیونکہ چار موکل ترتیب حروف شمسی (ا، ب، ت، ث) کے ہیں۔ اور یہی موکل عامل حضرات ابجدی قمری (ا، ب، ج، د) پر بھی لکھتے ہیں۔ وہ بھی غلطی پر ہیں اور غلطی کرتے ہیں۔ کیونکہ ان حروف کے موکلات بالترتیب حروف (اسرافیل، جبرائیل، کلکائیل اور دردائیل) ہیں۔ اس اختلاف کو یاد رکھنا چاہیے اور غلطی نہ کرنا چاہیے اور ترتیب شمسی حروف میں (ب، ث، ح، د، ر) کے موکلات بالترتیب حروف جبرائیل، میکائیل، تنکفیل، دردائیل اور اموائیل ہیں۔ چنانچہ اگر آپ قمری ترتیب کی بجائے شمسی ترتیب میں نقوش وضع کریں تو حروف بھی تبدیل ہو جائیں گے اور حروف کے ساتھ ان کے موکلات مذکورہ لکھے جائیں گے۔ یعنی موکلات بھی تبدیل ہو جائیں گے۔ تعین موکل جبرائیل، دردائیل اور تنکفیل یعنی جبرائیل، تنکفیل اور دردائیل مشترک رہیں گے۔ اس لیے خود سمجھ رکھے کہ کس ترتیب سے نقش وضع کر رہا ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ سنی عامل حضرات نقوش کے ساتھ (محمد ﷺ، ابو بکرؓ، عثمانؓ اور علیؓ) لکھتے ہیں۔ جو خلفاء راشدین کی علامت ہیں۔ جب کہ شیعہ عامل حضرات نقوش کے ساتھ (محمد ﷺ، علیؓ، فاطمہؓ حسنؓ اور حسینؓ) لکھتے ہیں۔ اس طرح تبریک کے لیے نقش بست در بست پر کرتے ہیں۔ پھر اسی تلقید میں صوفی حضرات عبدالرحیم مشرقی، عبدالکریم مغربی، عبدالرشید شمالی اور عبدالجلیل جنوبی بھی لکھتے ہیں۔ اور بعض حضرات نقوش میں حضرت ابراہیم علیہ السلام، حضرت موسیٰ علیہ السلام، حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور حضرت محمد ﷺ کا کلمہ بھی لکھتے ہے۔ پھر کوئی سلطان ابراہیم ادھم کو لکھتا ہے۔ اور کوئی شیخ عبدالقادر جیلانی کو اغثنی کے ساتھ لکھتا ہے۔ جس سے مسلک بریلوی اور مسلک دیوبندی کے تحت ان نقوش کی اعتقاد کے ساتھ توقیر یا بے حرمتی کی جاتی ہے۔ اگر ہر طبقہ اور مسلک والا اپنے مسلک کو حق سمجھ کر لکھتا ہے تو درست کرتا ہے۔ پھر دوسرے کے مسلک کو ناحق سمجھ کر بے توقیری کرنا مطلق غلط فعل ہے۔

پیارے قارئین کرام نقش بست در بست کے لیے حرف (ک) ہے۔ جو سعد اکبر حرف ہے۔ اسی حرف سے قرآن مجید میں حروف مقطعات سے (کھیعص) ہے۔ ابجدی قمری کے لحاظ سے منزل زہرہ سے منسوب ہے۔ یہ منزل ہندی قاعدہ سے ١٠ درجہ اسد تا ٢٣ درجہ ٢٠ دقیقہ اسد تک ہے۔ اور یونانی قاعدہ سے برج اسد کے ٨ درجہ ۴٣ دقیقہ ١٧ ثانیہ سے ٢١ درجہ ٢٥ دقیقہ ۴٢ ثانیہ ٥٢ ثانیہ تک ہے۔ ابجدی قمری کے ایسے حروف جن کی عددی قوت نیز ان اگر عدد (٢٠) کے برابر ہو جائے تو وہ حرف (ک) میں تبدیل ہو جاتے ہیں۔ مثلاً (اطی)، (ب ح ی)، (ج ز ی)، (دوی) یا (ادوط)، (اھوح)، (ب دوح)، (ب دھ ط) وغیرہ ان حروف میں ہم مرتبہ، ہم عدد یا ہم عنصر حروف بھی شامل ہو سکتے ہیں۔ مثلاً (ھ، ھ، ھ، ھ) حروف کے عملیات عبرانی زبان میں اور عبرانی قوم اور یہود میں پائے جاتے تھے۔ جو عربوں میں (عیسائیوں اور مسلمانوں) صدری طور پر تعلیم ہوئے۔ جو سینہ با سینہ منتقل ہو کر بعد میں کتب میں درج ہوئے۔ عملیات میں مسلمانوں کے پاس ان حروف کی مناسبت سے دو اسماء اللہ مبارک (الودود) اور (الھادی) ایسے موجود ہیں۔

جن کے اعداد قمری (۲۰) ہیں۔ مسلمان عامل ان دو اسماء الحسنٰی سے کام لیتے ہیں۔ اور ان سے بست در بست نقوش کا سا کام لیتے ہیں۔ اسم الودود جمالی آتشی ہے۔ اور اسم الھادی جمالی آبی ہے۔ اسم الودود سے عملیات حب اور تسخیر کے عملیات تیار کیئے جاتے ہیں۔ اسم الھادی سے حصول حکمت اور برے یا غلط کاموں سے روکنے کے عملیات تیار کئے جاتے ہیں۔ عامل حضرات عددی یا حروفی نقوش تیار کرتے ہیں۔ آپ دو طرائق سے وضع نقوش اور طریقہ ذوالکتابت سے دیکھیں۔ آپ ان چالوں سے عددی اور حروفی نقوش پر غور کریں کہ اسم الودود کے اندر (بدوح) چھپا ہوا ہے۔ اور (اجزط) بھی چھپا ہوا ہے۔ اسم الودود کو دو طریقوں سے نقش میں مربع شکل میں وضع کیا گیا ہے۔ پہلے طریقہ میں چال کے مطابق خانہ نمبر ۱ تا ۴ میں اسم دودو پر کیا گیا ہے۔ ایسے چار ادوار پورے کئے جاتے ہیں۔ یہ معروف طریقہ ہے۔ دوسرے طریقہ میں ایک دور میں حرف چلایا جاتا ہے۔ اس کو مجہول طریقہ کہتے ہیں۔

۴	۶	۴	۶
۶	۴	۶	۴
۶	۴	۶	۴
۴	۶	۴	۶

۴	۶	۴	۶
۴	۶	۴	۶
۶	۴	۶	۴
۶	۴	۶	۴

د	و	د	و
۳	۷	۳	۷
۸	۶	۴	۲
۵	۱	۹	۵

نقش طریقہ معروف

د	و	د	و
و	د	و	د
و	د	و	د
د	و	د	و

نقش طریقہ مجہول

د	و	د	و
د	و	د	و
و	د	و	د
و	د	و	د

نقش طریقہ ذوالکتابت

د	و	د	و
۳	۷	۳	۷
ح	و	د	ب
۵	۱	۹	۵

آپ درج ذیل نقوش پر غور کریں۔ یہ ہر طریقہ اور ہر چال یا عنصر کی ایک ایک مثال دی جا رہی ہے۔ جس سے دو تین اور چار حروف ہم عدد یا ہم مرتبہ یا ہم عنصر حروف پیدا ہو جاتے ہیں۔ دیکھیئے کہ (ھ، ھ، ھ، ھ) کس طرح پیدا کیا گیا اور (ب دو ح) کے حروف کے اعداد غیر مرتب انداز میں بھی پیدا ہو جاتے ہیں۔ سابقہ غیر معتدل نقوش کے اعداد کی پڑتال اور جانچ بھی پیدا ہو گئی ہے۔ آپ مزید جانچ و پڑتال کر کے دیکھ لیں۔ اور ان کی مدد سے بدوح کے حروف مزوجات کا نقش بنا کر پھر جانچ و پڑتال کریں کہ کیا نتیجہ اخذ ہوتا ہے۔ آپ دیکھیں گے کہ لفظ بدوح کو اعداد میں تبدیل کر کے متوازن کریں تو لفظ دودو مساوی الوزن دو برابر حصوں میں تقریباً متوازن ہوتا ہے۔ متوازن حالت میں حروف (ھ، ھ، ھ، ھ) پیدا ہوتے ہیں۔

۸	۳	۳	و
۲	۷	۷	و
۸	۵	۱	و
۲	۵	۹	و

۵	۵	۴	و
۳	۷	و	۶
۸	و	۳	۳
د	۲	۹	۵

۵	۵	۵	۵
د	و	د	و
۷	۷	۳	۳
۴	۲	۸	۶

د	۵	۵	و
۴	۷	۳	۶
۸	۷	۳	۲
د	۱	۹	و

۷	۸	۲	۳
۱	د	و	۹
۵	د	و	۵
۷	۴	۶	۳

۵	۸	و	۱
۵	۲	د	۹
۳	۸	و	۳
۷	۲	د	۷

ح	و	و	ب
ب	د	و	ح
و	ح	ب	د
د	ب	ح	و

ح	و	د	ب
د	ب	ح	و
ب	د	و	ح
و	ح	ب	د

ح	و	د	ب
۳	۳	۷	۷

۶	۴	۶	۴
۵	۵	۵	۵

ب	۷	۳	۸
د	۷	۳	۶
و	۱	۹	۴
ح	۵	۵	۲

۵	ب	۸	۵
۹	د	۶	۱
۳	و	۴	۷
۳	ح	۲	۷

۷	۷	۳	۳
ب	د	و	ح
۵	۵	۵	۵
۶	۴	۶	۴

ب	۵	۹	د
۱۰	۳	۳	۴
۲	۷	۷	۴
و	۵	۱	ح

۳	۱۰	۴	۳
۵	ب	د	۹
۵	و	ح	۱
۷	۲	۴	۷

ب	۴	۹	۵
۱۰	د	۳	۳
۳	۷	و	۴
۵	۵	۲	ح

آپ نے ان نقوش پر غور کیا تو معلوم ہوا کہ ابجدی قمری پہلے نو یا دس حروف میں سے یہ نقوش وضع ہو جاتے ہیں۔ ابجدی قمری کے ابتدائی نو حروف جو احاد کہلاتے ہیں۔ وہ (ا، ب، ج، د، ھ، و، ز، ح، ط) ہیں۔ ان پانچ فرد حروف (ا، ج، ھ، ز، ط) ہیں۔ اور چار زوج حروف (ب، د، و، ح) ہیں۔ جیسے ہاتھ کی پانچ انگلیاں اور ان کے درمیان چار خالی جگہیں ہوتی ہیں۔ چار فرد حروف (ا، ج، ز، ط) کے اعداد قمری (۱، ۳، ۷، ۹) کو ملائیں تو مجموعہ (۲۰) ہوتا ہے اور زوج حروف (ب، د، و، ج) کے اعداد قمری کو ملائیں تو مجموعہ (۲۰) ہوتا ہے۔ زوج حروف میں اسم الودود پوشیدہ ہے۔ اور فرد حروف میں اسم الھادی پوشیدہ رکھتا ہے۔ دونوں اقسام کے حروف فرد اور زوج میں یکجا کر کے اور ظاہر کرتا ہے۔ (بدوح) اور (اجزط) کو نقش کے ذوالکتابت طریقہ سے مگر راز نہاں ہے۔ اہل علم اور اہل عقل کے لیے جس سے وہ کام لیتے ہیں اور مخلوق خدا پر بست وکشاد کے عمل سے حکومت کرتے ہیں۔ یعنی مطلوب، محبوب یا معشوق کو اپنی محبت میں باندھنا مقصود ہو تو اسم الودود سے کام لیا جاتا ہے۔ کسی کو کسی فعل سے باز و منع کرنا مقصود ہو تو الھادی سے کام لے کر اہل ضرورت میں حکومت کرتے ہیں۔

ھ	ا	د	ی
ی	د	ا	ھ
ا	ھ	ی	د
د	ی	ھ	ا

ھ	ا	د	ی
د	ی	ھ	ا
ی	د	ا	ھ
ا	ھ	ی	د

ھ	ا	د	ی
۳	۱۱	۴	۲
۸	۲	۳	۷
۴	۶	۹	۱

ھ	۱۱	۲	۲
۱	۳	۴	۱۲
د	۴	۹	۳
ی	۶	۵	۳

۱۱	ھ	۲	۲
۳	۱	۱۲	۴
۴	د	۳	۹
۲	ی	۳	۵

۳	۱۱	۴	۲
ھ	۱	د	ی
۴	۶	۹	۱
۸	۲	۳	۷

ھ	ا	د	ی

و	د	و	د

ا	ج	ز	ط

ب	د	و	ح

جاننا چاہیے کہ اسم الھادی دراصل اجزط کے مطابق ہے۔ یہ کشادگی اور راہ راست پر لانے میں بڑی مدد دیتا ہے۔ جب کہ اسم الودود دراصل بدوح ہے۔ جو پستہ کرنے اور باندھنے میں مدد دیتا ہے۔ جب کہ دونوں اسماء الحسنیٰ میں بدوح اور اجزط کی خاصیت یکساں پوشیدہ رکھتے ہیں۔

عام طور پر جفار عاملین حضرات کے پاس مشہور عمل حروف بے نقطہ کا ہے۔ جنہیں حروف صوامت کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ ان میں (ا، د، ھ، و، ح، ط، ک، ل، م، س، ع، ص، ر) ۱۳ حروف ہیں۔ ترتیب حروف میں اوسط حرف (ک) ہے۔ ان ۱۳ حروف کے قمری ابجدی (۵۴۳) ہیں۔ ان کا عدد استنطاق کیا جائے تو مجموعہ عدد (۱۱) بنتا ہے۔ جس کا مدد عدد مفرد (۲) بنتا ہے۔ عدد (۱۱) بلحاظ ترتیب حروف قمری میں گیارہواں حرف (ک) ہے۔ اور عدد مفرد کا حرف (ب) بنتا ہے۔ اور اگر (۵۴۳) کو باہم مداخل ثلاثہ کریں تو عدد (۵۴۳) سے عدد (۹۷) بنتا ہے۔ یعنی (۳+۴=۷) اور (۴+۵=۹) کے اعداد وجود میں آتے ہیں۔ آپ ان اعداد کو سابقہ بحث میں تلاش کریں۔ تو جن نقوش میں (۲=۸)، (۴=۶) اعداد ظاہر ہوتے ہیں۔ وہ اسم الٰہی (الودود) اور حروف مزوجات (بدوح) کے عین مطابق اور عین موافق ہیں۔ اور جن نقوش میں (۱=۹)، (۳=۷) اعداد ظاہر ہوتے ہیں۔ وہ اسم الٰہی (الھادی) سے مماثلت رکھتے ہیں۔ ویسے یہ اعداد (۱=۹)، (۲=۸)، (۳=۷) اور (۴=۶) نقش اسم الودود میں بھی پائے جاتے ہیں۔ اور نقش اسم الھادی میں بھی پائے جاتے ہیں۔ آپ ان نقوش میں ملاحظہ فرما چکے ہیں۔ یہ اعداد متحابہ ہیں۔ (۹،۱) اعداد میں موافقت کامل ہے۔ (۸،۲) اعداد میں اول خرابی ہے تو آخر میں درستی ہے۔ (۷،۳) اعداد میں ہم رازی، ہم راضی اور اخلاص ہے۔ (۶،۴) اعداد میں ہمیشہ باہم خوشی ہے۔ یہ اعداد ان خاصیتوں کے ساتھ نقوش الودود اور الھادی میں پائے جاتے ہیں۔ اسم الودود، اسم الھادی اور مجمع حروف اجزط، بدوح میں ترکیب عناصر اس طرح ہے کہ اسم الودود میں لفظ ودود میں چار حروف ہیں۔ دو بادی حروف ہیں اور دو خاکی حروف ہیں۔ آتش و باد میں سے باد ادنیٰ ہے۔ آب و خاک میں سے خاک ادنیٰ ہے۔ اگرچہ یہ ادنیٰ عناصر سے رجوع رکھتا ہے۔ مگر یہ دونوں عناصر باہم مخالف ہیں۔ لیکن اس میں محبت پیدا ہو جاتی ہے۔ اس الھادی میں چار حروف ہیں۔ جس میں پہلے دو آتشی حروف ہیں۔ ایک خاکی اور ایک بادی حرف ہے۔ اس اسم میں بادی حرف (ی) زیادہ عددی لحاظ سے غالب ہے۔ تعداد حروفی میں آتشی حروف غالب ہیں۔ اسم ودود میں دو دو حروف کا مجموعہ اس اسم بادی کے حرف آخر کے برابر ہے۔ اسم الودود کے موافق آیت والقیت علیک محبۃ منی ولتصنع علیٰ عینی۔ سورہ طٰہٰ آیت نمبر ۲۹ ہے۔ اسم الھادی سے موافق آیت یحبونھم کحب اللہ والذین امنوا اشد حبا للہ سورہ بقرہ آیت نمبر ۱۶۵۔ مجمع الحروف یا حروف مزوجات میں چار حروف (بدوح) ہیں۔ جن میں دو حروف بادی اور دو حروف خاکی ہیں۔ جو کہ اسم ودود کی طرح ہیں۔ بدوح میں سب سے زیادہ عددی غلبہ حرف (ح) میں ہے۔ اور باد و خاک کے لحاظ سے بادی حروف کے اعداد کا میزان (۸) ہے اور خاکی حروف کا میزان (۱۲) ہے۔ اور یہ اسم دو ظلمانی حروف سے وجود میں آتا ہے۔ یہ اسم محبت میں فنا کر دیتا ہے۔ مجمع الحروف یا حروف مفردات میں چار حروف (اجزط) ہیں۔ جن میں دو حروف آتشی ہیں اور دو حروف آبی ہیں۔ آتشی حروف میں غالب حرف عددی لحاظ سے (ط) ہے۔ لیکن انہیں دو دو حروف کے میزان کے مطابق لیں تو آتش و آب مساوی عناصر ہیں جس طرح مجمع الحروف / حروف مزوجات بدوح میں باد و خاک مساوی عناصر ہو جاتے ہیں۔ گویا ساری بحث (۱، ۳، ۷، ۹) پر ہے۔ یعنی (۱+۹=۳+۷) پر ہے اور (۲، ۴، ۶، ۸) پر ہے۔ یعنی (۲+۸=۴+۶) پر ہے۔ یہی اعداد ان نقوش کے وضع کرنے میں کام آتے ہیں۔ اور انہیں اعداد اور ان اعداد کے حروف پر بحث ہوئی ہے۔

پیارے قارئین کرام ہر عامل جفار ایک جیسا نہیں ہوتا۔ کسی کے قلم سے اچھے اور سعد عملیات زیادہ زود اثر ہوتے ہیں اور کسی کی قلم سے برے اور نحس عملیات زیادہ زود اثر ہوتے ہیں۔ چنانچہ عامل کے زائچہ پیدائش میں اکثر سیارے اپنے اپنے بروج پر حاکم ہوتے ہیں۔ اس کی قلم سے عزت و وقار کے عملیات زیادہ موثر ہوں گے۔ اور جن کے زائچہ میں شرف یافتہ سیارے زیادہ ہوں گے۔ ان کی قلم سے بلندی اقبالی دولت مندی اور وسعت رزق کے عملیات زیادہ ہوں گے۔ اور جن کے زائچہ میں اوج کے سیارگان زیادہ ہوں گے۔ ان کے عملیات سے عروج اور فراخی کے عملیات زیادہ ہوتے ہیں۔ اور جن کے زائچہ پیدائش میں فرح کے سیارے زیادہ ہوتے ہیں یا خانہ دوست کے سیارے زیادہ ہوتے ہیں۔ ان کی قلم سے خوشحالی اور فرحت کے عملیات بڑے موثر ہوتے ہیں۔ ان کے پاس بندش سے کشادگی کے عملیات بڑے موثر ہوتے ہیں۔

ایسے عامل کی قلم کے عملیات سے نحس امور اور بندش کے اعمال زیادہ زود اثر ہوتے ہیں۔ جن کے زائچہ پیدائش میں وبال کے سیارے زیادہ ہوتے ہیں۔ یا ہبوط کے سیارے زیادہ ہوتے ہیں۔ ہبوطی عامل کی قلم سے کسی آدمی کو بدحال کرنے اور فقر وفاقہ کی حالت تک پہنچانے کے عملیات زیادہ زود اثر ہوتے ہیں۔ یا خانہ دشمن کے سیارے زیادہ ہوتے ہیں۔ ان کی قلم عملیات پستی، گراوٹ اور مرتبہ سے گرانے کے زیادہ ہوتے ہیں۔ وبال اور ہبوط کے سیاروں والا عامل زبان بندی، عقل بندی، نظر بندی، صحت بندی اور اولاد بندی یا بندش فعل حیوانی کے عملیات بڑے موثر ہوتے ہیں۔ ان کی کشادگی صرف حاکم بروج اور شرف والے سیارے گان رکھنے والے عامل حضرات کر سکتے ہیں۔ ہر کسی عامل کا کام نہیں ہوتا۔ اس لیے ہر عامل برابر نہیں ہے۔ چنانچہ جس عامل کے زائچہ میں مستقیم سیارے زیادہ ہوں۔ وہ عامل رکے ہوئے کاموں کی کشادگی کر کے جاری کر سکتا ہے۔ اور جن کے زائچہ میں راجع سیارے

زیادہ ہوں وہ جاری کام کو بڑی آسانی سے روک سکتا ہے۔ یا الٹ کرسکتا ہے۔ اس بارے میں کچھ حضرات کی یہ رائے ہے کہ مستقیم سیاروں والا عامل طاقتور ہوتا ہے۔ اور راجع سیارگان والا عامل کمزور ہوتا ہے۔ طلوع سیارے سعد اور غروب سیارے نحس ہوتے ہیں۔ اماوس اور سورج گرہن کے وقت قمر غروب ہوتا ہے۔ اس لیے کچھ حضرات کا خیال ہے کہ گرہن شمسی یا قمری کے روز پیدا ہونے والا عامل بڑا زبردست اور ظالم ہوتا ہے۔ اس کے جباری وقہاری عملیات بڑے زوداثر اور زایداثر ہوتے ہیں۔ یا پھر ایسے عامل جنہوں نے حاکم بروج کے اوقات میں، شرفات کے اوقات میں یا اوج وفرح کے اوقات میں عملیات کی زکات ادا کرتے ہیں۔ ان سے کار خیر میں اثرات زیادہ ہوتے ہیں۔ اور جو عامل حضرات وبال یا ہبوط کے اوقات میں یا حضیض وطرح کے اوقات میں عملیات کی زکات ادا کرتے ہیں۔ ان سے کار شر بڑی تیزی سے ہوتے ہیں۔ اسی طرح منقلب بروج والوں سے کام جاری کرنے یا بندش کرنے کے عملیات زود اثر ہوتے ہیں۔ اور ثابت بروج والوں سے بندش کرنے کا موثر ہوتا ہے۔ ذوجسدین بروج والا دونوں کام باسلوبی سے کرسکتا ہے۔ اور ایسے عامل ہیں۔ جن کے ایک برج میں ساتوں سیارے یکجا ہوتے ہیں۔ اگر وہ طالع شمسی کے تحت یا طالع شمسی میں ساتوں سیارے ہوتے ہیں۔ تو وہ عامل زاید اثر اور دیرپا ہوتا ہے۔ اور اگر طالع قمری میں سبع کواکب ہوتے ہیں۔ تو وہ عامل زود اثر ہوتا ہے۔ اور فوری اثر دکھاتا ہے۔ اور بعض کے طالع وقتی میں سبع سیارے ہوتے ہیں۔ یہ مقام پیدائش ہر زیادہ موثر ہوتے ہیں۔ اگر اپنی جگہ تبدیل کرلیں تو ان سے عملیات کا اثر زیادہ یا کم بھی ہوجاتا ہے۔ چونکہ اوپر والی مثالوں میں سے بہت کم عامل حضرات ایسے ملتے ہیں جو درج بالا قواعد وشرائط پر پورے اترتے ہیں۔ جو حضرات ایسے بھی ہیں جن کے پاس عملیات کی تاثیر میں عامل استاد یا عامل پیر کا ہاتھ ومعاونت ہوتی ہے۔ اور ان کی اجازت سے سارے کام کرتا ہے۔ ایسے عامل میں درج بالا شرائط نہ پائی جائیں تو وہ کام کرتا رہتا ہے۔ اور کام ہوتے رہتے ہیں۔ سبع کواکب کے یکجا کسی ایک برج میں اجتماع کی حالت ہونے میں سب کی حالت ایک جیسی نہیں ہوتی۔ چنانچہ دنیا میں بہت کم آدمی ایسے پائے جاتے ہیں۔ جن کے کسی برج میں کثرت کواکب ہو یا سبع کواکب کا اجتماع پایا جاتا ہو۔

زحل کے بروج جدی اور دلو سے تعلق رکھنے والی دو مثالیں پیش کی جارہی ہیں۔ جن میں ایک ۶ جنوری ۱۹۶۲ء بروز ہفتہ کا زائچہ شمسی ہے۔ اور دوسرا ۴ فروری ۱۹۶۲ء بروز اتوار کا زائچہ شمسی ہے۔ ان تاریخوں کا پیدائشی پاکستان میں کوئی عامل ہوسکتا ہے۔ اس میں پہلی مثال میں طالع شمسی جدی ہے۔

برج جدی:

برج جدی منقلب ہے اور زحل کا گھر ہے۔ اس میں شمس کو حضیض ہے، قمر کو وبال ہے۔ عطارد اس میں غروب ہے۔ اور زحل کی وجہ سے مساوی ہے۔ زہرہ زحل کا دوست ہے۔ جب کہ مریخ کو شرف ہے۔ اس کے اگلے خانہ دلو میں زحل کا اپنا گھر ہے۔ مشتری کو فرح ہے۔ ذنب زحل کی وجہ سے خانہ دوست میں پڑا ہے۔ چونکہ شمس وقمر جدی میں پڑے ہیں۔ ان کو گرہن کا خطرہ ہے۔ یا اجتماع نیرین ہوتا ہے۔ مورخہ ۶ جنوری ۱۹۶۲ء کی۔ اس تاریخ کو اجتماع نیرین ۱۷ بجکر ۳۵ منٹ پر برج جدی کے ۱۵ درجہ ۴۳ دقیقہ پر ہوا تھا۔ اجتماع نیرین کے دوران کا پیدائشی عامل اور اس وقت کا عمل دونوں موثر ہوتے ہیں۔ بالخصوص جدی تو درجہ انقلاب پر درجہ اول کا درجہ رکھتا ہے۔ باقی منقلب بروج جدی برج کے انقلابی خاصیت میں کم تر یا کم ترین درجہ رکھتے ہیں۔ اس لیے اس کی پہلے مثال دی گئی ہے۔

دوسری مثال دلو ثابت کی ہے جو زحل کا گھر ہے۔ اس میں شمس کو وبال ہے۔ قمر بھی وبال میں شمار ہوتا ہے۔ ذنب بھی رجعت میں چل رہا ہے۔ پھر یورانس پلوٹو اور نیپچون بھی اچھی حالت میں نہیں ہیں۔ اگر ایسا کوئی عامل ہو تو وہ بندش کے عملیات فوری اثر والے کرسکتا ہے۔ اس تاریخ کو یعنی پیدا ہونے والا آدمی نحس عملیات پر زیادہ موثر ہے۔ ۵ فروری ۱۹۶۲ء بروز پیر بوقت ۵ بجکر ۱۰ منٹ پر برج دلو کے ۱۵ درجہ ۴۳ دقیقہ پر اجتماع کیا تھا۔ گویا غروب قمر اور اجتماع قمر میں پیدا ہونے والا عامل اگر کوئی ہو تو ان کے اعمال بندش اور اعمال عقود ضرور اثر پذیر ہوں گے۔ پیدائش کے فوراً بعد یا قریبی دن میں خسوف یا کسوف کا ہونا مولود پر اثر ڈالتا ہے۔ اب ان کی والدہ مولود سے جدا اور الگ ہوتی ہے۔ اگر ایسا مولود جوان ہوکر عامل بنے تو اس کی روحانیت عقود / بندش کے عملیات کے لیے زیادہ موزوں ہے۔ بلکہ طبعی رجحان بھی اسی طرف ہوگا۔ اگر اسے پکا پیر استاد مل جائے اور اس کی تربیت خاص کرے تو وہ یقیناً بڑا ظالم، جابر اور قاہر عامل ثابت ہوگا۔ اگر کوئی ایسا عامل موجود ہو۔ اور وہ اس تحریر کو پڑھ کر اپنی ذات اور شان کے لیے کسر یا بے توقیری اور بے عزتی کا پہلو نکالے تو ان کے لیے اسی رسالہ کے ذریعہ معذرت خواہ ہوں۔ ایسی تاریخ کا مل جانا محض حسن اتفاق یا محض اتفاقیہ ہوگا۔ کیونکہ اس تاریخ ۶ جنوری ۱۹۶۲ء یا ۴ فروری ۱۹۶۲ء سے زیادہ درست تاریخ کی مثال کم ترین ملے گی۔ (واللہ اعلم بالصواب)

87 اسرار الاعداد حصہ دوم
88 پرشن آفتاب، اول ہندی وقتی نجوم
89 مجموعہ اعمال مجربہ سورہ یسین شریف باموکل طریقہ زکوۃ
90 مجموعہ اعمال مجربہ سورہ مزمل شریف باموکل طریقہ زکوۃ
91 امداد السالکین۔ سیف العاشقین
92 آئینہ جواہر
93 ترجمہ شرح حزب البحر
94 ترجمہ ستر الجمیل
95 الحکیم، جنوری 1929
96 الحکیم، فروری 1929
97 الحکیم، مارچ 1929
99 الحکیم، جون 1929
100 الحکیم، جولائی 1929
101 الحکیم، اگست 1929
102 الحکیم، ستمبر 1929
103 الحکیم، اکتوبر 1929
104 الحکیم، نومبر 1929
105 الحکیم، دسمبر 1929
106 الحکیم، جنوری 1930
107 الحکیم، فروری 1930
108 الحکیم، مارچ 1930
109 الحکیم، اپریل 1930
110 الحکیم، مئی 1930
111 الحکیم، جون 1930
112 الحکیم، جولائی 1930
113 مصر کا جادو اصلی و قدیمی
114 وظائف حب و بغض
115 اندر جال
116 الوتنتر عرف مخفیہ جادو
117 شجرہ رسول نسب رسول مقبول
118 تعویزات لاثانی

119 منتر شکتی
120 ہمالیہ پربت کا جادو، موہنی و دیا
121 وفیات الاخیار، عرس، بزرگوں کی تاریخ وفات، مقام دن
122 اعمال قرآنی
123 صبح کا ستارہ
124 فضائل الشہور والصیام فی ادوار اللیالی والایا
125 پندنامہ حضرت شیخ فریدالدین عطار
126 انوار غوثیہ
127 اسوہ صحابیات
128 نوائے فلک علم نجوم
129 یوگا ودھی
130 علاج الانسان باجزا الحیوان
131 بیاض مخزن اعمال، اول قلمی
132 مخزن اعمال، دوم قلمی
133 ساجن موہنی، چھلنا جادو
134 نسخہ مہر سلیمانی
135 زندہ طلسمی کرامات، قلمی
136 رسالہ تلاوۃ الوجود
137 اصلی مکمل جراحی پرکاش
138 حکایات شیریں، قدیم
139 تلبیس ابلیس
140 الکشف عن التصوف من معمات معمات التصوف
141 گنجینہ ہدایت کیمیائے سعادت
142 ہاتھ کی لکیروں میں قسمت
144 فضائل درود شریف
145 سراج السالکین
146 احکام الرجاء احکام الدعا
147 مناجات مقبول مکمل
148 جوب البحر اسم آء بزرجین
149 جوب الااعظم

150 وردِ اعظم شریف
152 شمس العارفین
153 راہ نجات
154 مجموعہ اعمال اکابر و مشائخ 8 عدد

166 ریکھا ودیا آئینہ تقدیر از کرتن کلدندھی
167 تصوف اسلام از عبدالماجد
168 اسرار النفس

مختلف علوم مخفی پر کتب کی یہ فہرست 500 سے زائد کتب پر مشتمل ہے۔ ادارہ کی پوری کوشش ہے کہ اس فہرست میں آنے والے دنوں میں مزید اضافہ کیا جائے۔ سو کتب کی نئی فہرست اور قیمت کی تفصیل آپ جوابی لفافہ ارسال کر کے حاصل کر سکتے ہیں۔

اس کے علاوہ آپ ہماری درج ذیل ویب سائٹ پر نئی اور مکمل لسٹ بھی دیکھ سکتے ہیں۔

www.khalidrathore.com

اس کے علاوہ ماہنامہ راہنمائے عملیات میں بھی نئی کتب کی تفصیل دی جاتی ہے۔

156 ہپناٹزم کا مکمل نصاب از شاد گیلانی
157 جفر الامام از شاد گیلانی
158 جفر بدوح یلین از شاد گیلانی
159 سر غیب مستحصلہ ابوطالبی از شاد
160 سائنس از شاد گیلانی
161 جفر الجامع خافیہ از شاد گیلانی
162 قاعدہ شاہ از شاد گیلانی
163 نکات جفر از شاد گیلانی
164 علم حروف کا الجبرا از شاد گیلانی
165 تنویم اور نفسیاتی علاج کی تاریخ

169 مجربات آسمانی معروف تجربات انسانی
170 اگنی ہوترا از بال کرشن
171 سیر الافلاک
172 الکلام المبین فی معجزات سید المرسلین
173 کوک شاستر
174 اندر جال کلاں طلسمی
175 دعائے حزب البحر مترجم
176 تقویۃ الایمان از شاہ اسماعیل شہید
177 تقدیر کی تصویر
178 نیر اعظم
179 احکام دشانشوتری
180 اسرار حیات

عبدالحئی راٹھور

ملازمت کی شفٹ میں آپ کا ماہ کیسا گزرے گا

حمل

عرصہ حکومت	21 مارچ تا 20 اپریل
منسوبی کوکب	مریخ
منسوبی حروف	ا، ل، ع، ی
خوش قسمت اعداد	9'7'2'1

خوش قسمت پتھر	مرجان، یاقوت
خوش قسمت دن	ہفتہ، اتوار، منگل
خوش قسمت رنگ	لال، نارنجی، ہلکا آسمانی

یکم تا 8 مارچ

وہ افراد جو روزگار کے حصول کے لیے کوشاں ہیں۔ جاری کواکبی صورت حال کے تحت کہا جا سکتا ہے کہ نوکری ملنے کی توقع ہے۔ رواں دنوں میں آپ آسان ذرائع سے پیسہ کمانے کی کوشش کریں گے۔ اپنے غیر ضروری اخراجات میں بھی کمی لائیں۔ اپنے دشمنوں سے دبے ہوئے تو اس ہفتے میں اللہ کی مدد سے اپنے دشمنوں کو مناسب جواب دینے کی پوزیشن میں ہوں گے اور ان پر غالب رہیں گے۔ وراثتی اُمور کا فیصلہ التواء کا شکار ہے تو اس کے حل کی کوئی صورت حال سامنے نہیں آئے گی اور معاملات اُلجھے رہیں گے۔ خط و کتابت اور نیٹ کا استعمال رواں دنوں میں کم رہے گا۔

9 تا 16 مارچ

انعامی سکیمیں، بانڈ نمبر وغیرہ کھیلنے کے لیے مناسب وقت نہیں ہے۔ کیونکہ آپ مالی فائدہ حاصل نہ کر سکیں گے۔ کس قسم کی ذہنی پریشانی ہے تو دور ہو جائے گی لیکن شریک حیات کے ساتھ معاملات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ اب وقت آ گیا ہے کہ جب آپ کی خواہشات عملی شکل اختیار کر لیں گی۔ انٹر و میٹرک کے طالب علموں کے اندر تعلیم کے حوالے سے سنجیدگی کا عنصر نظر نہیں آ رہا ہے۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کے پاس تعلیم سے متعلقہ فیصلے کرنے کے لیے موثر وقت ہے۔ وہ افراد جو قرض لینے کی کوشش کر رہے ہیں ان کی محنت بھی رنگ لاتی نظر آ رہی ہے۔ پچھلے کچھ عرصے میں اگر آپ کی کوئی شے گم ہوگئی تھی وہ واپس مل جائے گی۔

17 تا 24 مارچ

ملازمت پیشہ افراد کو اپنی کسی غلطی کی وجہ سے نوکری سے ہاتھ دھونا پڑ سکتا ہے یا بات نوکری چھوڑنے تک پہنچ جائے۔ بہت ممکن ہے کہ آپ کے خلاف سازش کی گئی ہو۔ قانونی معاملات نتیجہ خیز شکل اختیار نہ کر سکیں گے۔ کاروباری افراد کام میں بہتری

آپ کا برج؟

آپ کس برج کے تحت آتے ہیں یا کون سا برج آپ پر زیادہ اثر انداز ہو گا۔ یہ دیکھنے کے تین طریقے ہیں:......

☆ پہلا طریقہ یہ ہے کہ اپنی تاریخ پیدائش کے مطابق دیکھیں کہ کون سا برج آپ کا ہے۔ اگلے صفحات میں ہر برج کے ساتھ اس کا عرصہ حکومت بھی تحریر ہے۔

☆ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ دیکھیں آپ کا نام کس حرف سے شروع ہو رہا ہے۔ بس اس حرف سے متعلق برج سے حالات پڑھیں۔

☆ تیسرا طریقہ یہ ہے کہ اپنے نام اور والدہ کے اعداد دی گئی عددی جدول کی مدد سے نکالیں اور کل اعداد کو ۱۲ سے تقسیم کر دیں جو نمبر بچے گا وہی آپ کا برج ہوگا۔

رجعتِ کواکب

جو کواکب کی رجعت کا شکار ہوں وہ دی گئی عزیمت رجعت و نحوست سیارگان کو روزانہ گیارہ بار پڑھنا اپنا معمول بنا لیں۔ اول آخر ۳ مرتبہ درود شریف بھی پڑھیں اور صدق دل سے اللہ سے دعا کریں۔ حسب گنجائش صدقہ دیں۔

يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ بِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ وَ بِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ قِنَا مِنْ نُحُوْسَةِ الْكَوَاكِبِ وَ رُجُوْعِهٖ وَ وَبَالِهٖ وَ سُوْءِ نَظْرِهٖ بِحَقِّ يَا اَللّٰهُ يَا اَحَدُ يَا صَمَدُ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ۔

عددی جدول

حروف	عدد
ا، ی، ق، غ	۱
ب، پ، ک، گ، ر، ڑ	۲
ج، چ، ل، ش	۳
د، ڈ، م، ت، ٹ	۴
ہ، ن، ث	۵
و، س، خ	۶
ز، ژ، ع، ذ	۷
ح، ف، ض	۸
ط، ص، ظ	۹

مثال

اکبر	ا	ک	ب	ر	
	۱	۲	۲	۲	=۷

کے لیے محنت کرتے نظر آ رہے ہیں نیز ان کو محنت کا پھل بھی ضرور ملے گا۔ بہن بھائیوں کے ساتھ ناراضگی پیدا ہو گی۔ انعامی سکیمیں، لاٹری، ریس وغیرہ کھیلنے والے افراد کو ان کاموں سے مالی آمدن ہو گی۔ غیر ضروری اخراجات میں اضافہ ہو گا۔ شادی بیاہ کی تقریبات میں شرکت کریں گے۔ چند ایک پرانے دوستوں سے ملاقات بھی ہو گی۔ مکان یا سواری کی خریداری کرنے کے لیے جانا ہو گا۔ علاوہ ازیں کافی امکانات ہیں کہ آپ خرید لیں۔

25 تا 31 مارچ

حکومتی عہدیداروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو کوشش کریں وہ حل ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ کاروبار سے منسلک افراد کے کام میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ اگر ان کو کام میں کسی پریشانی کا سامنا ہے تو وہ پریشانی بھی دور ہو جائے گی۔ گاڑی، موٹر سائیکل وغیرہ ہے تو آپ کے ان پر اخراجات ہوں گے۔ خاندان یا عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو حل نہ ہو سکیں گے۔ آپ کا اپنے یار دوستوں اور بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ ملنا جلنا ہو گا، لیکن بہت کم۔ سیر و تفریح یا تجارت کے لیے اندرون ملک سفر کرنے کے لیے یہ وقت بہتر ہے۔ شریک حیات اور اولاد کے ساتھ تعلقات میں اونچ نیچ رہے گی۔

سعد تاریخیں	3-13-17-25
نحس تاریخیں	8-15
لکی نمبر	3-8-7

عرصہ حکومت	21 اپریل تا 20 مئی
منسوبی کوکب	زہرہ
منسوبی حروف	ب، و

خوش قسمت اعداد	9'6'3
خوش قسمت پتھر	ہیرا، نیلم
خوش قسمت دن	جمعرات، جمعہ، ہفتہ
خوش قسمت رنگ	سفید، لائٹ بلیو

یکم تا 8 مارچ

مال کی لین دین کے معاملات میں خاص طور پر محتاط رہیں۔ قانونی معاملات کسی بھی سمجھدار وکیل کے مشورے کے بغیر مت طے کریں۔ پیشہ وارانہ اُمور میں کسی قدر کامیابی کی توقع ہے۔ تاہم یہ صرف محنت اور مسلسل محنت کے باعث ہی ممکن ہے۔ اس عرصے کے دوران اخراجات میں اضافہ ہو گا۔ انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ بہتر نہ ہو گا۔ آپ کو چاہیے کہ ہر مسئلہ کو اس کے حساب سے حل کرنے کی کوشش کریں، تا کہ آپ کا کام بھی ہو جائے اور لوگوں کے ساتھ تعلقات بھی اپنی جگہ پر قائم رہیں۔ ازدواجی معاملات تناؤ کا شکار تھے تو معاملات میں بہتری لانے کے حوالے سے اچھا وقت ہے۔

9 تا 16 مارچ

غیر ضروری اخراجات پر قابو پاتے نظر آ رہے ہیں۔ ملازمت پیشہ افراد کو ترقی کی خوشخبری سننے کو ملے گی۔ کاروبار کے سلسلہ میں تجارت کرنا فائدہ مند رہے گا۔ کاروبار میں بہتری کے حوالے سے آپ کے ذہن میں نئے نئے آئیڈیاز آئیں گے۔ گھر کی تزئین و آرائش اور سواری کی مرمت کا پلان بنائیں گے لیکن اسے عملی شکل نہ دے سکیں گے۔ لمبے سفر سے گریز کریں کیونکہ دوران سفر آپ کو مسائل کا سامنا ہو گا اور نہ ہی آپ اپنے مقصد میں اُمید کے مطابق کامیاب ہو پائیں گے۔ قانونی معاملات سے جتنا ہو سکے دور رہنے کی کوشش کریں کیونکہ ان سے آپ کو پریشانی کے سوا کچھ حاصل نہ ہو گا۔

17 تا 24 مارچ

مالی معاملات میں تنگی کا سامنا رہے گا۔ شریک حیات کے ساتھ ناراضگی تھی تو وہ بھی دور ہو جائے گی۔ انعامی سکیمیں، بانڈ نمبر، ریس وغیرہ کے ذریعے پیسہ حاصل کرنے کی کوشش کرنا فضول ہے کیونکہ آپ کا کوئی انعام نکلنے کی اُمید نہیں ہے۔ قانونی معاملات میں آپ کی دخل اندازی بڑھے گی نیز اس حوالے سے خوشخبری سننے کو مل سکتی ہے۔ پیسہ کمانے کی غرض سے سفر کے لیے جانا ہو گا۔ لوگوں کے ساتھ زبانی کلامی لڑائی جھگڑے رہیں گے۔ یار دوستوں سے اپنی بات منوانے کے لیے کافی زیادہ محنت کرنا ہو گی۔ قرض لینے کی کوشش کر رہے ہیں تو اس میں کامیابی کی اُمید نظر نہیں آ رہی۔ عبادات کی ادائیگی کا خاص خیال رکھیں گے۔ طالب علموں کو تعلیم کے حوالے سے درپیش مسائل بھی دور ہو جائے گی۔

25 تا 31 مارچ

رواں دنوں میں آپ کی توجہ علوم مخفی کی طرف زیادہ رہے گی، سیکھنے کے لیے یہ وقت بہتر ہے۔ ذاتی کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں اگر کسی پریشانی کا سامنا ہے تو وہ بھی دور ہو جائے گی۔ بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے، نیز ان سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ بھی حل نہ ہو سکیں گے۔ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو ان دنوں میں سفر ممکن نہیں ہے۔ رشتے داروں اور یار دوستوں سے میل جول کم رہے گا۔ ملازمین سے وابستہ کام مقررہ وقت پر حل نہ ہو سکیں گے۔ سسرالی رشتے داروں سے میل ملاقات ہو گی۔ ان سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ بھی رواں دنوں میں ہونے کی توقع ہے۔ غیر ضروری اخراجات کی مد میں کمی کی کوشش کریں تو کافی حد تک کامیاب ہو جائیں گے۔

سعد تاریخیں	1-5-6-22-28
نحس تاریخیں	9-10-17
لکی نمبر	0-1-6

عرصہ حکومت	21 مئی تا 20 جون
منسوبی کوکب	عطارد
منسوبی حروف	ک، ق
خوش قسمت اعداد	9'5'1
خوش قسمت پتھر	زمرد، پکھراج
خوش قسمت دن	منگل، بدھ، جمعرات
خوش قسمت رنگ	سبز، پیلا، بسنتی

یکم تا 8 مارچ

شریک حیات کے ساتھ پیار و محبت بڑھے گا۔ علاوہ ازیں شریک حیات کے ساتھ سیر و تفریح کے لیے بھی جائیں گے۔ نئے شادی شدہ جوڑوں کو ایک دوسرے کو سمجھنے کے لیے یہ وقت مناسب ہے۔ خاندان اور عمر میں بڑے لوگوں کی اُمیدوں پر آپ پورا نہ اُتر سکیں گے۔ صحت کے حوالے سے لاپرواہی برتیں گے، جس کی وجہ سے آپ بیماری کا شکار ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ اپنے اور اولاد کے کپڑوں کی خریداری کے لیے جانا ہوگا۔ زمین و جائیداد اور دوسری قیمتی اشیاء کی خرید و فروخت کے حوالے سے یہ وقت مناسب نہیں ہے۔ دماغی بے چینی اور خوف کا شکار ہیں تو وہ دور ہو جائے گا۔ اس وقت ملازمین پر ضرورت سے زیادہ اعتبار صحیح نہیں ہے۔

9 تا 16 مارچ

بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات بہتر ہیں گے ان سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل ہو جائیں گے۔ آپ اپنا مال رفاعی کاموں کے لیے خرچ کریں گے۔ علوم مخفی میں آپ کی دلچسپی مزید بڑھے گی۔ اولاد کی صحت میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ اندرون ملک سفر کرنے کے لیے موزوں وقت نہیں کیونکہ دوران سفر حادثہ ہونے کا اندیشہ ہے۔ ملازمت پیشہ افراد کو اپنے ساتھ کام کرنے والے افراد کی مدد درکار ہو تو وہ آپ کی مدد کے لیے ضرور آئیں گے۔ عشق و محبت جیسے کاموں میں آپ پیسے کا ضیائع کریں گے۔ صحت میں بہتری آئے گی۔ اُمیدوں کو عملی شکل دینے کے لیے کوشاں رہیں، کامیابی ملنے کی توقع ہے۔

17 تا 24 مارچ

کاروباری افراد کی مالی فائدہ حاصل کرنے کے لیے کی گئی کوششیں ناکام ثابت ہوں گی۔ گھریلو معاملات اور شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں بہتری کی کوئی توقع نہیں ہے۔ اکثر موقعوں پر آپ اپنا ذہنی توازن بھی کھو بیٹھیں گے۔ جس کی وجہ سے آپ کوئی غلط حرکت یا فیصلہ کر لیں گے۔ سفر کرتے نظر آ رہے ہیں۔ جوا وغیرہ کھیلتے ہیں تو ان سے بھی مالی فائدہ حاصل ہوگا۔ ملازمت پیشہ افراد کے نوکری کے حوالے سے مسائل حل ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ اُمیدوں کو پورا کرنے کے لیے محنت کریں گے۔ علاوہ ازیں کامیابی کی توقع بھی ہے۔ سواری یا مکان وغیرہ خریدنا چاہتے ہیں تو اس عرصہ میں اس کام سے باز رہیں۔

25 تا 31 مارچ

آپ کی توجہ مذہبی کاموں کی طرف پہلے کی نسبت زیادہ رہے گی۔ آپ اپنا مال رفاعی کاموں میں خرچ کریں گے۔ زمین و جائیداد اور گاڑی وغیرہ کی خرید و فروخت کرنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ اندرون یا بیرون ملک سفر کی کوشش کر رہے ہیں تو آپ کی یہ خواہش اس عرصے میں عملی شکل اختیار کرتی نظر آ رہی ہے۔ نیز اس سلسلے میں چھوٹے بہن بھائیوں اور قریبی رشتے داروں کی طرف سے بھی مدد ملے گی۔ انعامی سکیمیں، لاٹری، بانڈ وغیرہ کھیلتے ہیں تو یہ فائدہ مند رہے گا۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں اونچ نیچ آتی نظر آ رہی ہے۔ شراکتی اکاؤنٹ کا مسئلہ ہے تو کوشش کریں وہ حل ہو جائے گا۔ ساس ہیں تو آپ کے تعلقات اپنی بہو کے ساتھ بہتر نہ رہیں گے۔

سعد تاریخیں	3-8-17-25-30
نحس تاریخیں	13-19
لکی نمبر	3-8-1

سرطان

عرصہ حکومت	21 جون تا 22 جولائی
منسوبی کوکب	قمر
منسوبی حروف	ح، ہ
خوش قسمت اعداد	8'6'2
خوش قسمت پتھر	سفید موتی، ہیرا، مرجان
خوش قسمت دن	پیر، منگل، جمعہ
خوش قسمت رنگ	سفید، بسنتی، پیلا

یکم تا 8 مارچ

نوکری کی تلاش میں ہیں تو کوشش جاری رکھیں، مزید یہ کہ اس جگہ پر بھی ملازمت کے لیے ضرور کوشش کریں، جہاں خاندان کا کوئی فرد پہلے بھی نوکری کر رہا ہو۔ آپ کی یہ محنت اپنا ثمر ضرور دے گی۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ کام کچھ لیے دیئے بغیر حل نہ ہو سکیں گے۔ ساس کے ساتھ تعلقات خوشگوار رہیں گے۔ خفیہ دشمن اور مخالف آپ کے خلاف سازشیں کرتے رہیں گے۔ شادی بیاہ اور دعوتوں میں آپ کی شرکت کم رہے گی۔ تجارت یا رہائش کے لیے اندرون ملک سفر کرنا حسب خواہش نتائج نہ لائے گا۔ رواں دنوں میں احتیاط کی ضرورت ہے چوٹ لگنے کا اندیشہ ہے۔

9 تا 16 مارچ

بیماری طوالت اختیار کر گئی ہوئی ہے تو اب صحت میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ وراثتی معاملات کی وجہ سے پریشان ہیں تو وہ پریشانی بھی کافی حد تک دور ہو جائے گی۔ کاروبار سے منسلک افراد کے کام میں بہتری آئے گی۔ نیز ان کو کئی نئے آرڈر بھی ملیں گے۔ یار دوستوں کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ آپ کا انداز گفتگو تلخ رہے گا۔ شادی بیاہ کی تقریبات اور محفلوں میں آپ شرکت کریں گے۔ انعامی سکیمیں، بانڈ، ریس وغیرہ

کھیلتے ہیں تو اس سے بھی مالی فائدہ حاصل کرتے نظر آ رہے ہیں۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ توقعات اور کام حل نہ ہو سکیں گے۔

17 تا 24 مارچ

سفر کرنے کے لیے موزوں وقت نہیں ہے۔ غیر ضروری اخراجات میں اضافہ کا اندیشہ ہے۔ اولاد کے ساتھ وقت گزارنا پسند کریں گے۔ ذہنی طور پر پریشانی کا شکار ہیں تو وہ کافی حد تک دور ہو جائے گی۔ شریک حیات کے ساتھ سیر و تفریح کے لیے جائیں گے۔ کاروباری افراد کے کام میں تیزی آئے گی، نیز ان کے مالی معاملات بھی بہتر رہیں گے۔ وہ افراد جو کرایہ داروں کی تلاش میں ہیں ان کو بہتر کرائے دار ملنے کی توقع ہے۔ برے خواب آئیں گے۔ یہ عرصہ ٹیلی فون کے بلوں میں اضافے کو ظاہر کر رہا ہے۔ سسرالی رشتے داروں کی طرف جانا ہوگا۔

25 تا 31 مارچ

شراکتی کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں اگر کسی مسئلہ کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے تو وہ پریشانیاں دور ہوتی نظر آ رہی ہیں۔ لوگوں کے ساتھ انداز گفتگو میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ ساس کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل نہ ہو سکیں گے۔ آپ اپنے دشمنوں پر حاوی رہیں گے۔ قرضہ لینے کی کوشش کر رہے ہیں تو آپ کی کوششیں رنگ لاتی نظر آ رہی ہیں اور آپ کو اپنے مقصد میں بھی کامیابی مل جائے گی۔ انعامی سکیمیں، میچ، لاٹری وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند نہ رہے گا۔ شریک حیات کے ساتھ ناراضگی تھی تو وہ دور ہو جائے گی اور تعلقات میں بہتری آئے گی۔

سعد تاریخیں	1-5-6-22-28
نحس تاریخیں	8-15-21
لکی نمبر	1-6-4

عرصہ حکومت	23 جولائی تا 23 اگست
منسوبی کوکب	شمس
منسوبی حرف	م
خوش قسمت اعداد	9'6'5'1
خوش قسمت پتھر	یاقوت، مرجان
خوش قسمت دن	اتوار، منگل، بدھ
خوش قسمت رنگ	سنہرا، سبز، سرخ

یکم تا 8 مارچ

معاشرے کے معززین آپ کی بات کو اچھے طریقے سے سمجھ کر آپ کی مدد کریں گے۔ سسرالی رشتے داروں کے ساتھ تعلقات خوشگوار رہیں گے۔ شریک کار اور شریک حیات آپ کی خواہشات اور کاموں کو پورا کرنے میں مددگار ثابت ہوں گے۔ بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں تلخی رہے گی اور اس کی وجہ سے آپ کی غیر اخلاقی طریقہ سے گفتگو کرنا ہوگی۔ رواں دنوں میں سیر و تفریح کے لیے جانا ہوگا۔ یار دوستوں سے میل ملاقات بھی زیادہ رہے گی۔ ڈرائیونگ کے دوران احتیاط کا مظاہرہ کرنا ہوگا، ورنہ دوسری صورت حادثہ ہے۔ مالی معاملات میں تنگی رہے گی۔ اولاد کی طرف توجہ رہے گی، اور ان کی بہتر پرورش کے لیے کوشاں رہیں گے۔

9 تا 16 مارچ

حکومتی افسران سے وابستہ کام حل نہ ہو سکیں گے۔ سواری یا مکان کی خرید و فروخت کے لیے سعد وقت ہے۔ تجارتی معاہدے اور دوسروں سے رقم کے حصول کے لیے یہ مناسب وقت ہے۔ شریک حیات کی تلاش میں ہیں تو اپنی کوششیں تیز کر دیں، آپ کو کامیابی ملنے کی توقع ہے۔ ملازمین کے ذمے لگائے گئے کام مقررہ وقت پر حل نہ ہو سکیں گے۔ عشق و محبت جیسے کاموں کی طرف آپ کا رجحان زیادہ رہے گا۔ سیر و تفریح کے لیے بھی جائیں گے۔ کاروباری افراد کے لیے یہ وقت پریشان کن گزرے گا۔ خفیہ دشمن آپ کو نقصان پہنچانے کی ہر ممکن کوشش کریں گے۔ انداز گفتگو میں بہتری آئے گی۔

17 تا 24 مارچ

آپ کی خواہشات کے پورے ہونے کی کوئی اُمید نظر نہیں آتی۔ مالی معاملات کو لے کر بھی پریشانی آئے گی۔ شریک حیات اور ساس کے ساتھ تعلقات خوشگوار رہیں گے۔ بچوں کی طرف رجحان بڑھے گا۔ ان کی پرورش پر بھی آپ خاصی توجہ دیں گے۔ وراثتی معاملات دوبارہ زیر بحث آئیں گے، لیکن کوئی حتمی فیصلہ نہ ہو سکے گا۔ بانڈ نمبر، جوا وغیرہ کھیلتے ہیں تو آپ کا انعام نکل آئے گا۔ داماد کے ساتھ تعلقات میں کچھ اونچ نیچ ہونے کے امکانات ہیں۔ نوکری کو تبدیل کرنے کے حوالے سے مناسب وقت ہے۔ آپ دینی و دنیاوی دونوں طرح کی تعلیم حاصل کرنے کے لیے کوشاں رہیں گے۔

25 تا 31 مارچ

صحت کے حوالے سے اگر کسی پریشانی کا سامنا ہے تو یہ پریشانی دور ہوتی نظر آ رہی ہے۔ بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ شراکتی کاروبار سے وابستہ افراد کو کام میں اگر کسی مسئلہ کا سامنا ہے تو کوشش سے وہ پریشانی دور ہو جائے گی۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ آپ کا رویہ پیار محبت والا رہے گا۔ یار دوستوں اور رشتے داروں سے ملنا جلنا رہے گا۔ حکومتی اداروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل ہوتے نظر نہیں آ رہے۔ ذاتی کاروبار سے وابستہ افراد کو کام میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا ہوگا۔ مقدمہ وغیرہ جیسے قانونی نوعیت کے مسئلہ کا شکار ہیں تو اس کا فیصلہ آپ کے حق میں نہ ہوگا۔

سعد تاریخیں	3-13-21-25-30
نحس تاریخیں	9-10-17
لکی نمبر	3-4-5

سنبلہ

عرصہ حکومت	24اگست تا22 ستمبر
منسوبی کوکب	عطارد
منسوبی حروف	پ، غ
خوش قسمت اعداد	6'5'3
خوش قسمت پتھر	پنا، پکھراج، ہیرا
خوش قسمت دن	بدھ، جمعرات، جمعہ
خوش قسمت رنگ	سبز، پیلا، سفید

یکم تا 8مارچ

رواں عرصہ میں آپ کو گھریلو سکون میسر رہے گا۔ وہ افراد جو رشتے کی تلاش میں ہیں ان کو چاہیے کہ ان دنوں میں اپنی کوشش کو جاری رکھیں بلکہ یوں کہوں گا کہ کوششوں کو تیز کردیں، کیونکہ آپ کو اس عرصہ میں خوبصورت، مہذب اور مالی لحاظ سے بہتر شریک حیات ملنے کی توقع ہے۔ حکومتی اداروں سے وابستہ کام حل ہوتے نظر نہیں آرہے، نہ ہی کام کے حل کرانے میں آپ کوئی دلچسپی کا مظاہرہ کررہے ہیں۔ وراثتی اُمور کا فیصلہ رواں دنوں میں ہوتا ہے تو وہ آپ کی خواہش کے مطابق نہ ہوگا۔ کاروبار کے سلسلے میں اندرون ملک سفر کرنا فائدہ مند ثابت نہ ہوگا۔ نئی سواری خریدنے کے لیے بہتر وقت ہے۔

9تا 16مارچ

صحت خراب ہے تو علاج جاری رکھیں آپ صحت یاب ہوتے دکھائی دے رہے ہیں۔ مالی حالات میں تنگی رہے اور اخراجات بھی زیادہ ہوں گے اور آپ یہ سمجھ نہ پائیں گے کہ اخراجات کہاں اور کیوں ہورہے ہیں۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو اس سلسلے میں بہن بھائیوں اور رشتے داروں سے رابطہ کریں ان کی طرف سے مدد ملنے کی توقع ہے۔ بانڈ نمبر، ریس وغیرہ کھیلتے ہیں تو ان میں کامیابی ملے گی۔ خط وکتابت کی طرف رجحان بڑھے گا اور انٹرنیٹ کا استعمال بھی زیادہ کریں گے۔ بینکوں سے وابستہ مسئلہ حل نہ ہوسکے گا۔ خفیہ دشمن بھی آپ کو نقصان پہنچاتے نظر آرہے ہیں۔ اولاد جوان ہے تو یہ مالی حالات میں بہتری لانے کی کوشش کریں گے۔

17تا24مارچ

کاروباری افراد کو کام کے حوالے سے تنگی کا سامنا رہے گا۔ علاوہ ازیں نئے کاروبار کے آغاز کے لیے سعد وقت نہیں ہے۔ انعامی سکیمیں، بانڈ، نمبر، ریس وغیرہ کھیلتے ہیں تو ان سے مالی فائدہ حاصل کرسکتے ہیں۔ وہ افراد جو وراثتی معاملات کی وجہ سے پریشان ہیں ان کے مسائل میں کمی آئے گی۔ وراثتی معاملات کا کوئی نہ کوئی حل ضرور نکل آئے گا۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات خراب رہیں گے۔ آپ گھر میں رہنا اور گھر کے لوگوں کے ساتھ وقت گزارنا پسند کریں گے۔ یار دوستوں کے ساتھ میل ملاقات زیادہ رہے گی۔ نیز سیر وتفریح کے لیے بھی جائیں گے۔ حکومتی افسران سے کام کے حل کے لیے توقعات رکھنا بے کار ہیں، یہ آپ کا کوئی کام بھی نہ کریں گے۔

25تا31مارچ

ملازمت پیشہ افراد کو نوکری میں اگر کسی پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے تو وہ مسئلہ آپ کی خواہش کے مطابق حل ہوتا نظر آرہا ہے۔ اولاد کے ساتھ ناراضگی ہے تو وہ دور ہوتی نظر آرہی ہے۔ کاروباری حضرات کو کام میں چھوٹی موٹی پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ انعامی سکیمیں، میچ، لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس میں اُمید کے مطابق فائدہ نہ ہوسکے گا۔ یار دوستوں اور بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ ملنا جلنا کم رہے گا۔ آپ کے تعلقات اپنی ساس اور شریک حیات کے ساتھ بہتر رہیں گے۔ آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف کم رہے گا، نیز آپ اپنا مال رفاہی کاموں میں خرچ کرتے نظر نہیں آرہے۔ عمرہ یا زیارت کے لیے جانا چاہتے ہیں تو وہ ممکن نہیں ہے۔ قانونی نوعیت کے درپیش مسائل حل نہ ہوسکیں گے۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ کام ہیں تو وہ حل ہوجائیں گے۔

سعد تاریخیں	1-5-6-22-28
نحس تاریخیں	13-19
لکی نمبر	1-0-8

میزان

عرصہ حکومت	23 ستمبر تا23 اکتوبر
منسوبی کوکب	زہرہ
منسوبی حروف	ت، ر، ط
خوش قسمت اعداد	9'6'4'1
خوش قسمت پتھر	ہیرا، سفید موتی
خوش قسمت دن	جمعہ، اتوار، منگل
خوش قسمت رنگ	پیلا، نارنجی، گندمی

یکم تا 8مارچ

جن لوگوں کے وراثت کے معاملات التواء کا شکار تھے ان کو اسی عرصہ میں اپنے وراثتی معاملات کو نتیجہ خیز انجام تک پہنچانے کا موقع ملے گا۔ رواں دنوں میں آپ کی توجہ اپنی ذات کی طرف زیادہ رہے گی۔ دشمن اور مخالف آپ کو نقصان پہنچانے کی ہر ممکن کوشش کریں گے۔ اندرون ملک سفر کے لیے جائیں گے، نیز یہ سفر سیر وتفریح کے لیے بھی ہوسکتا ہے اور نوکری کے سلسلے میں بھی۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کو چاہیے کہ وقت کا ضیائع مت کریں اور اپنی تعلیم کی طرف توجہ دیں۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ ضرورت کے مطابق نہ ہوگا۔ زبان کا استعمال سوچ سمجھ کر کریں ورنہ معاملات خراب ہوسکتے ہیں۔ پیشے میں ترقی کا امکان ہے۔ خاندان سے متعلق ایسے حالات پیدا ہوں گے جو پریشانی کا باعث بنیں گے۔ ایسی جگہ روپیہ نہ لگائیں جہاں ضائع ہوجانے کا امکان تھوڑا سا بھی امکان ہو۔ خط وکتابت

سے اعور طے کرنے میں مدد ملے گی۔

9تا 16مارچ

بینک سے لون لینے کی کوشش کر رہے ہیں تو لون ملنے کی توقع ہے۔ انعامی بانڈ نمبر وغیرہ کھیلنے والے افراد بھی مالی فائدہ حاصل کرتے نظر آ رہے ہیں۔ خواہشات کو پورا کرنے میں ناکام رہیں گے۔ وراثتی معاملات کی وجہ سے پریشان ہیں تو کوشش یہ ہی کریں کہ فیصلہ نہ ہو، اگر ہو گیا تو وہ آپ کے لیے ناخوشگوار ثابت ہوگا۔ منگنی، نکاح کرنے کے لیے سعد وقت ہے۔ حکومتی اداروں سے وابستہ اگر کوئی مسئلہ ہے تو وہ حل نہ ہو سکے گا۔ صحت بہتر رہے گی۔ آپ اپنا مال رفاعی کاموں میں بھی خرچ کریں گے۔ بڑے بہن بھائیوں اور رشتے داروں سے میل جول اور بات چیت کم رہے گی۔

17تا 24مارچ

بیرون ملک سفر کرنا کسی صورت بھی موثر ثابت نہ ہوگا۔ کیونکہ دوران سفر آپ کافی پریشانیوں اور مسائل سے گھیرے ہوئے نظر آتے ہیں۔ ملازمت پیشہ لوگ کام کے حوالے سے لاپرواہی کا مظاہرہ کریں گے۔ جوان کے لیے بہتر ثابت نہ ہوگا کیونکہ آپ کی اس کمزوری سے آپ کے مخالف اور دشمن فائدہ اٹھائیں گے اور آپ کے لیے مسائل پیدا کریں گے۔ گھریلو سکون میسر آئے گا۔ انٹرلیول اور اس سے کم درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف بڑھے گی۔ نیز بہن بھائیوں اور والدین کی طرف سے بھی راہنمائی ملے گی۔ نئے شادی شدہ جوڑے کو ایک دوسرے کو سمجھنے کے لیے بہتر وقت ہے۔ علاوہ ازیں شریک حیات کے ساتھ سیر وتفریح کے لیے جائیں گے/گی۔

25تا 31مارچ

انٹر اور اس سے کم درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف زیادہ رہے گی۔ بڑے بہن بھائیوں سے تعلیم کے سلسلے میں بہتر مشورہ بھی ملتا نظر آ رہا ہے۔ ساس کے ساتھ تعلقات میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ حکومتی اداروں سے وابستہ اگر کوئی کام درپیش ہیں تو کوشش کریں حل ہو جائیں گے۔ اولاد اور شریک حیات کے درمیان ان بن تھی تو وہ دور ہو جائے گی۔ قرضہ لینے کی کوشش کر رہے ہیں تو وہ ملتا نظر نہیں آ رہا ہے۔ انعامی سکیمیں، لاٹری، جوا وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس سے فائدہ اُمید کے مطابق نہ ہو سکے گا۔ ذاتی کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ ضرورت کے مطابق نہ ہوگا۔

سعد تاریخیں	1-13-17-25-28
نحس تاریخیں	15-21
لکی نمبر	4-7-3

عرصہ حکومت	24اکتوبر تا 22نومبر
منسوبی کواکب	مریخ' پلوٹو
منسوبی حروف	ذ'ز'ض'ظ'ن
خوش قسمت اعداد	8'3'2'1
خوش قسمت پتھر	مرجان' روبی
خوش قسمت دن	اتوار' پیر' منگل' جمعرات
خوش قسمت رنگ	لال' سفید' کریم کلر

یکم تا 8مارچ

مالی حالات میں مزید بہتری آئے گی۔ لیکن اس کے ساتھ ہی ساتھ آپ کے اخراجات میں بھی اضافہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ وہ افراد جو رشتے کی تلاش میں ہیں ان کے پاس اچھے رشتے آئیں گے۔ آپ کی طرف سے انکار ہو سکتا ہے۔ مال کی لین دین کے دوران احتیاط کریں۔ ممکن ہے آپ کے ساتھ دھوکا اور سازش کی جائے۔ آپ اپنی خواہشات کو پورا کرنے کے لیے کافی کوشش کریں گے۔ لیکن پھر بھی آپ کو کوئی خاص کامیابی نہ مل پائے گی۔ دوران ڈرائیونگ اور پیدل چلتے وقت احتیاط کریں، حادثہ کا اندیشہ ہے۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو آپ انعام حاصل کرنے میں کامیاب رہیں گے۔

9تا 16مارچ

جسمانی اور ذہنی طور پر صحت مند رہیں گے۔ گھریلو سکون بھی میسر آئے گا۔ ساس کے ساتھ تعلقات میں بھی بہتری آئے گی۔ دشمنوں سے مقابلے کی پوزیشن میں رہیں گے۔ مالی معاملات کے حوالے سے اچھی خبر سننے کو ملے گی ہو سکتا ہے کسی جگہ سے آپ کو رقم واپس مل جائے جس کے امکانات پہلے بہت کم تھے۔ حکومتی اداروں سے وابستہ مسائل حل نہ ہو سکیں گے۔ قانونی معاملات کا شکار ہیں تو ان سے زیادہ سے زیادہ دور رہنے کی کوشش کریں ورنہ آپ کو کوئی بری خبر سننے کو مل سکتی ہے۔ بیرون ملک سفر کے لیے درست وقت نہیں کیونکہ آپ جس کام کے لیے سفر کرنا چاہتے ہیں اس کے لیے آپ ذہنی طور پر تیار نہیں ہیں۔

17تا 24مارچ

بیماری طوالت اختیار کر جائے گی۔ آپ کو دوا کے ساتھ ساتھ روحانی علاج کی ضرورت بھی ہے (اس سلسلے میں آپ ہمارے ادارے سے رابطہ کر سکتے ہیں)۔ جوا، گھڑ سواری کھیلنے سے باز رہیں آپ کو کامیابی ملنے کی کوئی توقع نہیں ہے۔ قانونی معاملات کو لے کر پریشان ہیں تو اب آپ کے پاس وقت ہے کہ جب آپ کو ان کا ایک بہتر حل مل جائے گا۔ مالی معاملات میں بہتری آئے گی۔ لوگوں کے ساتھ بول چال بڑھے گی۔ کسی کو قرض نہ دیں۔ کیونکہ وہ رقم واپس ملنے کی کوئی اُمید نظر نہیں آتی۔ رشتے داروں اور ہمسایوں سے ملنا جلنا رہے گا۔ منگنی، نکاح کرنے کے لیے بھی سعد تاریخیں ہیں۔

25تا 31مارچ

اندرون ملک سفر کے بارے میں سوچ رہے ہیں تو سفر ممکن اور آپ کے لیے فائدہ مند رہے

گا۔ آپ کے اپنے چھوٹے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ نیز بہن بھائیوں اور رشتے داروں سے ملنا جلنا بھی رہے گا۔ ملازمین سے وابستہ کام حل ہو جائیں گے۔ ذاتی اور شراکتی کاروبار سے وابستہ افراد کو کام میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف کم رہے گا۔ بیرون ملک سفر کی کوشش کر رہے ہیں تو اس دوران کامیابی ملتی نظر نہیں آ رہی۔ حکومتی اداروں اور عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ کام کے حل میں چند ایک مشکلات کا سامنا ہوگا۔ لیکن اگر آپ اپنی کوشش کو جاری رکھیں تو کام حل ہو جائیں گے۔ صحت کے حوالے سے پریشانی کا سامنا ہے تو صحت میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔

سعد تاریخیں	1-5-6-28
نحس تاریخیں	9-10-17
لکی نمبر	6-0-4

عرصہ حکومت	23 نومبر تا 21 دسمبر
منسوبی کوکب	مشتری
منسوبی حرف	ف
خوش قسمت اعداد	5'3'1
خوش قسمت پتھر	پکھراج، پنا، روبی
خوش قسمت دن	بدھ، جمعرات، اتوار
خوش قسمت رنگ	پیلا، ہلکا زرد

یکم تا 8 مارچ

آپ کی توجہ زیادہ تر اپنی ذات پر رہے گی۔ جس کی وجہ سے آپ کے شریک حیات کے ساتھ تعلقات خراب ہوں گے۔ خواہشات کو پورا کرنے کے لیے محنت کریں گے، اور اپنی زیادہ تر خواہشات کو پورا کرنے میں کامیاب بھی رہیں گے۔ اولاد کو آپ کی توجہ کی ضرورت ہے جو رواں دنوں میں ملتی نظر نہیں آ رہی۔ آپ کے فضول اخراجات میں اضافہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ یہ زیادہ تر اپنی ذات پر یا دوستوں پر ہوں گے۔ صحت بہتر رہے گی اور کھانے پینے کی طرف زیادہ رجحان رہے گا۔ ساس کے ساتھ تعلقات خوشگوار رہیں گے۔ آپ کی ذات میں سستی کا عنصر شامل رہے گا۔ کاموں کو مقررہ وقت پر کرنے کی بجائے اگلے وقت پر منتقل کرتے جائیں گے۔

9 تا 16 مارچ

اندرون ملک سفر کے امکانات بن رہے ہیں۔ یہ سفر سیر و تفریح کے لیے بھی ہو سکتا ہے اور کاروباری افراد کام کے سلسلے میں بھی کریں گے۔ انعامی سکیمیں، بانڈ نمبر، ریس وغیرہ کھیلتے ہیں تو کامیابی ملنے کے امکانات کافی زیادہ ہیں۔ آپ کا رجحان عیاشی اور عشق و محبت جیسے کاموں کی طرف زیادہ رہے گا۔ قرضہ دیا ہوا ہے تو رقم کی واپسی کے امکانات نہیں ہیں۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کے نتائج اُمید کے مطابق نہیں آئیں گے۔ ملازمت اور مزدوری کرنے والے افراد کو کام کے حوالے سے پریشانی کا سامنا رہے گا۔ خط و کتابت کی طرف رجحان بڑھے گا۔

17 تا 24 مارچ

کاروبار سے وابستہ افراد کے لیے یہ وقت اپنے ساتھ مسائل لے کر آ رہا ہے۔ یہ وقت ان کے لیے سخت ثابت ہوگا۔ اس دوران آپ کی جمع پونجی آپ کے اخراجات پورے کرنے میں کام آئے گی۔ انعامی سکیمیں، جوا، ریس وغیرہ کھیلنے والے افراد انعام حاصل کرتے نظر آ رہے ہیں۔ صحت میں بہتری آئے گی۔ نیز خوراک کی طرف بھی خاص توجہ دیں گے۔ یار دوستوں کے ساتھ گھومنے پھرنے کے لیے جائیں گے۔ حکومتی افسران سے متعلق کام ہونے کی کوئی توقع نہیں۔ سواری، جائیداد وغیرہ کی خرید و فروخت کی ڈیل کرتے ہیں تو یہ حتمی شکل اختیار نہ کر سکے گی۔ نیز مخالف شخص کی نیت بھی صاف نہیں ہے، آپ کو دھوکہ دینے کی کوشش کرے گا۔

25 تا 31 مارچ

قانونی نوعیت کے درپیش مسائل ہیں تو کوشش کریں وہ آسانی سے حل ہو جائیں گے۔ اس سلسلے میں آپ کو اپنے بہن بھائیوں سے مدد لینا بھی فائدہ مند رہے گا۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ ضرورت کے عین مطابق رہے گا۔ جس کی وجہ سے آپ کے لوگوں سے وابستہ اکثر کام حل ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ قرضہ لینے کی کوششیں کر رہے ہیں تو آپ کی کوششیں رنگ لاتی نظر نہیں آ رہی ہیں۔ شریک حیات کے ساتھ ناراضگی ہے تو وہ دور ہو جائے گی اور تعلقات بہتر ہو جائیں گے۔ وراثت وغیرہ کا مسئلہ ہے تو وہ حل ہوتا نظر نہیں آ رہا اور اگر ہو بھی گیا تو اس کا فیصلہ آپ کے حق میں نہ ہوگا۔ آپ کو صحت کے حوالے سے احتیاط کی ضرورت ہے۔ ورنہ پریشانی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

سعد تاریخیں	3-8-17-21-30
نحس تاریخیں	9-10-19
لکی نمبر	8-9-0

عرصہ حکومت	22 دسمبر تا 19 جنوری
منسوبی کوکب	زحل
منسوبی حروف	خ، ج، گ
خوش قسمت اعداد	8'6'5
خوش قسمت پتھر	نیلم، ہیرا
خوش قسمت دن	بدھ، جمعہ، ہفتہ
خوش قسمت رنگ	نیلا، سفید، سبز

یکم تا 8 مارچ

کاروبار سے منسلک افراد کے لیے یہ عرصہ بہتری لے کر آ رہا ہے۔ وہ افراد جو کاروبار میں پیسہ لگانا چاہتے ہیں، ان کے لیے بھی یہ وقت بہتر

ہے۔ ادویات کا استعمال ڈاکٹر کی رائے کے بغیر نہ کریں، ورنہ آپ کو مزید پریشانی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کو چاہیے کہ دوسرے کاموں کے علاوہ تعلیم کی طرف زیادہ توجہ دیں، کیونکہ فی الحال کوئی اور مسئلہ تعلیم سے زیادہ ضروری نہیں۔ موسیقی کی طرف زیادہ رجحان رہے گا۔ اس کے علاوہ آپ عشق ومحبت جیسے کاموں میں بھی زیادہ توجہ دیں گے۔ والد کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ ان سے اپنے مسائل بیان کریں، بہتر مشورہ ملنے کی اُمید ہے۔

9 تا 16 مارچ

اُمیدوں کو عملی شکل دینے کے لیے موزوں وقت ہے نیز ان کے پورے ہونے کے امکانات قوی ہیں۔ انداز گفتگو میں بہتری آئے گی۔ عمر میں بڑے لوگوں کے ساتھ عزت واحترام کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ بہن بھائیوں اور رشتے داروں سے ملنا جلنا ہوگا۔ کاروباری افراد کو کام کے حوالے سے تھوڑی پریشانی کا سامنا رہے گا۔ گھریلو سکون میسر آئے گا۔ نیز گھریلو لڑائی جھگڑے چل رہے ہیں تو وہ مسئلہ بھی حل ہو جائے گا۔ عیاشی اور عشق ومحبت جیسے کاموں کی وجہ سے پریشانی پیدا ہوگی نیز ان کاموں میں پیسہ بھی ضائع کریں گے۔ بینکوں سے وابستہ مسائل ہیں تو وہ حل ہوتے نظر آتے ہیں۔

17 تا 24 مارچ

سفر کرنے کے لیے موزوں وقت نہیں ہے۔ جس مقصد کے لیے آپ سفر کریں گے [illegible] نہ ہو سکے گا۔ وہ افراد جو نوکری کی تلاش میں ہیں ان کو چاہیے کہ نا اُمید نہ ہوں اور اپنی کوششوں کو جاری رکھیں۔ شریک حیات اور ساس کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ حکومتی افسران سے وابستہ کام حل ہو جائیں گے۔ نئے کاروبار کا آغاز کرنے کے لیے سعد وقت ہے۔ وہ افراد جو پہلے سے ہی کاروبار کر رہے ہیں ان کی آمدن میں بھی اضافہ ہوگا۔ چوٹ لگنے کا اندیشہ ہے۔ رشتے دار آپ کے لیے مسائل پیدا کرتے نظر آتے ہیں۔ اُمیدوں اور خواہشات کو عملی شکل دینے کے لیے کوشاں رہیں گے۔ نیز اس حوالے سے کامیابی ملنے کی توقع ہے۔ لڑائی جھگڑوں جیسے کاموں کی طرف آپ کا رجحان رہے گا۔

25 تا 31 مارچ

آپ کے اخراجات میں کمی آتی نظر آ رہی ہے۔ جس کی وجہ سے آپ اپنے مالی حالات میں بہتری محسوس کریں گے۔ اگر کوئی شخص آپ کا مقروض ہے تو وہ رقم یا اشیاء واپس مل سکتی ہیں۔ کاروبار سے منسلک افراد کے کام میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ کاروبار سے حاصل ہونے والی آمدن میں بھی اضافہ ہوگا۔ کسی خطرناک بیماری کا شکار ہیں یا تھے تو اس بیماری کی وجہ سے دوبارہ پریشانی کا سامنا ہوگا۔ شریک حیات کے ساتھ تھوڑی بہت اَن بَن ہوگی۔ اندرون ملک سفر کی کوشش کر رہے ہیں تو آپ کو کامیابی ملتی نظر آ رہی ہے۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس سے فائدہ آپ کی اُمید کے مطابق نہ ہوگا۔ آپ کی چند ایک خواہشات پوری ہوتی نظر آ رہی ہیں۔

سعد تاریخیں	5-6-22
نحس تاریخیں	8-15-21
لکی نمبر	6-4-8

دلو

عرصہ حکومت	20 جنوری تا 18 فروری
منسوبی کواکب	زحل، یورانس
منسوبی حروف	س، ش، ث، ص
خوش قسمت اعداد	8,6,3
خوش قسمت پتھر	نیلم، پکھراج، ہیرا
خوش قسمت دن	جمعرات، جمعہ، ہفتہ
خوش قسمت رنگ	نیلا، گلابی، ہرا

یکم تا 8 مارچ

اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف بھرپور رہے گی۔ اس سلسلے میں یار دوستوں سے بھی مدد لیں گے۔ رواں دنوں میں آپ کی توجہ علوم مخفی کی طرف زیادہ رہے گی۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ کام حل نہ ہو سکیں گے۔ کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں پریشانی کا سامنا رہے گا۔ لیکن اگر وہ محنت زیادہ کریں تو کسی نہ کسی حد تک منافع کمانے میں کامیاب رہیں گے۔ اندرون ملک سفر کرنے کے حوالے سے یہ وقت مناسب نہیں۔ شریک کار کی دولت سے آپ کو فائدہ ہوتا نظر نہیں آ رہا ہے۔ شادی، بیاہ اور دوسری تقریبات میں آپ کی شرکت کم رہے گی۔ گھریلو سکون میسر رہے گا۔

9 تا 16 مارچ

کاروبار کے سلسلے میں اندرون ملک تجارت کرنا فائدہ مند رہے گا۔ والد کے کام میں ان کا ہاتھ بٹائیں گے۔ گاہکوں کا آنا جانا لگا رہے گا۔ وہ مسئلہ جو ذہنی پریشانی کا باعث بنا ہوا تھا وہ حل ہو جائے گا۔ گھریلو مسائل کے حل ہونے کی کوئی اُمید نظر نہیں آتی۔ سیر وتفریح کے لیے جائیں گے۔ یہ سیر تاریخی مقامات کی بھی ہو سکتی ہے۔ اپنے حسن اور لباس کی طرف خاص توجہ دیں گے۔ کرایہ پر مکان لینے کے لیے موزوں وقت نہیں، کیونکہ اگر ان دنوں میں مکان لیا تو مکان کی مرمت اور مالک مکان کی وجہ سے کوئی نہ کوئی مسائل آتے رہیں گے۔ قانونی مقدمہ کا فیصلہ اگر ان دنوں میں ہونا ہے تو کوشش کریں کہ اس کو ملتوی کروا دیں، ورنہ نتائج پریشان کن آئیں گے۔

17 تا 24 مارچ

اولاد کی تربیت کی طرف آپ کی توجہ کم جائے گی۔ نیز اولاد قابو سے باہر ہوتی نظر آ رہی ہے۔ اپنی خواہشات اور اُمیدوں کو پورا کرنے میں مگن رہیں گے۔ علاوہ ازیں کامیابی کی کافی توقع ہے۔ گھریلو معاملات میں بہتری آئے گی۔ مالی

معاملات میں اونچ نیچ رہے گی۔ قرضہ لینے کی کوشش کر رہے ہیں تو ملنے کی اُمید نہیں ہے۔ حکومتی افسران آپ کے کام جلد اور آسانی سے حل کر دیں گے۔ انعامی سکیمیں، بانڈ، ریس وغیرہ کھیلتے ہیں تو ان سے نقصان کے سوا کچھ ملتا نظر نہیں آتا۔ وہ طالب علم جو پڑھائی کی غرض سے بیرون ملک جانے کی کوشش کر رہے ہیں ان کی محنت رنگ لاتی نظر آتی ہے۔ آپ اپنا وقت اور پیسہ عشق ومحبت جیسے کاموں میں ضائع کریں گے۔ آپ کا انداز گفتگو تلخ رہے گا۔

25 تا 31 مارچ

بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آتی نظر آرہی ہے۔ آپ کے فضول اخراجات میں کمی ہوگی۔ انعامی سکیمیں، بانڈ، لاٹری، میچ وغیرہ ہیں تو یہ آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ اولاد کے ساتھ ناراضگی ہے تو اب تعلقات استوار ہوں گے۔ کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں چھوٹے موٹے مسائل کا سامنا رہے گا۔ قانونی نوعیت کے درپیش مسائل کا فیصلہ پوری طرح آپ کے حق میں ہوتا نظر نہیں آرہا۔ شریک حیات کے ساتھ ناراضگی ہوگی، لیکن جلد صلح بھی ہو جائے گی۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ کاموں کے حل میں پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ساس ہیں تو بہو کے ساتھ تعلقات میں بہتری آتی نظر آرہی ہے۔

سعد تاریخیں	8-13-21-25
نحس تاریخیں	9-10-15
لکی نمبر	8-4-2

عرصہ حکومت	19 فروری تا 20 مارچ
منسوبی کواکب	مشتری، میچون
منسوبی حروف	ج، د

خوش قسمت اعداد	9'6'3
خوش قسمت پتھر	پکھراج، مرجان، مونگا
خوش قسمت دن	منگل، جمعرات، جمعہ
خوش قسمت رنگ	ہلکا براؤن، لال، نارنجی

یکم تا 8 مارچ

وہ افراد جنہوں نے کسی کو قرضہ دے رکھا ہے ان کو وہ رقم یا چیز واپس ملتی نظر آرہی ہے۔ معاشرے میں عزت ومقام رکھنے والے لوگوں سے ملنا جلنا ہوگا اور ان کی وجہ سے آپ کے کئی ایک کام بھی ہو جائیں گے۔ بینکوں سے وابستہ کام مقررہ وقت پر حل نہ ہو سکیں گے۔ آپ کا انداز گفتگو تلخ رہے گا۔ اندرون شہر پیدل سفر کریں گے۔ خوراک کی طرف بھی آپ خاص توجہ رکھیں گے۔ گھر کی تزئین و آرائش کی طرف آپ کوئی خاص توجہ نہ دیں گے۔ ذاتی کاروبار سے وابستہ افراد کے لیے کام کے حوالے سے یہ مناسب وقت ہے۔ ساس کے ساتھ تعلقات خراب رہیں گے۔

9 تا 16 مارچ

ماموں اور خالہ کے ساتھ تعلقات خراب رہیں گے۔ غیر ضروری اخراجات پر قابو پاتے نظر آرہے ہیں۔ صحت خراب ہے تو ڈاکٹر کے علاج کے ساتھ ساتھ روحانی علاج بھی کروائیں، اللہ کے فضل سے صحت یاب ہو جائیں گے۔ (اس سلسلے میں آپ ہمارے ادارے کی خدمات حاصل کر سکتے ہیں)۔ لڑائی جھگڑے جیسے کاموں میں دخل دیں گے جس کی وجہ سے آپ کے دشمنوں میں اضافہ ہوگا۔ مالی حالات میں بہتری یا کسی اور کام کے سلسلے میں بیرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو ان دنوں میں امکانات بن رہے ہیں۔ طالب علموں نے امتحانات یا ٹیسٹ دے رکھے ہیں تو ان کے نتائج رواں عرصے میں آتے ہیں تو وہ بہتر آئیں گے۔ سواری کی خریداری کے لیے یہ عرصہ بہترین ثابت ہوگا۔

17 تا 24 مارچ

منگنی، نکاح کرنے کے لیے موثر وقت نہیں ہے۔ وہ افراد جو رشتے کی تلاش میں ہیں ان کی بات چلتی نظر آرہی ہے۔ کاروباری افراد کو مالی فائدہ حاصل کرنے کے لیے سخت محنت کرنا ہوگی۔ ملازمت پیشہ افراد کو نوکری میں کسی قسم کی پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے تو آپ کے پاس وقت ہے کہ جب ان سے نجات حاصل کر سکتے ہیں۔ سفر کرنے کی منصوبہ بندی کر رہے ہیں تو اب آپ سفر کے لیے جا سکتے ہیں۔ یہ سفر سیر وتفریح کے لیے بھی ہو سکتا ہے اور تعلیم کے حصول یا کسی کام کے سلسلے میں بھی ممکن ہے۔ ساس کے ساتھ تعلقات خراب رہیں گے۔ اپنے کام خود کرنے کی کوشش کریں، کسی کی مدد لینا کام میں تاخیر کا باعث بنے گا، نیز وہ شخص آپ سے مخلص بھی نہ ہوگا۔

25 تا 31 مارچ

بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ ناراضگی ہے تو اب تعلقات میں بہتری آتی نظر آرہی ہے، لیکن چھوٹے بہن بھائیوں کے ساتھ تھوڑی بہت اَن بن رہے گی۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس سے فائدہ ہوتا نظر نہیں آرہا ہے۔ آپ کی خواہشات پوری ہوتی نظر آرہی ہیں۔ ملازمت پیشہ افراد کو نوکری میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا، لیکن مسائل جلد حل ہو جائیں گے۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو کوشش کریں آپ کو ملتا نظر آرہا ہے۔ نیز اس سلسلے میں اپنے یار دستوں اور بہن بھائیوں سے رابطہ کرنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو آپ کو کامیابی نہ مل سکے گی۔ سیر وتفریح کے پلان بنائیں گے لیکن جا نہ سکیں گے۔ صحت بہتر رہے گی اور بازاری کھانے بھی کھائیں گے۔ کوئی اشیاء گم ہوئی تھی تو رواں دنوں میں تلاش کریں واپس ملنے کی توقع ہے۔

سعد تاریخیں	1-22-28
نحس تاریخیں	13-19
لکی نمبر	1-4-5

☆☆☆☆☆

تحریر: حکیم صوفی غلام سرور شباب، اوکاڑہ

لوح حب تسخیر لاثانی مثل لیلیٰ و مجنوں

اس عظیم عمل کے ذریعے آپ طالب و مطلوب اور میاں بیوی مثل لیلیٰ و مجنوں عشق و محبت، حب و تسخیر پیدا کر سکتے ہیں کہ وہ مرتے دم تک ایک دوسرے سے جدا نہ ہوں گے۔ آپ کے دل میں اگر دوسروں پر حکومت کرنے یا اپنی محبوب و پسندیدہ چیزوں کو اپنے قابو میں لانے اور اثر و اقتدار میں رکھنے کی خواہش ہے تو یہ بے جا نہیں ہے۔ اس لئے کہ انسانی فطرت کا تقاضہ یہی ہے اور ہر انسان یہی چاہتا ہے کہ وہ دوسروں کے دلوں پر حکومت کرے۔ دوسروں پر حکمرانی کرنے، کسی کو اپنا مطیع و مسخر کرنا، اپنے پیاروں کو موہ لینے، مطلوب کو اپنی محبت میں بے قرار کرنے کی خواہش ہر فرد کے دل میں مچلتی رہتی ہے۔ اس خواہش کی تکمیل کے لئے عاشقان صادق نے کیا کیا جتن نہ کئے۔ شہزادہ قیس بنے، فرہاد نے پہاڑوں سے نہر کھود ڈالی، سوہنی دریا کی بے رحم موجوں کے سپرد ہوئی۔ وصال صنم کی خاطر محبت کے متوالوں نے کیا کچھ نہ کیا۔

پاکیزہ جذبوں کا نام محبت ہے
روحوں کے سنگم کا نام پیار ہے

اعداد کی طلسمی قوتوں کا صدیوں سے زمانہ معترف رہا ہے۔ اسلام کے آنے سے قبل بھی بعض قومیں ان کی مخفی طاقتوں سے واقف تھیں۔ اس امر کو جاننے کے لئے کہ اعداد کا آپ سے میں کیا تعلق ہے اور کون سے اعداد ایک دوسرے کے طالب ہوتے ہیں۔ علماء نے اس کے لئے حسابی اصول وضع کئے ہیں۔ ان ہی اصولوں سے اعداد متحابہ نکلتے ہیں۔ جو عملیات کی دنیا میں مشہور اعداد ہیں۔ یہ اعداد ایک دوسرے کے عاشق و معشوق ہیں۔ عاملین محبت اور جذب کے لئے ان سے مدد لیتے ہیں۔ ان اعداد میں قلوب انسانی کے لئے ویسی ہی قوت جاذبہ ہوتی ہے جیسی کہ مقناطیس میں لوہے کے لئے ہوتی ہے۔ اعداد متحابہ میں ایسی نسبت عاشقی و معشوقی کی ہے کہ ایک دوسرے کی طرف متحارک و متجاذب ہیں۔ کسی دو افراد کے ان کی لوح مندرجہ ذیل طریقہ سے تیار کی جائے تو ان دونوں شخصوں کے مزاج میں ایک دوسرے کے لئے عاشقیت و معشوقیت پیدا ہو جائے گی۔ اور وہ ایک دوسرے کی طرف مائل و راغب رہیں گے۔ عالملان جفر کا دعوی ہے کہ اعداد متحابہ یعنی رک (220) اور رفد (284) عشق و محبت، حب و تسخیر پیدا کرنے میں جادو کا حکم رکھتے ہیں۔

انہی اعداد سے لوح حب و تسخیر لاثانی بنانے کا طریقہ تفصیلاً تحریر کر رہا ہوں۔ مثال ایک حقیقی میاں بیوی کی ہے۔ اسی طریقہ کے مطابق ہر فرد اپنے لئے تیار کر سکتا ہے۔ میاں اپنی بیوی کے لئے اور بیوی اپنے خاوند کے لئے تیار کر سکتی ہے۔ اللہ کے [illegible] سے دونوں میں لیلیٰ و مجنوں کی طرح عشق و محبت پیدا ہو جائے گی۔

نام طالب معہ والدہ (بیوی)	نام مطلوب معہ والدہ (خاوند)
اعداد : ۱۹۹۹	اعداد : ۱۷۹۳
اعداد : رک : ۲۲۰	اعداد : رفد : ۲۸۴
اعداد : لیلیٰ : ۸۰	اعداد : مجنوں : ۱۴۹
اعداد : جاذب : ۷۰۶	اعداد : مجذوب : ۷۵۱
میزان: ۳۰۰۵	میزان: ۲۹۷۷
۳۰۰۵×عدد حبیب۲۲=۶۶۱۱۰	۲۹۷۷×عدد مطیع ۱۲۹=۳۸۴۰۳۳

آیت قرآنی عشق و محبت، حب و تسخیر کے لئے:

یحبو نهم کحب الله والذین امنوا اشد حبا لله

اعداد آیت=۱۴۹۳ ہر سہ اعداد کو جمع کیا تو مجموعہ یہ ہوا۔

۶۶۱۱۰ + ۳۸۴۰۳۳ + ۱۴۹۳ =۴۵۱۶۳۶ مجموعہ عدد اول لفظ

محبت=۴۵۰×۱۹=۸۵۵۰

لفظ شدید=۳۱۸×۱۵=۴۷۷۰

ہر دو اعداد کو جمع کیا تو مجموعہ یہ ہوا=۱۳۳۲۰ مجموعہ عدد دوم

مجموعہ عدد اول سے مجموعہ عدد دوم تفریق کیا=۴۵۱۶۳۶-۱۳۳۲۰=

۴۳۸۳۱۶÷۴=۱۰۹۵۷۹

نقش کی ترتیب اس طرح ہوگی۔

۱۰۹۵۷۹+۴۵۰عدد محبت=۱۱۰۰۲۹ ـــ خانہ نمبر۱	۱۱۰۰۹۹+۴۵۰عدد محبت=۱۱۰۴۷۹ ـــ خانہ نمبر۲
۱۱۰۴۷۹+۳۱۸عدد شدید=۱۱۰۷۹۸ ـــ خانہ نمبر۳	۱۱۰۷۹۷+۳۱۸عدد شدید=۱۱۱۱۱۵ ـــ خانہ نمبر۴
۱۱۱۱۱۵+۴۵۰عدد محبت=۱۱۱۵۶۵ ـــ خانہ نمبر۵	۱۱۱۵۶۵+۴۵۰عدد محبت=۱۱۲۰۱۵ ـــ خانہ نمبر۶
۱۱۲۰۱۵+۳۱۸عدد شدید=۱۱۲۳۳۳ ـــ خانہ نمبر۷	۱۱۲۳۳۳+۳۱۸عدد شدید=۱۱۲۶۵۱ ـــ خانہ نمبر۸
۱۱۲۶۵۱+۴۵۰عدد محبت=۱۱۳۱۰۱ ـــ خانہ نمبر۹	۱۱۳۱۰۱+۴۵۰عدد محبت=۱۱۳۵۵۱ ـــ خانہ نمبر۱۰
۱۱۳۵۵۱+۳۱۸عدد شدید=۱۱۳۸۶۹ ـــ خانہ نمبر۱۱	۱۱۳۸۶۹+۳۱۸عدد شدید=۱۱۴۱۸۷ ـــ خانہ نمبر۱۲
۱۱۴۱۸۷+۴۵۰عدد محبت=۱۱۴۶۳۷ ـــ خانہ نمبر۱۳	۱۱۴۶۳۷+۴۵۰عدد محبت=۱۱۵۰۸۷ ـــ خانہ نمبر۱۴
۱۱۵۰۸۷+۳۱۸عدد شدید=۱۱۵۴۰۵ ـــ خانہ نمبر۱۵	۱۱۵۴۰۵+۳۱۸عدد شدید=۱۱۵۷۲۳ ـــ خانہ نمبر۱۶

۷۸۶

۱۱۰۰۲۹	۱۱۵۰۸۷	۱۱۳۸۶۹	۱۱۲۶۵۱
۱۱۴۱۸۷	۱۱۲۳۳۳	۱۱۰۴۷۹	۱۱۴۶۳۷

۱۱۰۷۹۷	۱۱۵۷۲۳	۱۱۳۱۰۱	۱۱۲۰۱۵
۱۱۳۵۵۱	۱۱۱۵۶۵	۱۱۱۱۱۵	۱۱۵۴۰۵

لوح حب وتسخیر لاثانی مکمل ہوئی اسے کسی سعدترین وقت میں زعفران و گلاب سے تیار کردہ روشنائی سے سفید کاغذ پر تحریر کریں۔ تیاری کے وقت اچھی خوشبو والی اگربتی روشن کریں۔ پھر اسے عنبر کی خوشبو لگا کر تہہ کر کے تعویذ بنا کر کسی دھات کی تختی میں بند کرا کے اپنے گلے یا بازو میں پہن لیں۔ یہ لوح ان میاں بیوی کے لئے مانند اکسیر ہے۔ جن کی آپس میں ذہنی ہم آہنگی نہیں ہے۔ جو ایک دوسرے کے جیون ساتھی تو ہیں مگر ایسے ہیں جیسے ندی کے دو کنارے جو ایک ساتھ رہتے ہوئے بھی لذت وصال سے محروم ہوتے ہیں۔ وہ میاں بیوی جن کی صبح وشام ذرا ذرا سی باتوں پر تکرار شروع ہو کر لڑائی جھگڑے روزانہ کا معمول بنتے ہوں اور ناچاقی کی وجہ سے زندگی اجیرن ہو چکی ہو۔ ان کے لئے یہ لوح ایک خاص نعمت ہے۔

ان بچیوں کے لئے جن کے خاوند غیر عورتوں سے ناجائز تعلق رکھتے ہوں اور سلیقہ شعار خوب صورت بیگمات کی ذرا بھی پرواہ نہیں کرتے۔ ان کے لئے لوح حب وتسخیر لاثانی نوید مسرت ہے۔ وہ عورتیں جنہوں نے خاوند اور سسرالی لوگوں کی دن رات خدمت کی مگر پھر بھی خاوند کی محبت حاصل نہ کر سکیں۔ ان کو خاص طور پر یہ لوح تیار کر کے اپنے پاس رکھنا چاہیے تاکہ وہ خاوند کی آنکھوں کا تارا بنی رہیں۔ المختصر یہ کہ لوح حب وتسخیر لاثانی خاوند بیوی کے لئے اور بیوی خاوند کے لئے، والدین اپنی اولاد کیلئے۔ اور ایسی کنواری بچیاں جن کی منگنی ہو چکی ہے اور منگیتر آنکھیں پھیر چکا ہو، اپنے منگیتر کے لئے لوح تیار کر سکتی ہیں تاکہ وہ دوبارہ رجوع کرے۔ جن کا نکاح ہو چکا ہو مگر رخصتی نہ ہو رہی ہو۔ ان کے لئے بھی یہ لوح بے نظیر ہے۔ اپنے خاوند کے لئے تیار کریں تاکہ وہ مائل ہو کر رخصتی پر زور دے۔ ایسی عورتیں جن کے خاوند بیرون ملک ایک عرصہ سے رہ رہے ہوں اور بیوی بچوں کی طرف ان کی توجہ کم ہو گئی ہو۔ وہ عورتیں اپنے خاوند کو مائل کرنے کے لئے اس لوح سے فائدہ عظیم حاصل کر سکتی ہیں۔ اسی طرح جائز محبت کے تمام امور میں یہ لوح الاثر ہے۔

ترقی رزق اور خیرو برکت

ہر قسم کی دوکان مثلاً جنرل سٹور، میڈیکل سٹور، کلاتھ مرچنٹ، بک ڈپو، کریانہ مرچنٹ، غرضیکہ تمام قسم کے کاروبار جہاں لوگ مختلف چیزیں خریدتے ہوں۔ تمام کاروبار میں گاہکوں کو کشش کرنے کے لئے یہ عمل اپنی مثال آپ ہے۔ جس دکان، دفتر یا فیکٹری میں یہ طلسم آویزاں ہوگا۔ وہاں خریدار مکھیوں کی طرح جمع ہوتے ہیں اور سامان خوب خریدتے ہیں۔ اس طرح کاروبار اور رزق میں خوب ترقی اور خیرو برکت ہوتی ہے۔ عروج ماہ میں بروز خمیس سفید کاغذ پر جلی قلم سے سیاہ روشنائی سے تحریر کریں اور اس پر حرف ایک مرتبہ دعائے برہتیہ پڑھ کر دم کر دیں اور اسے کاروبار کی جگہ پر آویزاں کریں کہ آنے والے کی نظر پڑے۔ انشاء اللہ تعالیٰ گاہک خوب آئیں گے اور ترقی رزق اور خیرو برکت بہت زیادہ ہوگی۔ طلسم یہ ہے

۷۸۶۔ ۹۱۴۸ دبح ۴۱ ۳ ۱۱۱ ۱۱۴۹ ۱۱۱۱۹ وط ۱۱۸۴۱۱۱۴۹۸۸

طائرہ م مہما ۱۸۴۱۱۱۴۴ الاہو واذن فی الناس بالحج یا توك رجالا وعلیٰ کل ضامر یا تین من کل فج عمیق احیبو خدام ھذه الا سماء من اولاد آدم وبنات حواء بحلب الذہون الیٰ ھذا الدکان کمش، دممش، کرکوش، غرشوش، حوالش، حبرالبس، حفطمس، کناعولش، العرش، کاخ، ھباخ، ھبروخ، احیبوا بارك الله فیکم و علیکم

تحریر: فقیر محمد افضل، ڈیرہ غازی خان

عملیاتِ افضل

محترم قارئین کرام ماہانہ راہنمائے عملیات السلام علیکم! عملیات برائے عملیاتِ افضل کے اعنوان سے عملیات کے شائقین حضرات کو یقیناً میری کاوش ضرور پسند آئے گی۔ جائز کاموں میں ان اعمال کی اجازت دیتا ہوں۔ ناجائز کاموں میں یہ فائدہ نہ دے گی۔

عمل برائے بندش ڈالنا

اگر کسی کا سفر اور نکاح بند کرنا مقصود ہو تو یہ عمل کریں۔ یہ آیت پتھر پر لکھ کر نیچے مطلوب اور اس کی ماں کا نام لکھیں۔ اوپر مقصد لکھیں اور دریا میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ اپنے جائز مقصد میں کامیاب ہوں گے۔ عمل یہ ہے۔ یا موسیٰ انا کن ند خلها ابلاً ما دا موفیھا فاذھب انت و ربک نقاتلاً ایاھھنا قاعدون۔ یہ عمل تین دن کرنا ہے۔

عمل برائے بندش کا توڑ

اگر کوئی آدمی بندش کا شکار ہو۔ کہیں سے فائدہ نہ مل رہا ہو۔ تو یہ عمل گیارہ دن کریں۔ انشاء اللہ اپنے مقصد میں کامیاب ہوں گے۔ عمل یہ ہے 11 مرتبہ درود شریف، 7 مرتبہ سورۃ اخلاص، 7 مرتبہ سورۃ فلق، 7 مرتبہ سورۃ الناس۔ پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر پانی پر دم کریں۔ پانی دکان ومکان کے کونوں میں ڈالیں۔ انشاء اللہ اپنے مقصد میں کامیاب ہوں گے۔

عمل برائے نظر بند

اگر کوئی نظر بد کا شکار ہو تو نظر ٹوٹنے کا نام نہیں لے رہی ہو تو یہ عمل 7 دن کریں۔ انشاء اللہ اپنے مقصد میں کامیاب ہوں گے۔ عمل یہ ہے۔ سورۃ فلق 101 مرتبہ، سورۃ الناس 101 مرتبہ پڑھ کر چاروں طرف اور اپنے جسم پر پھونک ماریں۔

تحریر: حکیم ریاض احمد شہزاد، بھمبر

واپسی مال

آج اس مادی دور میں ایسے ایسے مسائل جنم لے رہے ہیں کہ حل ہوتے ہوئے نظر نہیں آتے۔ انسان دن رات ایسی پریشانی میں مبتلا ہے اور ایسی پریشانی میں دن رات کا سکون برباد ہوگیا ہے۔ بددیانت کسی سے اگر کوئی چیز لے لیں تو واپس نہیں کرتے۔ اگر تقاضا واپسی کا کیا جائے تو سوائے پریشانی و پشیمانی کے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔ یہاں تک دیکھا گیا ہے کہ مقدمہ بازی شروع ہوجاتی ہے۔ رقم کی واپسی کے علاوہ بھی ایسے معاملے بھی ہیں۔ جن میں جائیداد کی ضبطی، دوکان، مکان، پلاٹ کا ناجائز قبضہ ایسے بے شمار مسائل ہیں۔ جھوٹے کیس میں الجھانا۔ دوسروں کو ناجائز تنگ کرنا، رسوا کرنا، شراکت داری میں فراڈ کرنا۔

اللہ نہ کرے کسی کے ساتھ ایسے ایسے مسائل پیش آئیں۔ اگر کسی شخص کے ساتھ اگر کوئی ایسا واقعہ پیش آیا ہو۔ تو وہ اس عمل پر عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا۔

عمل:

ماشاء اللہ ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم ۔ ہر نماز کے بعد 11 مرتبہ درود پاک 3 بار اول و آخر پڑھیں۔ اور ساتھ ہی یہ نقش بھی اپنے پاس رکھیں۔

چال نقش

۱	۱۴	۲	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

۷۸۶

ماشاء اللہ

جبرائیل

۵۵۲	۵۶۵	۵۶۲	۵۵۹
۵۶۳	۵۵۸	۵۵۳	۵۶۴
۵۵۷	۵۶۰	۵۶۷	۵۵۴
۵۶۶	۵۵۵	۵۵۶	۵۶۱

میکائیل

یاالٰہی فلاں معاملے میں مجھے مدد فرما بحق این نقش العجل الساعۃ الوحا

اس کلمہ کو ۲۲۳۸ بار اول و آخر ۳ بار درود پاک پڑھ کر نقش کو دم کردیں۔ نقش کو ناپاکی سے بچائیں عمل کو راز میں رکھیں۔ نقش کو اپنے پاس رکھیں۔ ضرورت نہ ہو تو گھر میں بحفاظت رکھ دیں۔ رات کو سونے سے پہلے اتار دیں۔

نوچندی جمعرات جب ستارہ مشتری نحوست سے پاک ہو۔ شرف قمر میں ساعت قمر میں تیار کرسکتے ہیں۔ نوچندہ اتوار کو بھی تیار کرسکتے ہیں۔ جس ستارہ کی ساعت میں تیار کریں تو اُس ستارہ کا بخور وخوشبو استعمال کریں۔

نوٹ:

یہ ضروری نہیں ہے کہ کسی نے کوئی جائیداد ضبط کی ہو یا کوئی چیز لے کر واپس نہ کرتا ہو۔ اُس کیلئے عمل ہے۔ بلکہ اگر مقدمہ عدالت میں چل رہا ہو یا کسی سے خطرہ ہو کہ وہ ناجائز مقدمہ کرنے والا ہے۔ یا جائیداد ضبط کرنے والا ہے۔ اس عمل کو اپنی حفاظت کیلئے پڑھ سکتے ہیں۔

بہت مفید عمل ہے۔ تجربہ شرط ہے۔ جس کام کیلئے پڑھیں۔ اُس شخص کا تصور اور اس کام کا تصور رکھیں۔ اپنی دعاؤں میں ہمیں ضرور یاد رکھیں۔ دعا گو۔

تحریر: یونس مسعود، لاہور

جادو کا مختصر تعارف:

''ایسا علم جس کے ذریعے عجیب افعال اور خارقِ عادات اعمال امدادِ الٰہی کے بغیر ظہور میں آجائیں، جادو کہلاتا ہے۔''

جادو کو سمجھنے کے لئے اللہ تعالیٰ کی دو صفات ''ارادہ'' اور ''مشیت'' کو سمجھنا ضروری ہے۔ ارادہ کے معنی ہیں کسی امر (کام) کا قصد کرنا جس میں رضا شامل ہو، مشیت میں رضا شامل نہیں ہوتی۔ عام اسباب کی تخلیق اللہ تعالیٰ کی مشیت کے تحت عمل میں آتی ہے، جبکہ بعض اسباب کا ظہور صرف مشیتِ حق کے ماتحت ہوتا ہے جس میں اس کی رضا شامل نہیں ہوتی۔ مثال کے طور پر ایک بدکار آدمی بدکاری کرتا ہے تو اس کے نامۂ اعمال میں گناہ لکھ دیا جاتا ہے۔ یا تو اس کے بداعمال کی شامت اس پر دنیا میں پڑتی ہے یا پھر آخرت میں اس کے لئے عذاب تیار ہو جاتا ہے اور یہ سارا سلسلہ حق تعالیٰ کی مشیت سے وقوع پاتا ہے مگر حق تعالیٰ اس پر راضی نہیں ہوتا۔ وہ راضی اس طرح تھا کہ وہ شخص پرہیزگار رہتا اور جنت کا مستحق بنتا۔ دوسرے لفظوں میں اسے ظہور میں لانے کا حق تعالیٰ نے ارادہ نہیں کیا، البتہ یہ اس کی مشیت تھی۔ جادو کا معاملہ بھی بالکل اسی طرح ہے۔ جن اسباب سے جادو کے عجائبات ظاہر ہوتے ہیں وہ اللہ تعالیٰ کی مشیت کے ماتحت ہوتے ہیں، اللہ تعالیٰ کے ارادے سے نہیں، یعنی حق تعالیٰ اس پر راضی نہیں۔ اس لئے ان اسباب کو اختیار کرنا قانونِ الٰہی میں حرام اور بڑا گناہ ہے، مگر کیونکہ یہ مشیتِ الٰہی کے ماتحت ہے اس لئے ان کا ظہور ہو جاتا ہے۔

احادیث میں آیا ہے کہ جب انسان کوئی گناہ کرتا ہے تو اس کا ایمان ایک سائبان کی شکل میں اس کے وجود سے نکل کر سر کے اوپر آجاتا ہے اور جب وہ گناہ کر لیتا ہے تو پھر واپس آجاتا ہے۔ **(بخاری الصحیح، کتاب الحدود باب اثم الزناة، حدیث: ٦٨١٠)** ۔ مگر ''جادو'' ایسا گناہ ہے جس کے نتیجے میں انسان کا ایمان مستقل طور پر چلا جاتا ہے اور وہ مسلمان سے کافر ہو جاتا ہے، اس کا عملی مظاہرہ بھی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے دور میں ہوا تھا۔ جادو کا اس قدر بڑا گناہ ہونے کی وجہ سے شریعت اسلامی میں اس کی سزا بھی اسی قدر سخت ہے۔ اسلامی قوانین کی رُو سے جادو کرنے یا کرانے والے کو قتل کر دینے کی سزا ہے۔ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی نظر میں تو جادوگر مرتد سے بھی بڑا مجرم ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ایک مرتد کا جرم صرف اس کی ذات تک محدود رہتا ہے جبکہ جادوگر کی وجہ سے پورا معاشرہ فساد کی لپیٹ میں آجاتا ہے۔ (خیال رہے کہ شریعت کی سزائیں دینا عوام کا کام نہیں بلکہ حکومت وقت کی ذمہ داری ہے، اگر عام لوگ سزا دینا شروع کر دیں گے تو وہ یقیناً گناہ کے مرتکب ہوں گے)۔

کچھ لوگ کہتے ہیں کہ ''جادو برحق ہے۔'' جبکہ حقیقت یہ ہے کہ جادو ''برحق'' نہیں بلکہ ''بااثر'' ہے۔ اس بات کو ہم ایک مثال سے سمجھ سکتے ہیں۔

موسیٰ علیہ السلام اور فرعون کے جادوگروں کا جب مقابلہ ہوا تو قرآن نے اسے یوں بیان کیا: ''پھر جب انھوں نے (اپنی رسیوں اور لاٹھیوں کو زمین پر) ڈالا (تو انھوں نے) لوگوں کی آنکھوں پر جادو کر دیا اور انہیں ڈرا دیا اور وہ زبردست جادو (سامنے) لے آئے۔ اور ہم نے موسیٰ علیہ السلام کی طرف وحی فرمائی کہ (اب) آپ علیہ السلام اپنا عصاء (زمین پر) ڈال دیں تو وہ فوراً ان چیزوں کو نگلنے لگا جو انہوں نے فریب کاری سے وضع کر رکھی تھیں۔ پس حق ثابت ہو گیا اور وہ جو کچھ کر رہے تھے (سب) باطل ہو گیا۔ سو وہ (فرعونی نمائندے) اس جگہ مغلوب ہو گئے اور ذلیل ہو کر پلٹ گئے۔''

(الاعراف، ٧:١١٦۔١١٩)

ان آیات سے ثابت ہوتا ہے کہ جو چیز حق کے سامنے ختم ہو جانے والی ہے وہ بااثر تو ہو سکتی ہے مگر برحق ہرگز نہیں ہوتی۔ جس یہودی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر جادو کیا تھا وہ حق پر نہیں بلکہ باطل پر تھا، کیونکہ جب قرآن مجید کی آخری دو سورتیں سورۃ الفلق اور سورۃ الناس نازل ہوئیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے جادو کا اثر ختم ہو گیا (اس واقعے کی تفصیل آگے آرہی ہے)۔ اس لیے جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ جادو برحق ہے وہ غور کریں کہ برحق وہ چیز ہوتی ہے جو اللہ جل جلالہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے احکامات کی نفی نہ کرے۔ اگر کوئی فعل جادوگر کی طرف سے ہوتا ہے تو وہ بااثر تو ہو سکتا ہے برحق ہرگز نہیں ہو سکتا۔

جادو کے لغوی معانی:

جادو کو عربی زبان میں ''سحر'' کہتے ہیں۔ لغت میں سحر کے معنی پوشیدہ اور مخفی چیز کے ہیں۔ اسی مناسبت سے صبح کے وقت کو بھی اس لئے سحر کہا جاتا ہے کیونکہ ابھی دن کی روشنی پوشیدہ ہوتی ہے۔ سحر کی تعریف مختلف لغات میں کچھ

یوں کی گئی ہے:

۱۔ الازہری تھذیب اللغه میں لکھتے ہیں: ''سحر کسی چیز کو اس کی حقیقت سے پھیر دینے کا نام ہے۔''

(الازهری، تهذیب اللغه:۴/ ۲۹۰)

۲۔ ابنِ فارس سحر کے معنی بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں: ''ایک قوم کا خیال یہ ہے کہ سحر باطل کو حق کی شکل میں پیش کرتا ہے۔''

(مقابیس اللغه:۸۰۷۔ المصباح:۲۶۷)

۳۔ صاحب بحر المحیط کا کہنا ہے: ''سحر یہ ہے کہ کسی چیز کو بہت خوبصورت بنا کر پیش کیا جائے تا کہ لوگ اس سے حیران ہو کر رہ جائیں۔''

(بحر المحیط:۳۹۹)

۴۔صاحب المعجم الوسیط کا کہنا ہے: ''سحر وہ ہوتا ہے، جس کی بنیاد لطیف اور انتہائی باریک ہو۔''

(المعجم الوسیط:۱/ ۴۱۹)

جادُو کے اِصطلاحی معانی:

اصطلاح میں سحر یا جادو سے مراد ایسے عجیب وغریب کام ہیں جن کے وجود میں آنے کے اسباب دکھائی نہ دیتے ہوں۔ امام ابنِ قدامه المقدسی رحمة الله علیه کہتے ہیں: ''جادو ایسی گرہوں اور ایسے دم درود اور الفاظ کا نام ہے جنہیں بولا یا لکھا جائے یا یہ کہ جادوگر ایسا عمل کرے جس سے اس شخص کا بدن یا دل یا عقل متاثر ہو جائے جس پر جادو کرنا مقصود ہو۔''

صاحب المغنی کا کہنا ہے: ''اور جادو واقعتاً اثر رکھتا ہے۔ چنانچہ جادو سے کوئی شخص قتل بھی ہو سکتا ہے، بیمار بھی ہو سکتا ہے اور اپنی بیوی کے قرب سے عاجز بھی آ سکتا ہے، بلکہ جادو خاوند بیوی کے درمیان جدائی بھی ڈال سکتا ہے اور ایک دوسرے کے دل میں نفرت بھی پیدا کر سکتا ہے اور محبت بھی...''

(المغنی:۱۰/ ۱۰۴)

صاحب لِسَانُ العَرب لکھتے ہیں: ''جادو وہ عمل ہے جس میں شیطان کا قرب حاصل کیا جائے اور اس کی مدد سے کوئی کام کیا جائے...''

(لسان العرب:۴/ ۲۴۹)

جبکہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمة الله علیه کا کہنا ہے: ''جادو ایسے اِنفعال واعمال کا علم ہے جس کے ذریعے انسان شیطان کا قرب حاصل کرتا ہے۔ شیطان اس کے تابع ہو جاتے ہیں اور اس کے مطابق اس کی مدد کرتے ہیں...''

(تفسیر مظهری:۱/ ۱۸۷)

جادُو کا دُوسرا معنیٰ:

جادو کا لفظ (جسے عربی میں ''سحر'' کہتے ہیں) کا استعمال صرف منفی معنوں میں استعمال نہیں ہوتا بلکہ بعض صورتوں میں اس لفظ کا اطلاق محاورتاً بھی ہوتا ہے۔ مثلاً

۱۔ کوئی بہت زیادہ حسین یا انتہائی پرکشش ہو تو کہتے ہیں: ''اس کی شخصیت تو سحر انگیز ہے''۔

۲۔ کوئی شخص کسی شعبے میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرے اور اس کی کارکردگی سے بہت سے لوگ متاثر ہوں تو کہتے ہیں: ''کیا جادوئی شخصیت ہے'' یا ''اس نے تو جادو ہی کر دیا۔''

۳۔ کسی شاعر کا کلام بہت اچھا ہو تو کہا جاتا ہے کہ ''اس نے تو اپنے کلام سے لوگوں کو مسحور کر دیا۔''

۴۔ کسی خوبی، وصف یا صفت کو اگر بہت بڑھا چڑھا کر بیان کیا جائے تو اس کے لیے بھی ''جادو'' کا لفظ استعمال کیا جاتا ہے، جیسے آواز کا جادو، عشق کا جادو، نظر کا جادو، حسن کا جادو وغیرہ۔

جادو کے ان معانی سے وہ جادو مراد نہیں ہوتا جو جادوگر کیا کرتے ہیں بلکہ جادو یا سحر کا لفظ محاورتاً استعمال کیا جاتا ہے۔ انہی معنوں میں لفظ جادو یا سحر کا استعمال قرآن مجید اور احادیث میں بھی بکثرت ہوا ہے۔ مثال کے طور پر ایک حدیث کچھ اس طرح ہے:

''حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ۹ھ میں دو آدمی مشرق کی طرف (ملک عراق) سے مدینہ آئے اور لوگوں سے خطاب کیا۔ لوگ ان کی تقریر سے بہت متاثر ہوئے تو رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''بعض تقریریں بھی سحر آمیز (جادو بھری) ہوتی ہیں''، یا یہ فرمایا کہ ''بعض تقریریں جادو ہوتی ہیں۔''

(بخاری، الصحیح، کتاب الطب، حدیث:۵۷۶۷)

...☆☆☆...

تحریر: گدی نشین سید عبدالخالق عباس، کراچی

ومن یوت الحعلمه فقد اوتی خیر اکثیرا (القرآن)

ترجمہ: اور جسے حکمت دانائی عطا کی گئی تو یقیناً اُسے دے دی گئی بہت بھلائی۔

سطور ذیل میں اعلیٰ قسم کے نسخہ جات پیش کر رہا ہوں۔

بالوں کی بیماریاں:

شیب غیر طبعی، بالوں کا قبل از وقت سفید ہونا۔

اس مرض میں وقت سے پہلے بال سفید ہو جاتے ہیں نزلہ کی زیادتی سے بال اکثر وقت سے پہلے سفید ہو جاتے ہیں۔ بلغم کی زیادتی کا نتیجہ بھی یہی ہوتا ہے فکروں کی کثرت نظر بد شیطانی گندے اثرات سے بھی ہوتے ہیں۔

بالوں کا گرنا انتشار الشعر یا تساقط الشعر:

بعض اوقات سر کے بال کثرت سے جھڑنے لگتے ہیں یہاں تک کہ سر پر ایک بال بھی نہیں رہتا۔ جن لوگوں میں وٹامن A,B کی کمی ہوتی ہے ان کے بال گرتے ہیں زحل کی نحوست سے بھی بال گرتے ہیں آج کل ہر انسان اس مرض سے پریشان ہے میں آپ کو نسخہ تحریر کر رہا ہوں۔ انشاء اللہ بال واپس آنا شروع ہو جائیں گے سفید بال کالے ہو جائیں گے اور مضبوط بھی۔

نسخہ شاہی خاص:

کلونجی کا تیل 30 ملی لیٹر، انڈے کی زردی کا تیل 30 ملی لیٹر، ناریل کا تیل 120 ملی لیٹر، ساحر بنا تاتی روغن 120 ملی لیٹر، کالا سرمہ (ڈلی والا) 5 گرام

اب ان تمام چیزوں کو ملا کر استعمال کریں اس کے استعمال سے بال گھنے، لمبے اور چمک دار ہو جاتے ہیں۔ نوچندی اتوار ساعت شمس میں سورہ فاتحہ 131 بار تیل پر دم کریں۔

احتباس طمث:

(حیض کا بند ہو جانا) یہ بیماری بہت عام اور تکلیف دہ ہے اس میں ماہواری بند ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے اور بہت سی تکلیفیں پیدا ہو جاتی ہیں صحت کی حالت میں ہر مہینے حیض آ جاتا ہے اس سے اس امر کا ثبوت ملتا ہے کہ عورت بلوغت کی حدود میں داخل ہو چکی ہے اور اگر حمل قائم ہو جائے تو رحم بچے کی حفاظت اور پرورش کر سکتا ہے حیض میں بے قاعدگی عورت کے جذبات میں برہمی سے پیدا ہو جاتا ہے اگر ایام میں بے قاعدگی ورم رحم کی وجہ سے ہوتی ہے تو پیڑوں میں بھاری پن اور درد محسوس ہوتا ہے اور حیض آنے کے وقت دشواری پیدا ہو جاتی ہے خون کی مقدار بھی کم ہوتی ہے رحم کے منہ بہت چھوٹا ہونے کی صورت میں حیض مشکل سے آتا ہے اور پہلے پیڑو میں درد معلوم ہوتا ہے۔

نسخہ شاہی:

بنولہ کی گری، شکر

ہموزن مکس کر کے سفوف تیار کریں 6 گرام دن میں دو بار لیں۔ اس نقش کو استعمال کریں۔

۷۸۶

۱۸	۴۸	۶
۱۲	۲۴	۳۶
۴۲	یاباسط	۳۰

استحاضہ:

(حیض کی زیادتی) عورتوں کی ماہواری کا خون زیادہ دنوں تک آتا ہے۔ اسے کثرت طمث یا حیض کی زیادتی کہا جاتا ہے یہ شکایت اکثر اس وقت ہوتی ہے جب رحم میں سرطان ہو جاتا ہے یا رحم کی ساخت ریشوں میں تبدیل ہو جاتی ہے رحم میں پھنسیاں پیدا ہو جانے سے بھی حیض زیادہ آنے لگتا ہے رحم کا آگے یا پیچھے کو جھک جانا بھی کثرت طمث کا باعث ہے۔

نسخہ شاہی:

گیرو، سنگ جراحت ہر ایک 30 گرام

باریک سفوف بنالیں 6 گرام دن میں دو بار لیں۔ 15 دن تک۔

سامنے کی طرف

۷۸۶

عه	عه	عه	عه
۹۱	۱۹	۱۹	۱۹
۹	۹	۹	۹
۷	۷	۷	۷

پشت کی طرف

۷۸۶

س	ق	ض	و
س	ق	ض	و
س	ق	ض	و
س	ق	ض	و

اللھم صلی علی سیدنا محمد

کمر میں باندھے لال کپڑے میں موم جامہ کر کے صدقہ دیں۔

فشار الدم، بلڈ پریشر:

ایک 21/20 سالہ صحت مند آدمی کے خون کا طبعی دباؤ 111.5 ملی میٹر سیمابی دل کے سکڑنے کی حالت میں ہوتا ہے اور 72.4 ملی میٹر سیمابی دل کے پھیلنے کی صورت میں ہوتا ہے اگر بیس سال کی عمر میں تندرست نوجوان کے خون کا دباؤ اس سے زیادہ یا کم ہو تو سمجھنا چاہیے کہ بیماری موجود ہے اگر دباؤ ہو کر لگاتار قائم رہے تو اسے ہائی بلڈ پریشر یعنی خون کے دباؤ کی زیادتی سے موسوم کیا جائے گا تندرستی میں عام طور پر خون کا دباؤ کم یا زیادہ ہوتا رہتا ہے جسمانی حرکات اور غم و غصہ اور غذا کے باعث اس میں کمی بیشی ہوتی رہتی ہے۔ غصہ اور جوش کی حالت میں دباؤ بڑھ جاتا ہے ٹھنڈا پانی پینے سے سرد پانی سے نہانے پر بھی دباؤ زیادہ ہو جاتا ہے۔ بلڈ پریشر معلوم کرنے کا ایک آلہ ملتا ہے اس سے بہت آسانی سے خون کا دباؤ دیکھا جاسکتا ہے۔ ہر عمر میں خون کا دباؤ مختلف ہوتا ہے ہائی بلڈ پریشر کے مریضوں کو دماغی اور جسمانی محنت فکرو پریشانی انڈے مچھلی شراب تمباکو چائے قہوہ اور کوک سے پرہیز کرنا چاہیے۔ ٹھنڈے پانی سے غسل بھی نہیں کرنا چاہیے۔ نیم گرم پانی سے نہانا چاہیے۔ سوتے وقت سر کے نیچے ذرا اونچا تکیہ رکھیں۔ پھلوں کا رس پینا اور بھوکا رہنا خون کے دباؤ کی زیادتی میں مفید ہے غذا سادہ اور زود ہضم ہو نیز کم مقدار میں کھائیں شلجم توری، لوکی، کرم کلہ اور پالک کھائیں اور نمک بہت کم کردیں۔

فشار الدم قومی (ہائی بلڈ پریشر):

معتدی بیماریوں آتشک، سوزاک، خسرہ، چیچک آنتوں اور گردوں کے نقائص میں خون کا دباؤ ضرور بڑھ جاتا ہے قبض کو فوراً دور کرنا چاہیے اور جسمانی و دماغی محنت فوراً ترک کردیں۔

نسخہ شاہی:

سفیدے کے دس پتے پانی میں جوش دیں ایک کپ رہ جائے پانی پائیں سات دن تک۔ پینے سے پہلے 131 بار یا سلام پڑھیں۔ دم کر کے پئیں۔ نقش لال کپڑے میں موم جامہ کر کے گلے یا بازو پر باندھیں ساعت مریخ پہلی میں تیار کریں۔

اح ور س ص ط ع ک ل م وہ

۱۴۲	۱۲۸	۱۳۵	۱۳۸
۱۳۴	۱۳۹	۱۴۱	۱۲۹
۱۳۶	۱۳۳	۱۳۰	۱۴۴
۱۳۱	۱۴۳	۱۳۷	۱۳۲

فلاں بن فلاں ہائی پریشر کنٹرول ہو بحق حروف صوامت العجل السعۃ الوحا امین۔

خون کے دباؤ کی کمی (فشار خون ضعیف):

اس میں خون کا دباؤ اعتدال سے کم ہو جاتا ہے اور دل کے انقباض کا فعل سست پڑ جاتا ہے باریک رگیں یعنی عروق شعریہ کشادہ ہو جاتی ہیں۔ جسکی وجہ سے خون کا دباؤ کم ہو جاتا ہے آدمی دیر تک کھڑا رہنے سے تھکن محسوس کرتا ہے اور دماغی محنت کرنے سے بھی یہی کیفیت ہوتی ہے آنکھوں میں تاریکی چھا جاتی ہے اور پھر بے ہوشی آجاتی ہے۔

نسخہ شاہی:

آدھا سیب، آدھی گاجر، آدھی چقندر صبح نہار منہ کھائیں۔ ایک مہینہ تک اور ایک مٹی کے کوزے میں کشمش 21 دانے کوزے میں ڈالیں پانی ڈال کر رکھیں صبح رکھیں رات کو سونے سے پہلے 131 بار سلام قولا من رب رحیم پڑھ کر دم کریں۔ انشاء اللہ شفاء کامل عطا ہوگی۔

آخر میں اللہ رب العزت کے حضور دعا ہے کہ میری کوشش خاص جو خدمت خلق کی ترویج وترقی کے لیے قبول فرمائے اور مجھے آئندہ بھی محنت کی توفیق عطا فرمائے مجھے اور ادارے کے بانی محترم اور ادارے کے تمام لوگوں کو اپنی خاص دعاؤں میں یاد رکھیں۔

تحریر: ایم مصدق قریشی، ایبٹ آباد

حاضرات الروح

اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ وہ روحوں سے ہم کلام ہو تو چاہیے کہ نوچندی اتوار سے عمل شروع کرے۔ یہ دس روز کا عمل ہے۔ اس کے بعد عامل ہو جائے گا۔

عمل ذیل ہے۔ دس رکعت نفل بعد از نماز عشاء پڑھنا ہے نیت کے بعد سورۃ فاتحہ پڑھے پھر وَلَوْ اَنَّ قُرانًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰى بَلْ لِلّٰهِ الاَمْرُ جَمِيعًا۔ سو مرتبہ پڑھے۔ واضح رہے کہ سورۃ فاتحہ سے پہلے اور جب یہ آیات سو مرتبہ پڑھ لے تو 5+5 مرتبہ درود ابراہیمی پڑھنا بہت لازمی ہے۔ اس کے بعد سفید کپڑے یا کاغذ پر نیا غیر استعمال شدہ گلاس الٹا کر رکھ دیں۔ اور دو تین آدمی گلاس پر ایک ایک داہنے ہاتھ کی انگلی رکھ دیں۔ اب عامل اس آیت کو پڑھے گا تو گلاس حرکت کرے گا۔ اب اسے پوچھیں اس میں روح آ گئی ہے۔ جواب میں ہاں کا جواب مل جائے۔ اب اس عمل کی اجازت جناب اسحٰق راٹھور سے رابطہ لے لیں۔ اجازت کے بغیر شروع نہ کریں اپنے آپ خود ذمہ دار ہوں۔ بندہ بری الذمہ ہوگا۔

نوٹ:

تمام آدمیوں کا باوضو ہونا ضروری ہے۔

چارٹ یا کپڑے پر حروف تہجی۔

چارٹ پر جہاں گلاس حروف تہجی پر ٹھہرے۔ ان کو جمع کر کے جواب بنا لیں۔

ا ب پ ت ٹ ث ج چ
ح خ د ذ ر ز س ش ص ض
ط ظ ع غ ف ک ق گ ل م ن ء
ی ے
۰ ۹ ۸ ۷ ۶ ۵ ۴ ۳ ۲ ۱
ہاں — نہیں

استخارہ عجیب:

اتاولی اتارسول آتاولی آتارسول غیب کی بات بتا۔

یہ ایک عمل ہے۔ جب کوئی حاجت ہو، نہ معلوم امر کا معلوم کرنا مقصود ہو تو 11 روز تک بعد از نماز عشاء غسل کر کے دو گھنٹہ تک ورد کیا کریں۔ پھر کسی سے بغیر بات کئے سو جایا کریں۔ سوتے وقت اپنے مقصد کو بیان کریں۔ منہ قبلہ رخ رکھیں۔ جو حال معلوم ہو کسی سے نہ کہے اگر کوئی مطلب نہ کہے گا۔ تو غیب سے اہم خبریں ملیں گی۔ وہ کسی کو نہ بتانی چاہیے۔ جو حال معلوم ہو۔ اس پر عمل کریں۔ 11 روز ہر حال میں ورد کرنا ہے۔

مخفی صلاحیتیں پیدا کرنا:

کچھ عرصہ تک متواتر پڑھتے رہیں۔ فاطر السموات والارض پھر دیکھیں گے کہ آپ کے اندر کس قسم کی مخفی صلاحیتیں پیدا ہوتی ہیں۔ ان کا اظہار اس طرح سے ہوگا۔ آپ کی عقل حیران رہ جائے گی۔ اس کی اجازت اسحٰق راٹھور سے لے لیں۔

نادر عمل برائے فتوحات:

ہلال رمضان دیکھ کر کہو یا اسرافیل و یا میکائل و یاستار یا غفار اپنا مطلب دل میں رکھ کر سات بار ورد کرو۔ تاریخ رمضان 7 روز تک ناغہ نہ کرو۔ چاروں سمت سے دریائے فتوحات و برکات کھل جائیں گے۔ اس کے بعد ہمیشہ ہر چاند کے پہلے سات دنوں تک ایسا عمل کیا جائے۔ تو دوسرے رمضان چاند تک چلہ پورا ہو جاتا ہے۔ اس کی برکت سے اللہ تعالیٰ غنی بنا رہتا ہے۔ بہت دولت بخشتا ہے۔ اگر متواتر کرتا رہے تو لنگر جاری کرے۔

خواب میں ملاقات کرنا:

اگر کسی کا عزیز یا دوست انتقال کر گیا ہو۔ کوئی شخص اُسے خواب میں ملاقات کرنا چاہتا ہو۔ تو بروز جمعہ کے دن عصر کے اور مغرب کے درمیان باوضو رجال الغیب کو پشت پر رکھتے ہوئے نقش کو زعفران سے لکھیں۔ خدا نے چاہا تو مرحوم کی روح سے ملاقات ہوگی۔ تمام حال منکشف ہوگا۔ نقش کے نیچے اس کا نام مع

والدہ لکھیں۔ نقش باوضو لکھیں۔

نوٹ: اجازت کے لیے اپنے مکمل کوائف نام، والدہ نام اور جوابی لفافہ جس کے آپ کا پتہ مکمل تحریر ہو ارسال کریں۔ جس عمل کی اجازت درکار ہو صرف اس عمل کا نام لکھیں۔

الہامات جفر

تحویل آفتاب

تحریر: سید شعیب الرحمٰن شاہ، ایبٹ آباد

اس سال تحویل آفتاب 20 اور 21 مارچ کی درمیانی رات 3:46 منٹ پر قائم ہوگی۔ اس کی مناسبت سے راہنمائے عملیات کے قارئین کیلئے طلسم تسخیر خلق پیش کرتا ہوں۔ یہ طلسم تسخیر خلق۔ رجوع خلق تسخیر مستورات۔ محبت میں کامیابی کیلئے پرتاثیر ہے۔ وہ لوگ جو آئے دن محبت میں ناکام رہتے؟ شادی روک گئی؟ یا رشتے بن کر ٹوٹ گئے۔ لڑکا لڑکی بن بیاہ رہ گئے؟ تو یہ لوح ان کے لیے کامیابی کی ضمانت ہوگی۔ یہ طلسم خالص گولڈن کاغذ پر یا چاندی کی پلیٹ پر بنوا کر پاس رکھیں۔ جب یہ تیار ہو جائے اس پر 11 مرتبہ سورہ یوسف پڑھ کر دم کریں۔ اس کا ثواب حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم اور تمام اصحاب رسول کو بخشیں۔ یہ طلسم اگر خود تیار نہ کر سکے تو مجھ سے یا براہ راست ادارہ راہنمائے عملیات سے تیار کروائیں۔ آخر میں مجھ گنہگار سید شعیب الرحمٰن شاہ اور خالد اسحٰق راٹھور صاحب کے حق میں دعائے خیر کریں۔ اللہ پاک آپ سب کو برکت دے۔

حم حم حم حم عظیم

٧٨٦

٨	١١	٧٩٣٤	١
٧٩٣٣	٢	٧	١٢
٣	٧٩٣٦	٩	٦
١٠	٥	٤	٧٩٣٥

محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

محمد رسول اللہ

علم ازخودنویسی کیا ہے

ازخودنویسی سے مراد ایسی تحریر ہے۔ جو قلب باخبر سے کام لئے بغیر کی جاتی ہے۔ زیادہ واضح الفاظ میں ازخودنویسی ایسی تحریر کو کہتے ہیں۔ جس میں ہاتھ اور بازو کی جسمانی طاقت نادانستہ طور پر کام میں لائی جاتی ہے۔

اسی لئے اس قسم کی تحریر کے فن کا نام فن ازخودنویسی یا تحریر نادانستہ رکھا گیا ہے۔ ایسی تحریر کو شہود میں لانے کے لئے معمولی طور پر ایک پنسل ہاتھ میں لی جاتی ہے اور اُس کو ایک کاغذ پر رکھتے ہیں۔ تھوڑی ہی دیر میں معلوم ہوتا ہے کہ پنسل کو خفیف سی جنبش ہورہی ہے جس سے کاغذ پر کچھ نشانات پڑتے جاتے ہیں۔ رفتہ رفتہ یہ نشانات سلسلہ وار متواتر ہوتے جاتے ہیں۔ ان میں حلقے سے بن جاتے ہیں اور بعدازاں اُنہیں نشانات سے حروف پھر الفاظ اور اسی طرح آخرکار پورے جملے تحریر ہوجاتے ہیں۔

ازخودنویسی کا فن کیسے حاصل ہوسکتا ہے

ازخودنویسی کے لئے سب سے اچھا طریقہ یہ ہے کہ بازو کو اسی طرح رکھا جائے کہ میز سے بالکل علیحدہ رہے۔ اس سے چھونے نہ پائے یعنی کلائی، کہنی یا بازو کا کوئی حصہ اس سے مس نہ کرنے سے بہت جلد بازو میں تھوڑی سی تھکاوٹ محسوس ہونے لگتی ہے اور اس تھکاوٹ کے پیدا ہوتے ہی ازخودنویسی کا آغاز ہونے لگتا ہے۔

اس قسم کی تحریر کے لئے یہ نہایت ضروری ہے کہ عامل اپنے ہاتھ کی طرف سے اپنی توجہ بالکل ہٹالے یعنی اپنی قوت ارادی یا باخبری کو ہاتھ کی جنبش کے لئے ذرا بھی حرکت نہ دے۔ ہاتھ کو بالکل بے توجہی کے ساتھ خودبخود حرکت کے لئے چھوڑ دے۔ اپنی قوت ارادی کو کام میں لاکر کچھ نہ لکھو۔ ہاتھ اپنا کام خودبخود کرے۔ خواہ اس سے جو کچھ تحریر ہو وہ فضول اور لغو ہی کیوں نہ ہو۔

بعض لوگ پنسل کو اپنی پہلی اور دوسری اُنگلیوں کے درمیان رکھ کر آسانی سے ازخودنویسی کرلیتے ہیں۔ لیکن خیال رکھو کہ جس طریقے سے تم کو ازخودنویسی میں سہولت معلوم ہو۔ تم اسی طریقے کو کام میں لانا۔ دل ودماغ سے جہاں تک ممکن ہو۔ ہر قسم کا خیال دور کردو۔ کوئی لہر، کوئی خیال نہ اُٹھے۔ رفتہ رفتہ تم کو ایسا کرنے کے ساتھ ہی ساتھ دوسری چیت کرنے اور کتابیں پڑھنے وغیرہ کی مشق ہوسکتی ہے۔ ایک ہی وقت میں دوسری باتوں کی طرف بھی توجہ مائل کی جاتی ہے۔ ورد وہ تحریر بھی جاری رہ سکتی ہے۔ لیکن شروع شروع میں ایسا کرنا ممکن نہیں ہے۔ سب سے پہلی بات جو تمہیں کرنا چاہیے۔ وہ یہی ہے کہ دل میں کوئی ارادہ اور کوئی موج نہ پیدا نہ ہوسکے اور دوسری طرف نتائج کے لئے منتظر رہو۔

ازخودنویسی کی مشق کو ترقی دینے کے لئے روزانہ پندرہ یا بیس منٹ سے زیادہ نہیں بیٹھنا چاہیے اور اگر ممکن ہو تو ہر روز ایک ہی خاص مقررہ وقت پر بیٹھا کرو۔ ان دونوں قاعدوں کی پابندی دو باتوں کے لحاظ سے بہت ضروری ہے۔

اولاً تمہارے عالم ارواح کے دوست جو بلاشبہ ازخودنویسی کے فن میں مدد لینے کے لئے کوشاں رہتے ہیں۔ امداد کے لئے غیر معینہ وقت کے مقابل میں مقررہ وقت پر آسانی سے آتے ہیں اور خاص طور پر اگر تم ان کو آنے کے ٹھیک ٹھیک وقت بتادو۔ جب تم اپنی تحریر ختم کردو۔ تب باآواز بلند یہ کہہ دینا بہت اچھی ترکیب ہے۔ ''کہہ جائیے اور کل ہم آپ پیغاموں کے لئے اسی مقررہ وقت پر ملیں گے۔''

دوسری بات یہ ہے کہ وقت کا ایک خاص پیمانہ مقرر کردینا چاہیے اس کا کچھ حساب رہنا چاہیے۔ جب اس قسم کی ازخودنویسی کا فن حاصل ہوگیا۔ اور ایک مرتبہ روحوں نے آنا شروع کیا کہ لوگ نتائج میں بہت دلچسپی لینے لگتے ہیں۔ اور ہاتھوں کی تحریر کے لئے اس قدر بیتاب رہتے ہیں کہ پھر وقت کا کچھ لحاظ نہیں کرتے اور اگر کوئی خاص ضروری کام نہیں ہوتا۔ تو گھنٹوں ازخودنویسی کرتے اور جو پیغام موصول ہوتے ہیں۔ اُن کا جواب دیتے رہتے ہیں۔ اس سے نقصان پہنچنے کا احتمال ہے مشہور ومعروف جرنلسٹ اور روحانیت کے ماہر مسٹر ڈبلوٹی اسٹینڈ ایک جگہ بیان کرتے تھے اور کہتے تھے کہ ان کو جو کچھ کامیابی حاصل ہوئی۔ وہ انہیں دونوں نصیحتوں کی پابندی سے ہوئی۔ اب اسی بات کی وجہ سے اُن کو اپنی ازخودنوشتہ تحریروں میں کبھی کسی قسم کی دقت یا تکلیف کا سامنا نہیں ہوا۔

فن ازخودنویسی کی تکمیل

اس میں شک نہیں کہ ازخودنویسی لکھنے والے کے ہاتھ اور بازوں کی حرکت اس جسمانی قوت سے ہوتی ہے جو ماتحت باخبری کی حالت میں واقع ہوتی ہے زیادہ تر ایسا ہی ہوتا ہے۔ لیکن اتنا کہہ دینے سے ازخودنویسی کا راز اچھی طرح ظاہر نہیں ہوتا۔ جیسا کہ بعض لوگوں کا خیال ہے۔

اس امر کو تسلیم کرتے ہوئے کہ اصلی تحریر اسی طریقے سے کی جاتی ہے۔ ایک سوال جواب دینے کے لئے باقی رہ جاتا ہے اور وہ یہ ہے کہ وہ معلومات کہاں سے آتی ہیں۔ جو بذریعہ تحریر حاصل کی جاتی ہیں اور جن کو نوپسندہ کسی معمولی ذریعہ

سے حاصل نہیں کرسکتا تھا۔

مثال کے طور پر فرض کرلو کہ تم میز کے قریب بیٹھے ہو۔ پنسل ہاتھ میں ہے اور اس بات کا انتظار کررہے ہو کہ دیکھیں پنسل سے کیا تحریر ہوتا ہے۔ تمہارا ہاتھ لکھتا ہے۔ میں جیمس ولنغائن ہوں۔ میں آج سہ پہر کو 4 بجے ایک حادثہ میں جاں بحق ہوا۔ جو ویل کی سٹرک پر واقع ہوا تھا۔

یہ مانتے ہوئے بھی کہ تمہارے ہاتھ نے پنسل کو ایسا لکھنے کے لئے حرکت دی یہ خیال کرنا چاہیے کہ آخر یہ اطلاع کہاں سے آئی۔ تمہارے دل میں یہ خیال کیسے پیدا ہوا کہ یہ اطلاع تحریر کی جائے کہ جیمز ولنغائن جاں بحق ہوگیا۔ جو کچھ لکھا گیا۔ اُس کی تمہارے دل کو خبر کیسے ہوئی۔ صرف یہی سوال ہے۔ جس کا عمل دریافت کرنا ہے اور جن سائنسدانوں نے اس قدرتی وقوعہ کی تحقیقات اور اُس کی تشریح کرنے کی کوشش کی اُن میں سے اکثر مندرجہ بالا سوال کے جواب دینے سے منہ چھپا گئے۔ اور انہوں نے اس کو یک قلم بغیر حل کئے ہوئے چھوڑ دیا۔

متعدد دوسرے واقعات میں بھی یہ طاقت اس وقت سے زیادہ زور آور معلوم ہوتی ہے۔ جو صرف وسیلے یا عامل سے پیدا ہوسکتی تھی اور ایسی حالتوں میں بلاشبہ کسی بیرونی طاقت سے کام لیا گیا تھا۔ جیسا کہ اکثر جسمانی مکاشفات میں کیا جاتا ہے۔

پیغامات موصولہ کی صورت

جو پیغامات ہمیں موصول ہوں گے اُن میں سے اکثر بیشک پہلے پہل خواب کی طرح بے تکے اور غیر مسلسل معلوم ہوں گے اور اصل بات یہ ہے کہ یہ پیغامات خواب ہی ہوتے ہیں معمولی خوابوں میں اور اُن میں فرق ہے کہ خیالی دنیا میں دیکھنے کے بجائے تم انہیں اپنے ہاتھ سے قلمبند کرتے ہو مگر دونوں حالتوں میں تمہاری باخبری، بحالت خواب یعنی ماتحت باخبری ہی سے ان پیغامات یا خیالات کا سلسلہ شروع ہوتا ہے۔

بعض حالتوں میں مسلسل اور بامعنی پیغامات تحریر ہوتے ہیں۔ اور ممکن ہے کہ یہ معمولی پیغامات سے زیادہ فائق ہوں۔ اور خواب کی مانند یہ پیغامات بھی ٹیلی پیتھی (فاصلہ سے حالات دریافت کرنے کے علم) الہام یا روحانی رسل و رسائل کی شہادت دیتے ہیں۔ اکثر عاملان کو اُن کے پیغامات براہ راست از خود نویسی کے ذریعے سے حاصل ہوجاتے ہیں۔

دنیائے روحانیت میں سب سے زیادہ مشہور عامل میڈیم بوسٹن کی مسز پائیپر (Piper) کو اُن کے قریب قریب تمام پیغامات اسی طریقے سے موصول ہوئے تھے وہ از خود نویسی کے وقت سادھی یعنی گہرائی مراقبہ کی حالت میں پہنچ جاتی ہیں۔ اور اُن کو تھامنے کے لئے گدی یا تکئے کام میں لائے جاتے ہیں۔ مگر تمہارے لئے شروع شروع میں ایسی مراقبہ کی حالت میں پہنچ جانا ناممکن ہے۔ خواہ تمہاری طبیعت میں ایسا کرنے کا رجحان بھی کیوں نہ موجود ہو۔ اور اگر لکھتے وقت تم پر نیند کا غلبہ ہوجائے یا اونگنے لگو۔ تو تم اس حالت کو قبول کرلو یعنی نیند معلوم ہوتی ہے۔ تو فوراً سو جاؤ محویت طاری ہوجانے دو۔ اسی بے خودی کی حالت میں پہنچ جاؤ۔ ایسی حالت میں متعدد اچھے اچھے پیغامات موصول ہوتے ہیں۔

مگر مناسب یہ ہے کہ شروع شروع میں یہ حالت کسی تجربہ کار وسیلے یعنی روحانی عامل کے سامنے طاری کی جائے۔ جو اس سادھی یا مراقبہ کی کیفیت میں تمہارے سامنے موجود رہے۔ اور جو سوال کرے گا جس کا جواب تمہارے ہاتھ سے تحریر ہوگا۔

حالات جو دوران تحریر واقع ہوں

از خود نویسی کے شغل کے وقت نیند کا غلبہ اکثر ہوتا ہے۔ لیکن یہ ضروری نہیں کہ ہر شخص پر اس کا غلبہ ہو۔ بہت سے عاملوں کو جنہیں معرکہ آرا پیغامات اس طریقے سے وصول ہوتے ہیں کبھی استغراق کی حالت سے گزرنا نہیں پڑا۔ اور نہ وہ اُس حالت میں گزرنا چاہتے ہیں وہ از خود نویسی کے وقت شروع سے آخر تک معمولی حالت میں رہتے ہیں۔

جب تم از خود نویسی کا شغل شروع کرو گے تو تمہارے ہاتھ اور بازو میں بے حسی کی علامات نمایاں ہونے لگیں گی۔ یعنی ان کی قوت احساس زائل ہوجائے گی۔ اور اُس میں درد وغیرہ کسی چیز کا ذرا بھی احساس نہ ہوگا۔ یہ بیرونی اثرات سے بالکل بے خبر ہوجائے گا۔ تم کو شاید اس بات کی خبر نہ ہو۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ دفعتاً کبھی اس کا حال معلوم ہوجائے۔

ایک نہایت عمدہ تدبیر ہے کہ ایک دوست کو اپنے پاس بٹھاؤ۔ تمہاری طرف سے اس حالت کا مشاہدہ کرتا رہے گا۔

